تسخیر الارواح، جن، پری موکلات

تسخیرات

بحق

حضرت سلیمان علیہ السلام

عملیات وظائف و تعویزات

www.freeamliyaatbooksdf.com
Jahanzaib
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خاکپائے بزرگاں و دیر
مسلم اعظمی

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

فہرست

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
1	بسم اللہ شریف	82	آیت الکرسی ہے تجلیات نور ہی نور
13	یہ لفظ عاجزی ہیں	87	خوف سے حفاظت کے لئے
18	حضرت سلیمان علیہ السلام کے سوانح حیات	91	قرآن جنت آمد رحمت ﷺ
35	درود شریف	97	درود پاک ﷺ
36	شرائط عملیات	98	جنات در بارگاہ رسالت ﷺ میں
45	حضرت سلیمان علیہ السلام سحر جادو الزام اور حقیقت	102	اقسام جنات
		104	بحرمت اسم اعظم تخت بلقیس
48	قصہ ہاروت و ماروت	106	ذوالجلال والاکرام
57	رحمت ہی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم	109	آیت الکرسی
66	درود تاج	111	سورۃ فاتحہ
69	مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی	114	دیو، پریاں، موکلات
72	قوت ارادی اور یقین	116	مسلمان بادشاہ جنات
73	طہارت	118	جنات موکلات، پری انکی فاتحہ نذر و نیاز
74	خلوت	119	بادشاہ کا توشہ
76	بخورات اور نذر و نیاز	120	تجلیات سورہ جن
77	پرہیز غذا اور خوراک	123	ذوالجلال والکرام
78	خوف الٰہی	127	مہر حضرت سلیمان علیہ السلام

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر	عنوان
129	درود شریف
130	سورہ فاتحہ
131	سورہ یٰسین
137	سورہ رحمٰن
140	سورہ جن
143	سورہ مزمل
145	سورہ قریش
145	سورہ الماعون
145	سورہ کوثر
145	سورہ الکافرون
146	سورہ النصر
146	سورہ تبت یدآ
146	سورہ اخلاص
146	سورہ فلق
146	سورہ الناس
148	شناخت آسیب۔جن، سحر امراض
152	دوسری شناخت
157	غول بیابانی کیا ہے
161	حصار
164	دعائے تحیینا
167	حصار
170	حصار جمیع بلیات

صفحہ نمبر	عنوان
172	آسیب سحر سے آگاہی
174	آسیب کی آمد
176	ام الصبیان
179	حاضرات پنجتن پاک
181	حاضرات شاہ یکتا نوش حاضری شہنشاہ جنات
182	حاضرات یکتا نونوش
188	ثابت قدم
191	دعائے مقدس
198	درود پاک ﷺ
199	دعائے حضرت سلیمان علیہ السلام
201	دعائے عظیم
228	درود پاک ﷺ
229	دعائے برھتیہ
234	تجلیات، قوت دعائے برھتیہ
236	نسخہ تسخیری
239	دعوت شریفہ
241	تخت حضرت سلیمان علیہ السلام
246	نقش انگشتری سلیمان علیہ السلام
249	یالطیف
250	ہر امراض کی صحت یابی کے لیے
251	محبت کے لئے
254	حاضرات برآئینہ

صفحہ نمبر	عنوان
256	تسخیرات ودافع الکروب
257	دعا جامع المطلوب
260	حاضری پریوں کی
261	عزیمت
262	دانہ سلیمانی
267	دعائے حضرت سلیمان علیہ السلام
270	عزیمت شاہ قیطوش
271	عزیمت پھولوں والی
175	فتیلہ برائے حاضرات
276	عزیمت بادشاہ یکتا نوش
279	عزیمت باشاہ قیطوش
281	فتیلہ دیگ سلیمانی
281	گزارش
284	محبت کے لئے
287	آسیب کا معلوم کرنا
289	آسیب جن، عزیمت کو باندھنا
292	تسخیرات جنات
295	جن کی حاضری
298	جل پری تسخیر
301	برائے محبت
302	محبت کے لئے
304	آفت وشر سے نجات

صفحہ نمبر	عنوان
205	نقش نادعلی
308	فیضان داؤد علیہ السلام
309	پری کو باندھنا
310	اسم اعظم آیت الکرسی اسمائے حسنٰی نوری
314	پری زاد کی حاضری
316	حاضرات
318	بادشاہ جنات کو حاضری
319	دربار حضرت سلیمان علیہ السلام اور خواتین
322	علاج
323	حضرت سلیمان کے دربار میں دیو (برج کی حاضری)
325	برج حمل اور اس کی خصوصیات
326	برج حمل اور خواتین
327	دیونامہ
328	تعویز
328	برج ثور اور اس کی خصوصیات
331	برج ثور اور خواتین
332	دیونامہ
333	تعویز
334	برج جوزا اور اس کی خصوصیات

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر	عنوان
335	برج جوزا اور خواتین
336	دیونامہ
337	تعویز
338	برج سرطان اور اس کی خصوصیات
339	برج سرطان اور خواتین
340	دیونامہ
341	تعویز
342	برج اسد اور اسکی خصوصیات
343	برج اسد اور خواتین
344	دیونامہ
345	تعویز
346	برج سنبلہ اور اسکی خصوصیات
347	برج سنبلہ اور خواتین
348	دیونامہ
349	تعویز
350	برج میزان اور اسکی خصوصیات
351	برج میزان اور خواتین
352	دیونامہ
353	تعویز
354	برج عقرب اور اسکی خصوصیات
355	برج عقرب اور خواتین
356	دیونامہ

صفحہ نمبر	عنوان
357	تعویز
358	برج قوس اور اسکی خصوصیات
359	برج قوس اور خواتین
360	دیونامہ
361	تعویز
362	برج جدی اور اسکی خصوصیات
363	برج جدی اور خواتین
364	دیونامہ
365	تعویز
366	برج دلو اور اسکی خصوصیات
367	برج دلو اور خواتین
368	دیونامہ
379	تعویز
370	برج حوت اور اسکی خصوصیات
371	برج حوت اور خواتین
372	دیونامہ
373	تعویز
374	ہمزاز خبر رساں
376	عزیمت
377	جنات و آسیب زدہ
379	عزیمت
380	بحر خار گلستان بھی ہے

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات فری بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

یہ لفظ عاجزی ہیں۔

یا اللہ تیرا شکر ہے کہ تو نے مجھ عاجز کو نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم و آل نبیؐ، آل بیت کے غلاموں میں عزت بخشی، یا اللہ میں خاک تھا، خاک ہوں، اور میں خاک ہی رہوں گا۔ یا اللہ عاجزی میری قبول فرما کہ میں نبی پاک صلی اللہ والہ وسلم کی نعلین کے نیچے خاک بن کر ہمیشہ! سہ میں رہوں اور یا اللہ تیری عاجزی میں ہمیشہ رہوں۔ یا اللہ میری اس عاجزی کو اپنی خوشنودی عطا فرمادے میری دعا کو قبول فرما کہ تو رحیم و کریم ہے۔ آمین

قارئین کرام! السلام علیکم!

شکر ہے پروردگار کا کہ اس نے ہماری عاجزی قبول فرمائی آپ کے قلبوں، ذہنوں میں ہماری کاوش کو پذیرائی بخشی، شکر اللہ عزوجل کا۔

ہم آپ کے بھی مشکور ہیں کہ آپ نے اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ مسافرت کی نشیب و فراز سے آگاہی بخشی۔ اس کتاب کی تیاری میں کافی وقت صرف ہوا اور آپ کو زحمت اٹھانی پڑی۔ ان چھ ماہ میں اس کتاب کے سلسلے میں کافی خطوط اور فون کالز آئیں۔ یہ آپ کی محبت و عنایت ہے۔ جس کے لئے ہم تہہ دل سے آپ کے شکر گذار بھی۔

ہاں ایک بات کی پھر وضاحت کر دیں۔ ہم نہ عامل نہ کامل اور نہ ہی ہم نہ تعویزات میں قرآن حکیم کو فروخت کرنے کی دوکان کھول رکھی ہے۔ خدارا ہمیں گناہ کی دلدل میں مت گھسیٹیے۔ ہم تو اللہ تبارک تعالیٰ کے عاجز بندے ہیں۔ یہ تو میرے پروردگار کا کرم فضل ہے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت ہے کہ میرے وجود، میری روح کو بزرگان دین و اہل علم کی محبت، و شفقت سے معمور فرمایا۔ یہ ان ہی کی دست شفقت ہے کہ ہم عاجزی کے عظیم درس سے آشنا ہوئے۔ اور اس کی وجہ سے آج وجود و روح معطر ہے۔ آپ بھی اپنی محبتوں میں ہمیں شامل رکھیں۔ اور دعاؤں میں اس عاجز کو یاد رکھیں۔ ہم بھی آپ کے لئے دعا گو ہیں کہ تمام اہل ایمان، اہل مومن

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اور محبت رکھنے والوں کی پروردگار ہر نیک دعا کو قبول فرمائے آمین۔ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت کی برکت و رحمت ان کے سروں پر ہمیشہ سے سایہ فگن رہے۔ آمین۔

اس کتاب کے بارے میں ہم کیا تحریر کریں۔ چونکہ یہ آپ کے دست چاہت میں ہے حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اللہ تبارک تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور بنی آدم پر پیغمبر ہوئے۔ آپ کی فضیلت کے بارے میں کیا عرض کریں۔ قلم کو جرأت مخاطب نہیں۔ قرآن حکیم میں پروردگار فرماتے ہیں۔

اور ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم بخشا۔ اور انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے۔ جس نے ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت دی۔ سورۃ النمل آیت ۱۵

اللہ جل شانہ اپنے ان عظیم بندوں کو نوازتا ہے جو ہر لمحہ اس کا شکر ادا کرتے ہیں۔ اور اس کی خوشنودی کو ہی اپنی زندگی کا زیور سمجھتے ہیں۔ ایک مقام پر اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔ اور سلیمان داؤد کے قائم مقام ہوئے۔ اور کہنے لگے کہ لوگو ہمیں (اللہ کی طرف سے) پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے۔

اور ہر چیز عنایت فرمائی گئی ہے۔ بیشک یہ (اللہ کا) بڑا فضل ہے اور سلیمان کے لئے جنوں اور انسانوں اور پرندوں کے لشکر جمع کئے گئے اور وہ قسم وار کئے گئے تھے۔ سورۃ النمل آیت ۱۶، ۱۷

آپ نے ملاحظہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے اس برگزیدہ بندے اور پیغمبر پر کیسا فضل و کرم فرمایا تھا۔ وہی اہل ایمان ان عظیم ہستیوں کے علم سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔

ہم یہاں اس عظیم بزرگ کا ایک واقعہ بیان کرتے ہیں۔ قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ یہ واقعہ مومن کی زندگی کیلئے درس، عشق الٰہی، رموز بندگی اور آئینہ ہے۔ سورۃ النمل کی آیت ۱۸، ۱۹ میں یہ پاکیزہ واقعہ یوں روشن ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ..... یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان میں پہنچے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ چیونٹیو اپنے اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ سلیمانؑ اور اس کا لشکر تم کو کچل ڈالیں۔ اور ان کو خبر نہ ہو۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

تو وہ اس بات سے ہنس پڑے اور کہنے لگے۔ کہ اے پروردگار مجھے توفیق عنایت کر کہ جو احسان تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں ان کا شکر کروں اور ایسے نیک کام کروں کہ تو ان سے خوش ہو جا اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما۔ O

سبحان اللہ یہ نیک بندے ہوتے ہیں جو بادشاہت میں بھی اپنے مالک کے روبرو خود کو حقیر فقیر سمجھتے ہیں اور اس کی عاجزی میں رہتے ہیں۔ اہل ایمان کے لئے یہ لفظ سمندر سے کم نہیں۔ اگر عقل رکھتے ہو تو پرودگار کی عظمت کو سمجھو اور ہمیشہ اس کی عاجزی میں رہو۔

ہم ان حضرات سے مخاطب ہیں۔ جو علم کی افادیت پر یقین نہیں رکھتے۔ اس علم پر جو اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے کلام میں پوشیدہ رکھا ہے۔ جو اپنے معبود سے محبت رکھتے ہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ انہیں عظیم قوتوں سے نوازتا ہے۔

(سلیمان نے) کہا کہ اے دربار والو! کوئی تم میں سے ایسا ہے کہ قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہوں۔ ہمارے پاس آئیں۔ اس سے پہلے ملکہ کا تخت میرے پاس لے آئے۔

جنات میں سے ایک قوی ہیکل جن نے کہا کہ قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں میں اس کو آپ کے پاس حاضر کرتا ہوں اور مجھے اس پر قدرت اعلیٰ، حاصل ہے اور امانت دار بھی ہوں۔

ایک شخص جس کے پاس کلام (الٰہی) کا علم تھا کہنے لگا کہ میں آپ کی آنکھ جھپکنے سے پہلے پہلے اسے آپ کے پاس حاضر کیے دیتا ہوں۔ جب (سلیمانؑ نے) تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو کہا کہ یہ میرے پروردگار کا فضل ہے۔ تاکہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا کفران نعمت کرتا ہوں اور جو شکر کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے شکر کرتا ہے۔ اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار بے پروا اور کرم کرنے والا ہے۔ سورۃ النمل آیات 38,40

یا اللہ ہمیں بھی اپنے عاجز بندوں میں شمار فرما اور ہر لمحہ ہمیں شکر ادا کرنے والا بنا۔ اے اہل ایمان آپ نے اس عظیم بادشاہ کی عاجزی دیکھی۔ آپ بھی یہی عاجزی اختیار کریں۔ اور پھر دیکھیں پروردگار آپ پر اپنے کرم و فضل کی کیسی بارش کرتے ہیں۔

اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے بندے کو وہ عظیم قوت عطا فرمائی تھی، اور تمام مخلوق اور

www.freeamliyaatbookspdf.com
JAVAID ZAIB

Scanned with CamScanner

ہوا پر حکم لگا دیا تھا کہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع رہیں۔

ارشاد باری ہے۔ اور ہوا کو (ہم نے) سلیمان کا تابع کر دیا تھا۔ اس کی صبح کی منزل ایک مہینہ کی راہ ہوتی اور شام کی منزل بھی مہینہ بھر کی ہوتی اور ان کے لئے ہم نے تانبے کا چشمہ بہا دیا تھا اور جنوں میں سے ایسے تھے جو ان کے پروردگار کے حکم سے ان کے آگے کام کرتے تھے اور جو کوئی ان میں سے ہمارے حکم سے پھرے گا۔ اس کو ہم (جہنم کی) آگ کا مزہ چکھائیں گے۔

سورۃ سبا۔ آیت 12۔

یہ میرے پروردگار کا حکم تھا اور ہے۔ تو کسی مخلوق کی یہ مجال نہیں کہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی کسی بھی بات سے انکار کریں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی مخفی مخلوق جن، دیو، پری، خبیث اور دیگران دیکھی بلاؤں کے باسی آپ کی قسم سے اور اہل علم کے خادم بن کر ان کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ ہم ایک بات کی وضاحت کرتے چلیں۔ جو لوگ غرور اور تکبر کرتے ہیں اور علم اور اپنی قوت ارادی کی بدولت مخفی مخلوق کو قابو کر لیتے ہیں یاد رکھیں ان کا انجام بھیانک ہوتا ہے۔ اور ایک رزروہ خوبیہ بدروح بن جاتے ہیں۔ جن کے لئے جہنم کی آگ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ان کی منتظر رہتی ہے۔ اور جو لوگ عاجزی میں رہتے ہیں اور بنی آدم، امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی فلاح کا سوچتے ہیں اور ان کے دکھ و پریشانی میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ اور اللہ تبارک تعالیٰ کیخصوصی ان کے لئے ہر لمحہ دعا گو رہتے ہیں۔ ان سے مخفی مخلوق خوش بھی رہتی ہے اور ان کے کام کرتے ہوئے انہیں خوشی بھی محسوس ہوتی ہے۔

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کو ایمان پر قائم رہنے اور انسانوں سے محبت رکھنے، محبت کرنے کی بھرپور توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اجازت دیجئے۔

سورۃ فاتحہ۔ ہمارے والدین کے ایصال ثواب کے لئے پڑھیں۔ شکریہ

خاکپائے بزرگان دین

مسلم اعظمی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

حضرت سلیمان علیہ السلام

ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جب حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی آخر ہوئی اور موت قریب آئی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایک صندوق ان کو لا کر دیا اور پھر کہا اے داؤد علیہ السلام تم اپنے بیٹوں سے پوچھو کہ اس کے اندر کیا چیز ہے۔ جو کوئی اس کے اندر کی چیز بتائے گا اسی کو خلافت و سلطنت ملے گی تب بنی اسرائیل اور پندرہ بیٹوں کو اپنے پاس بلا کر ایک جگہ جمع کر کے پوچھا کہ بتاؤ اس صندوق کے اندر کیا چیز ہے جو کوئی بھی بتا سکے گا اس کو اپنا ولی عہد مقرر کروں گا۔ اور وہ نبی بھی ہوگا اور وہ بنی اسرائیل اور سارے جہاں کا بادشاہ ہوگا کسی سے بھی اس کے اندر کی چیز نہ بتائی گئی۔ حضرت سلیمان اپنے سب بھائیوں میں چھوٹے تھے وہ خدمت باپ کی بجا لائے اور کہا کہ اس کے اندر ایک انگشتری اور ایک چابک اور ایک خط یہ تینوں چیزیں اس کے اندر محفوظ ہیں اور تینوں کے علاوہ اس میں اور کچھ نہیں ہے۔ جب صندوق کو کھول کر دیکھا تو وہی تین چیزیں پائیں حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا یہ تینوں چیزیں معجزے سے تعلق رکھتی ہیں۔ یہ انگوٹھی جو ہے بہشت کی ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھیجی ہے اور جو شخص بھی اس کو اپنے ہاتھ میں رکھے گا اور جو چاہے گا اس سے حاصل ہوگا اور جب اس پر نگاہ کرے گا جو کچھ دنیا کے بیچ میں ہے مشرق سے مغرب تک بھلا برا مخلوق کا ہویدا ہوگا اور تمام طیور و پرند چرند وحوش سب کے سب اس کے تابع فرمان ہوں گے اور جو چابک ہے وہ دوزخ کا ہے جو شخص بھی صاحب چابک سے باغی ہوگا یعنی اس کی اطاعت نہ کرے گا جب صاحب چابک اس پر ارشاد کرے گا وہ چابک خود بخود جا کر اس

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات مفت پی ڈی ایف کتب
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
SHAHZAIB

Scanned with CamScanner

کو معذوب کرے گا ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ چابک نہ تھا بلکہ وہ دور باش تھا جو باغی ہوتا اللہ تعالیٰ سے چابک اس کو معذوب کر کے لاتا کہتے ہیں کہ کوئی اس چابک کو بوجہ ڈر کے نہ چھوتا تھا یعنی صرف مالک ہی اس کو اپنے ہاتھ میں لیتا تھا۔ کیونکہ اس کا خاصہ تھا کہ بغیر استعانت غیر کے لوگوں پر عذاب کرتا اور پھر اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا ان سے پوچھو کہ اس خط کے اندر کیا لکھا ہوا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے پوچھا تو کوئی اس کا حال دریافت نہ کر سکا۔ سلیمان نے کہا کہ اس کے اندر پانچ مسئلے ہیں اور وہ یہ ہیں۔ ایمان' محبت' عقل' شرم اور پھر طاقت پھر پوچھا ایک کا مقام دل انسان میں کس جگہ ہے وہ جو مقام ایمان و محبت کا دل ہے اور مقام عقل [illegible] ہے اور مقام شرم [illegible] اور مقام قوت و طاقت ہڈی ہے۔ جب حضرت سلیمان نے یہ [illegible] حضرت داؤد علیہ السلام نے ان کو اپنا خلیفہ مقرر کیا اور وہ خاتم سلطنت ان کی انگلی میں پہنائی اور وہ چابک بھی ان کے ہاتھ میں دیا اور بخوشی ان کو اس شاہی تخت پر بیٹھایا اور خود گوشہ نشینی اختیار کر کے اپنے عبادت خانے میں جا بیٹھے۔ اس وقت عمر ان کی ایک سو برس کی تھی اور بعض نے کہا ہے کہ اس وقت ان کی عمر ایک سو بیس برس کی تھی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

حضرت سلیمان علیہ السلام جب تک تخت سلطنت پر رونق افروز ہوئے اور اپنی باپ کی جگہ پر بیٹھے اور انگشتری سلطنت کی انگلی میں پہنی رکھی اور پھر لوگوں سے کہا اے لوگوں! سکھائی گئی ہیں بولیاں ہمیں ہر جانور کی اور دی گئی ہیں وہ تمام چیزیں جو چیز دنیا میں درکار ہے وہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہم کو عنایت فرمائی ہیں بے شک بزرگی ظاہر بھی عنایت فرمائی ہے جب سلیمان علیہ السلام کا تخت نکلتا تھا اور ہوا پر چلتا تھا تو تمام پرندے ہوا کے جھنڈ کے جھنڈ ان کے تخت پر آ کر پروں کا سایہ کرتے اور فوج انسانوں کی داہنی طرف اور بائیں طرف ہوتی تھی اور تمام حوش وطیور چپ ورات پس وپیش گرداگرد حلقہ باندھ کر ان کے ہمراہ چلتے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا تخت وہ تھا جس پر سب لشکر چلتا تھا اور ہوا اس کو لیکر چلتی تھی شام سے یمن اور پھر یمن سے شام تقریباً ایک ماہ کی راہ ہے لیکن ہوا اس کی مسافت کو آدھے دن میں طے کر دیتی تھی۔ جنوں میں سے بھی لوگ خدمت کرتے تھے اور یہ سب پروردگار کے حکم سے ہوتا تھا۔ پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ اللہ تعالیٰ نے نکال دیا ملک یمن کی طرف اور اس تانبے کو سانچوں میں ڈال کر برتن اور بڑی بڑی دیگیں بناتے تھے اور اس میں لشکر کے مطابق کھانا وغیرہ پکتا اور پھر تقسیم کیا جاتا تھا جس جگہ مال دفینہ رہتا تھا زمین وہاں کی آواز دیتی تھی کہ اے سلیمان جو کچھ مال مجھ میں ہے اٹھا لیجا اور اس کو اپنے کام میں لے لو۔ حضرت سلیمان نے جنوں کو حکم دیا کہ زمین کے دفینے سے موتی اور جواہرات دریا اور خشکی سے لاکر جمع کرو۔ ساری دنیا میں جہاں معلوم کرتے کہ کوئی جن ستاتا ہے آدمیوں کو تو حضرت سلیمان اس کو قید کر کے دریا میں ڈال دیتے تھے یا پھر اس کو زمین میں دفن کر دیتے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک مکان نہایت عالیشان پر تکلف ایسا بنوایا تھا کہ اس کا طول وعرض چھتیس کوس تھا اور اس کی اینٹیں سونے چاندی کی تھیں اور اس میں یاقوت، زمرد جڑے تھے اور اس میں تقریباً سات سو کوشک سات سو ہرموں کے واسطے اور تین سو کوشک تین سو بیوؤں کے واسطے بنوائے تھے دوسری جانب ایک مکان نہایت عالیشان کے ساتھ ایک کوشک بھی بنوایا تھا کہ درازی بھی اس کی تقریباً بارہ کوس کی تھی۔ ایک کوشک پر آپ کے تخت کا جلوس تھا اور

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اس کا تول تین کوس کا تھا اور سب ہاتھی کے دانت کا تھا اور لال و فیروزہ اور زمرد و مروارید سے مرصع کیا تھا اور اس کے گرداگرد سونے کی اینٹیں لگی تھیں۔ اور اس کے چاروں طرف کونوں پر چاندی کے درخت اور درخت کی ڈالیاں سونے کی اور پتے اس کے زمرد سبز کے لگائے تھے اور ہر ایک ڈالی پر ایک طوطی اور طاؤس بنا کر اس کے پیٹ کے اندر مشک وغیرہ بھرا تھا اور خوشے مثل انگور کے تھے جو لال و یاقوت کے بنائے گئے تھے اور نیچے تخت کے داہنے اور بائیں ایک ہزار کرسی سونے کی لگائی گئی تھی۔ اس پر آدمی بیٹھتے تھے اور ان کے پیچھے جن و انسانوں میں سے غلام کھڑے کئے گئے تھے۔ حضرت سلیمان تاج شاہی سر پر رکھ کر جب تخت پر پاؤں رکھتے تو ان کی ہیبت سے تخت اس وقت حرکت میں آ جاتا اور طوطی اور طاؤس بھی بحکم خدا اپنے اپنے پروں کو پھیلا دیتے تھے اور پھر اس سے بوئے مشک وغیرہ نکلتی تھی۔ اور حضرت سلیمان اس وقت تخت پر بیٹھ کر توریت پڑھتے اور خدا کی مخلوق پر حکمرانی کرتے تھے اور ہر ایک کی بولی کو اچھی طرح سمجھتے تھے اور تاج شاہی جب اپنے سر پر رکھتے تھے تو تمام پرندے ہوا کے تخت کے اوپر معلق ہو کر ان کے سر پر سایہ کرتے تھے اور جنوں کو حکم فرماتے تھے کہ وہ اپنی بساط کے مطابق فرش زربفت کا بچھائیں اور اس کے کنارے کنارے نہریں جاری تھیں اور تخت گاہ کے مکان میں کئی محرابیں تھیں اور سب عابد اس میں عبادت کیا کرتے تھے۔ اور ابر کو حکم کرتے تھے کہ پانی بھر بھر کے لیکر آئیں اور ان کے باورچی خانے میں ہر روز کافی تعداد میں کھانا پکایا جاتا تھا باوجود اس کے حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے باورچی خانے سے کچھ نہیں کھاتے تھے بلکہ وہ کھانا تمام کا تمام لوگوں کو تقسیم کر دیا جاتا تھا اور خود حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے ہاتھ سے سز نبیل سیتے اور اس کو بیچتے تھے اور اپنے ہاتھوں سے جو کو پیس کر بناتے اور پھر اس کی روٹی پکاتے اور خدا کا شکر ادا کرتے تھے اور ہر وقت خداوند قدوس سے مناجات کرتے رہتے تھے اور کہتے تھے کہ یا الٰہی میں درویشوں کے ساتھ بھی شامل ہوں اور بادشاہوں کے ساتھ بھی بادشاہ ہوں اور پیغمبروں میں بھی ایک پیغمبر ہوں' اے میرے مالک میں تیری نعمتوں کا کہاں تک شکر ادا کروں مجھ میں طاقت نہیں کہ میں تیرا شکر ادا کر سکوں۔

ضیافت:

حضرت وہب ابن منہ سے روایت ہے کہ جب حضرت سلیمان کو مشرق و مغرب اور سارے جہان کی سلطنت ملی تو انہوں نے جناب باری میں عرض کی یا الٰہی مجھ کو آرزو ہے کہ ایک

دن سارے عالم کی مخلوقات کی جو کہ تیری آفریدہ ہے خشکی وتری میں انسانوں میں اور جنوں میں حوش وطیور میں یہاں تک کہ چیونٹی دیمھی اور کیڑے مکوڑے الغرض جتنے بھی ذی روح ہیں سب کی ضیافت کروں۔ غیب سے ندا آئی اے سلیمان میں سب کی روزی پہنچاتا ہوں میری موجدات مخلوقات بے انتہا ہے اس لئے سب کو تم نہیں کھلا سکتے۔ یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام بولے خداوند تو نے مجھ کو بہت نعمت دی ہے تیری عنایت سے سب کے لیے ہے اگر تیرا حکم ہو تو میں سب کا طعام تیار کروں۔ جناب باری تعالیٰ کا حکم ہوا کہ دریا کے کنارے ایک مکان نہایت عالیشان بنواؤ اور اس کو نہایت کشادہ رکھو تا کہ جس مخلوق کو دعوت دو اس میں آسانی سے آسکے۔

اس مکان کی تیاری میں تقریباً ایک سال اور آٹھ مہینے صرف ہوئے۔ اور مشرق ومغرب سارے جہاں سے اس بڑے مکان کے میدان میں کھانے پینے کا سامان واسباب مہیا کیا اور بہت کثیر تعداد میں دیگیں لمبی چوڑی اور ایک لگن مثل تالاب کے جنوں نے تیار کی۔ اور یہ دو ہزار سات دیگیں پکوائی گئیں تھے اور ہر ایک بہت بڑی کافی لمبی چوڑی تھی مثل تالاب کے جنوں نے تیار کی تھیں۔ اس دعوت میں اس وقت بائیس ہزار گائیں ذبح ہوئیں تھیں اور باقی اشیاء ضیافت کو اسی پر قیصا کر لینا چاہئے۔ جب کھانا تیار ہوا جن وانس اول حیوانات سب کو اس بڑے وسیع مکان کے میدان میں بٹھایا گیا اور پھر آپ نے فرمایا وہ بساط سلیمان کا دریا کے اوپر ہوا پر معلق رکھے تا کہ اس کو ہر متنفس اپنی نظر سے دیکھے منجملہ ان تمام مخلوق کے اس وقت ایک مچھلی نے دریا سے باہر نکل کر حضرت سلیمان علیہ السلام سے عرض کی اے حضرت خداوند قدوس نے مجھ کو آپ کی دعوت میں بھیجا اور ہم کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آپ نے تمام مخلوقات کے واسطے کھانا تیار کیا ہے اور میں اس وقت بہت بھوکی ہوں لہٰذا آپ مجھ کو پہلے کھلا دیجئے یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس مچھلی سے کہا کہ تم ذرا صبر کرو اور سب کو آ لینے دو ان کیساتھ جتنا کھانا کھانا چاہو کھا لینا۔ مچھلی بولی کہ حضرت میں تو اتنی دیر نہ ٹھہر سکوں گی کہ میں سب کا انتظار کروں۔ یہ سنتے ہی حضرت سلیمان نے اس سے کہا کہ اگر تم نہیں ٹھہر سکتیں تو پھر تم کھانا کھالو اور تمہارا جتنا جی چاہے کھالو یہ سنتے ہی مچھلی نے اس میدان میں کچھ کھانا تیار ہوا تھا۔ وہ سارا کھانا اپنے ایک ہی لقمے میں کھا کر اور کھانا مانگنے لگی۔ اے حضرت سلیمان مجھ کو تو اور کھانا چاہئے یہ دیکھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام بہت ہی متعجب ہوئے اور اس سے کہا اے مچھلی میں نے تمام مخلوقات کے واسطے یہ کھانا تیار کیا تھا تو سب کھا

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

گئی اور تیرا اس سے پیٹ بھی نہ بھرا تو اور بھی کھانا مانگتی ہے۔ مچھلی نے کہا اے حضرت ہر روز مجھ کو تین لقمے کھانا کھانا چاہئے ہوتا ہے اور جو تم نے تیار کیا تھا یہ تو میرا ایک ہی لقمہ ہوا۔ اس کے علاوہ مجھے ابھی دو لقمے اور بھی درکار ہیں تب کہیں میرا پیٹ بھرے گا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام مچھلی کی یہ بات سن کر حیرت زدہ ہو گئے۔ اور بے ہوشی طاری ہو گئی۔ اور کچھ عرصہ کے بعد ان کو ہوش آیا اور اپنا سر سجدے میں رکھ کر درگاہ الٰہی میں مناجات کر کے رونے لگے اور کہنے لگے کہ الٰہی میں نے بہت ہی قصور کیا اور نادانی کی تیری درگاہ میں' میں اس بات سے ہمیشہ کے لئے توبہ کرتا ہوں۔ بس روزی دینے والا مجھ کو اور سارے جہاں کو تو ہی ہے اور میں نادان و مسکین ہوں اور تو ہی دانا اور توانا ہے۔ مجھے معاف فرما۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ایک روز حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے شاہی تخت پر بیٹھے ہوا پر جا رہے تھے جو تخت جنوں نے بنایا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے واسطے اور ان کے ایک ہزار سرکاری ملازمین بھی ان کے ساتھ اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھے تھے اور ان میں ایک وزیر اعظم بھی تھا جس کا نام آصف جاہ تھا۔ وہ سب کے سب جن و انس گرداگرد تخت شاہی کے صف باندھ کھڑے تھے اور ہوا میں اڑنے والے پرندے ان کے سر پر اپنے پروں سے سایہ ڈالے ہوئے تھے۔ اس میں فرشتوں کی تسبیح کی آواز حضرت سلیمان علیہ السلام کے کان میں آئی اور وہ یہ کہتے تھے اے رب تو نے حضرت سلیمان کو جیسا ملک و حشم دیا ایسا کسی جن و بشر کو نہیں دیا۔ جناب باری تعالیٰ نے فرمایا اے فرشتو) میں نے سلیمان کو ہفت اقلیم کی بادشاہی عنایت کی ہے اور اسے نبوت سے بھی فراز کیا ہے لیکن ان کو غرور و تکبر بالکل نہیں ہے۔ اور ان کو ذرا بھی تکبر ہوتا تو میں ان کو ہوا پر لے جا کر زمین پر ڈال دیتا اور پھر ان کو نیست و نابود کر ڈالتا۔

پس یہ کلام حضرت سلیمان علیہ السلام نے سنا اور پھر خدا کے دربار میں سجدہ بجالائے اور ہوا نے ان کے تخت کو زمین پر لے جا کر رکھا۔ جہاں چیونٹیوں کی بستی تھی۔ ایک چیونٹی نے کہا اے

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

چیونٹیوں گھس جاؤ اپنے گھروں میں تا کہ نہ پیس ڈالے تم کو سلیمان اور اس کا لشکر اور پھر ان کو خبر بھی نہ ہو۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی بات سنی اور شاہ مور کو پکڑ کر اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر پوچھا اے شاہ مور تم نے اپنے لشکر کو کیوں کہا کہ سلیمان آتا ہے اپنے اپنے غاروں میں گھس جاؤ تم نے مجھ سے کیا ظلم دیکھا۔ اس بات کو سن کر چیونٹی نے کہا اے نبی اللہ ہم نے آپ کو اور آپ کے لشکروں سے کچھ ظلم نہیں دیکھا مگر اس واسطے کہ آپ کے لشکروں کے گھوڑوں کی ٹاپوں کے تلے ہم سب آ جائیں اور وہ ٹاپیں ہم کو ہلاک کر ڈالیں' یہ کام ہم نے تو حفظ ماتقدم کے واسطے کیا تھا۔

یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان سے فرمایا کہ کیا تم ایسی ہی شفقتیں ان پر ہمیشہ کیا کرتے ہو۔ وہ بولا جی ہاں حضرت جی ان کی خوشی سے میری خوشی ہے اور ان کی غمی سے مجھ کو غم ہوتا ہے اور ان کی غم خواری مجھ پر واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس واسطے مجھ کو ان پر بادشاہ بنایا ہے اگر ایک چیونٹی بھی کسی زمین کے حصے میں مر جائے تو میں اس کو وہاں سے اٹھا کر اس کے مسکن پر پہنچاتا ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے پوچھا مجھے یہ بتاؤ کہ تمہارے ساتھ ہر وقت کتنی چونٹیاں رہتی ہیں۔ کہا اس نے کہ ہمارے ساتھ تقریباً چالیس ہزار چیونٹیاں رہتی ہیں۔ پھر اس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے پوچھا کہ سلطنت تیری بہتر ہے یا میری اس وقت چیونٹی نے کہا کہ میری بادشاہی بہتر ہے تمہاری بادشاہی سے کیوں کہ ہوا اٹھاتی ہے۔ تمہارے تخت شاہی پر تم بیٹھتے ہو یہ کتنا بڑا تکلف ہے تمہاری بادشاہی میں۔ اس بات کو سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام ہنس کر اس چیونٹی سے کہنے لگے کہ تم کس طرح جانتی ہو اور تمہیں یہ بات کس نے سکھائی ہے۔ شاہ مور نے کہا اے حضرت سلیمان اللہ تعالیٰ نے عقل صرف تم کو ہی نہیں دی ہے یعنی ہم جیسے ناتواں کو بھی عنایت فرمائی ہے۔

پس حضرت سلیمان نے بادشاہ مور سے بات سن کر وہاں سے مراجعت کرنا چاہی۔ شاہ مور نے کہا اے حضرت سلیمان بغیر کچھ کھائے ہوئے آپ کو یہاں سے تشریف لے جانا بے مناسب ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ہم کو روزی دی ہے اس میں آپ کچھ تناول فرما کر جائیے۔ یہ سن کر حضرت سلیمان نے کہا بہت اچھا۔ تب شاہ مور نے جا کر ایک ران ٹڈی کی حضرت سلیمان کے واسطے لا رکھی۔ یہ دیکھ کر حضرت سلیمان نے کہا اے شاہ مور مجھ کو میرے لشکر سمیت ایک ایک ران ٹڈی کی کیا ہوگی' اس نے کہا حضرت اس ران کو آپ کم نہ سمجھئے اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کو دیکھئے

Scanned with CamScanner

اور اس میں بہت برکت ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام مع اپنے لشکر کے یہ ایک ران کھا کر آسودہ ہو گئے اور پھر بھی اس میں سے کچھ باقی رہی۔ حضرت سلیمان یہ حال دیکھ کر بہت ہی متعجب ہوئے اور پھر سجدے میں گر کر کہا اے پروردگار تیری قدرت بے انتہا ہے اور تو ہی بیشک عظمت و بزرگی کے لائق ہے۔

ایک دن حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے تخت شاہی پر بیٹھے ہوئے ہوا پر پرواز کر رہے تھے اور تمام جن وانس ان کی بساط پر حاضر تھے اور پرندے سب اپنے اپنے پروں سے ان کے سر پر سایہ ڈالے ہوئے تھے یکایک حضرت سلیمان علیہ السلام کو گرمی آفتاب محسوس ہوئی جب انہوں نے اوپر کی طرف دیکھا تو اور بہت عمیق نظر کی تو سب پرندوں کو دیکھا کہ حاضر ہیں مگر ہدہد کو نہ دیکھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا میں اس کو عذاب سخت یا ذبح کر دونگا یا پھر لائے میرے پاس کوئی دلیل ظاہر پس اس وقت عقاب کو بھیجا برائے تلاش ہدہد کے عقاب نے فوراً ہی ہدہد کو لا کر حاضر کر دیا تو اس وقت حضرت سلیمان نے اس ہدہد سے پوچھا کہ تو کہاں گیا ہوا تھا اس کے جواب میں ہدہد نے کہا کہ ایک خوشخبری لایا ہوں آپ کے واسطے شہر سبا سے۔ سبا ایک قوم تھی اور ان کا ایک وطن سرزمین عرب میں یمن کی طرف تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہدہد سے کہا کہ تو وہاں سے کیا خبر لے کر آیا ہے اور تو وہاں کس طرح گیا اس کو بھی اچھی طرح بیان کر۔ یہ بات سن کر ہدہد نے کہا اے نبی اللہ آپ جب تخت سے نیچے اترے تھے اسی وقت میں نے ہوا پر پرواز کر کے دیکھا کہ میرا ہم جنس ایک ہدہد دیوار باغ کے اوپر بیٹھا تھا چنانچہ میں اس کے پاس گیا اور اس نے مجھ سے پوچھا کہ تم کہاں سے آئے ہو۔ میں نے اس سے کہا کہ میں ملک شام سے آیا ہوں اور میرے آقا حضرت سلیمان علیہ السلام ہیں۔ وہ بولا کہ حضرت سلیمان کون ہیں۔ میں نے کہا کہ وہ اس وقت بادشاہ ہیں۔ جن وانس وحوش وطیور اور جمیع مخلوقات کے اور پھر میں نے اس سے پوچھا کہ اس شہر کا نام کیا ہے وہ بولا کہ اس شہر کا نام سبا ہے پھر میں نے اس سے کہا کہ مجھے یہ بتاؤ کہ اس شہر کی حکمران کون ہے وہ بولا کہ اس شہر کی حکمران خاتون بلقیس نام کی ہے اور وہی اس ملک کی ملکہ ہے اور اس کے تابع بارہ ہزار سردار قوم اور اس کے تابع ایک لاکھ پیادے ہر وقت رہتے ہیں اور تو میرے ساتھ چل میں تجھ کو وہ سب دکھاتا ہوں۔ میں نے کہا کہ بہت دیر ہوئی میں حضرت سلیمان

Scanned with CamScanner

علیہ السلام کے پاس سے آیا ہوں کبھی بادشاہ کو یا لشکر کو پانی کی تلاش ہو تو اس وقت وہ مجھے تلاش کریں گے اور میں اس وقت حاضر نہ ہوں گا۔ تو پھر مجھ کو سخت سزا دیں گے۔ کیونکہ میں پانی کے واسطے مقرر ہوں۔ اس ہدہد نے کہا کہ میرے ساتھ چلو اور وہاں چل کر بلقیس دختر شراحیل کو دیکھو کہ اس کی شان و شوکت کیسی ہے اور اس کے حسن و اخلاق کو دیکھ کر تم خوش ہو جاؤ گے پھر میں اس کے کہنے سے اس جگہ پر گیا اور شہر سبا میں بلقیس کو دیکھا ایک تخت عظیم ہے کہ طول و عرض اس کا تیس گز ہے اور تمام جواہرات سے مرصع اور چاروں پائے اس کے یاقوت سرخ اور زبرجد اور زمرد اور لعل کے ہیں اس پر وہ بیٹھتی ہے اور وہ بے دین ہے اور وہ آفتاب پرست ہے اور وہ اپنا کوئی شوہر بھی نہیں رکھتی۔ حضرت سلیمان نے کہا تو نے جو کچھ مجھ کو معلوم ہوا لیکن تو نے کیونکر جانا کہ وہ بے دین ہے۔ اے نبی اللہ مجھ کو آپ کچھ خلعت عطا فرمائیے تاکہ میں اس آپ کی کچھ نشانی باقی رہے اور پھر میرے بعد میرے فرزند بھی آپ کو یاد کرتے رہیں۔ یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس ہدہد سے کہا تو نے سچ کہا ہے یا تو جھوٹ۔ یہ سن کر ہدہد بولا اے نبی اللہ آپ سے جھوٹ نہیں کہتا ہوں۔ اور ایک روایت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہدہد کے پر پر جو تاج ہے وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی دی ہوئی نشانی ہے اور پھر ہدہد نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے کہا اس سے بہتر خلعت چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جس میں میری اولاد [illegible] ہو۔ یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ [illegible] کچھ اور نہیں دیا اور تو بلقیس کے پاس میرا خط لیکر جا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے محل سے بلقیس کے محل تک دس کوس کا فاصلہ تھا۔ اور ہفت در قصر معلیٰ بلقیس کے بند پائے لیکن اس کی کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں اس کے اندر جا کر دیکھا تو بلقیس کو سوتا ہوا پایا اور اس خط کو بلقیس کی چھاتی پر رکھ کر چپکے سے باہر نکل آیا۔ جب بلقیس بیدار ہوئی تو وہ مختوم سر بمہر سلیمانی کو اپنی چھاتی پر پایا اور اس نے اس کے لانے والے کو معلوم نہ کیا اور اپنے دل میں کچھ خوف زدہ سی ہو گئی۔ پھر اس نے اپنے کارپردازوں کو بلا کر ان سے پوچھا اے درباریوں مجھے یہ بتاؤ کہ میرے پاس یہ خط کس طرح آیا اور وہ خط بڑی عزت و عظمت کا ہے اور ہے وہ حضرت سلیمان کی طرف سے اور اس خط کو شروع بھی اللہ تعالیٰ کے نام سے کیا گیا ہے جو بڑا مہربان ہے نہایت روح والا اور اس میں یہ ہے کہ تم اپنی سلطنت پر زور دکھاؤ اور میرے پاس مسلمان ہو کر چلے آؤ۔ بلقیس [illegible] کر بڑی تعظیم و تکریم سے پڑھا۔ اے دربار والوں

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اور مجھ کو جواب دو کہ میں اپنے کام میں کوئی کام تم پر مقرر نہیں کرتی۔ جب تک تم حاضر نہ ہو۔ یہ سن کر درباریوں نے جواب دیا۔ ہم صاحب قوت اور صاحب جنگ ہیں اور یہ کام تیرے اختیار میں ہے سو تو دیکھ لے جو حکم کرے یہ سن کر بلقیس نے کہا۔ کہ مجھ کو تو حضرت سلیمان علیہ السلام اسلام کی دعوت دیتے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ تم آفتاب پرستی چھوڑ دو۔ اور اسلام میں پورے طریقے سے داخل ہو جاؤ۔ اگر میں نے ان کی یہ بات نہ مانوں گی تو وہ میری ساری سلطنت کو برباد کر دیں گے۔

ملکہ بلقیس نے کہا بھیجنے والی میں ہوں ان کی طرف ہدہد بھیج کر دیکھتی ہوں کہ آئندہ وہ کس چیز کے ساتھ واپس آتا ہے۔ اور اگر سلیمان علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں تو پھر ان کے ساتھ کسی طرح مناسب نہیں ہے چنانچہ میں ہدیہ بھیج کر انکی آزمائش کرتی ہوں۔ کیونکہ اگر وہ پیغمبر خدا ہونگے تو وہ ہدیہ نہیں لیں گے اور بغیر اسلام کے وہ کسی طرح سے راضی نہ ہوں گے بلقیس کے وزیر نے کہا اے بلقیس تمہاری جو مرضی میں آئے وہ کرنا۔ پس بلقیس نے قسم قسم کے ہدیے اور تحائف حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس ایک ایلچی کے بھیجے حضرت سلیمان تخت پر بیٹھے اور ایک ہزار وزیران کے چاندی کی کرسیوں پر ان کی ملازمت میں بیٹھے تھے۔ اور جن و انس انکے اردگرد حضرت سلیمان علیہ السلام کے مؤدب کھڑے تھے اور ہزاروں پرند ہوا کے ان کے سر پر سایہ دے رہے تھے۔ ہم نے جلدی سے حضرت سلیمان علیہ السلام کو خبر پہنچائی کہ آپ کو بلقیس نے بہت سے ہدیے و تحائف اور سات اینٹیں سونے کی اور چاندی کی اور سات پردے زربفت کے حضور کے پاس بطور ہدیہ و تحائف ارسال کئے ہیں۔ یہ چیزیں دیکھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے ملازمین کو حکم دیا کہ بادشاہی دروازے کے سامنے میدان کی دیوار سے سونے اور چاندی کی اینٹوں سے جو بنی ہے وہاں سے سات اینٹیں سونے کی اور سات اینٹیں چاندی کی اور سات پردے زربفت کے لے آؤ جب ان قاصدوں نے شاہی میدان کو دیکھا اور اس دیوار کے قریب آئے تو وہ قاصد یہ شان و شوکت اور حشمت و عظمت کو دیکھ کر بھونچکا رہ گئے اور پھر وہ بولے کہ یہ ہم چند طشت سونے کی حضرت سلیمان کی نذر کونکر کریں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تمام در و دیوار ان کی شاہی بارگاہ کے میدان سونے و چاندی کے ہیں اور ہماری یہ چودہ اینٹیں حضرت سلیمان کے سامنے کیا حقیقت رکھتی ہیں۔ اور جس دیوار سے چودہ اینٹیں سونے و چاندی کی اور سات پردے زربفت کے کھلوا کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے منگوا لیے تھے۔ جب اس جگہ پر بلقیس کے بھیجے ہوئے

Scanned with CamScanner

قاصد پہنچے تو انہوں نے وہ دیکھ کر کہا کہ شاید ہم کو چور ٹھہرا کر پکڑنے کے لئے یہاں سے اینٹیں نکال کر فریب کیا ہے۔ غرض بلقیس کے قاصد نے حضرت سلیمان کے پاس آ کر وہ تحفے وتحائف ان کی خدمت میں پیش کر دیئے۔ حضرت سلیمان کے پاس بلقیس کا قاصد آیا تو اس سے حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ تم کیا مدد دیتے ہو۔ میرے لئے اپنے مال سے پس جو کچھ مجھ کو دیا ہے اللہ تعالیٰ نے وہ بہتر ہے اس چیز سے کہ دیا ہے تم کو اور جاؤ تم اپنے اس تحفے سے خوش رہو اور ان کو یہ تحفے واپس کرو پھر تم لوگ ان کے پاس چلے جاؤ اور اب ہم بھیجتے ہیں ان لشکروں کو کہ جن کا وہ سامنا نہ کر سکیں گے اور ہم ان کو اب نکال دیں گے بے عزت کر کے اس شہر سے پس وہ ذلیل ہو جائیں گے یہ خبر لے کر بلقیس کے قاصد فوراً واپس ہو لئے اور وہاں پہنچ کر بلقیس سے کہا کہ وہ صاحب حشمت وعظمت اور نبوت سے سرفراز ہیں۔ لیکن کرو ہوئی کہ وہ بیشک نبی ہوں گے اور ان سے کہو کہ اپنی نبوت کا کچھ معجزہ دکھائیں کیونکہ اصلی دلیل پیغمبر کی معجزہ ہوا کرتی ہے چنانچہ وہ ہم کو اپنا معجزہ دکھائیں تب ہم سب ان پر ایمان لے آئیں گے۔ ادھر بلقیس نے ایک سو لونڈی اور غلام سب کو ایک ہی صورت کے لباس پہنا کر اور ٹکڑا یاقوت ناسفتہ ڈبیہ میں رکھ کر اور چند مادیاں اسپ ساتھ کرہ کے ملا کر اور ایک شیشہ خالی واسطے امتحان وامتیاز کے حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس اپنے قاصدوں کے ہاتھ بھیجا اور کہا کہ تم جاؤ اور یہ سب کچھ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس لے جاؤ اور پھر ان سے پہلے آپ ان سب غلام اور لونڈیوں میں امتیاز کریں۔ اور اس یاقوت ناسفتہ کو سفتہ کر دیں۔ بغیر آہن اور [illegible] اور مادیاں کرہ سے جدا کر دیں اور یہ شیشہ بھی پانی سے بھر دیں اور نہ وہ پانی آسمان سے برسا ہو۔ اور نہ وہ زمین سے نکلا ہو۔ پھر وہاں سے جلد چلے آؤ میرے پاس اس بات کی خبر لے کر چنانچہ قاصدوں نے وہ سب لے کر حضرت سلیمان علیہ السلام کو پہنچا دیا۔ اور وہ شرطیں جو بلقیس نے چلتے وقت کہیں تھیں حضرت سلیمان علیہ السلام سے بیان کر دیں حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ سیلابی آفتابہ لا کر پہلے لونڈی اور غلام کے ہاتھ دھلائے۔ لونڈیوں نے اپنا کف دست دھویا وہ لونڈیاں تھیں اور جنہوں نے سر انگشت دھویا وہ سب کے سب غلام تھے۔ اور عورت ومرد میں یہی عادت ہے اور دوسرا اعجاز یہ کہ یاقوت چھیدار نے کیڑے کو حکم کیا۔ چنانچہ کیڑے نے [illegible] اور تیسرا اعجاز یہ کہ اسپ مادیاں اور کرہ کو پس و پیش بندھوا کر سامنے دانہ گھاس دیا۔ ان میں سے بعضوں نے دانے پر جلدی سر بڑھایا اور بعضوں

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

نے پیچھے۔ پس اسی سے حضرت نے دریافت کیا اور فرمایا کہ جن گھوڑوں نے جلدی سے اپنا دانے پر بڑھایا سو وہ مادیاں کند ہیں اور جن گھوڑوں نے تاخیر کی کھانے میں وہ ناکند ہیں۔ اس کے بعد حکم کیا کہ اپنے گھوڑوں کو دوڑاؤ اور ان کے پینے سے شیشہ بھرا۔ غرض حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کے سوالات ناشائستہ کو بطریق شائستہ حل کر کے اور اس کے مقاصدوں کو خلعت دے کر رخصت کیا۔ پس قاصدوں نے بلقیس سے جا کر یہ معجزات اور کرامتیں بالشرح بیان کیں۔ بلقیس نے یہ سن کر اپنے ارکان دولت سے کہا کہ بہتر یہ ہے کہ میں حضرت سلیمان کے پاس جاؤں اور ان کی اطاعت قبول کروں۔ یہ کہہ کر بلقیس نے سباب سفر تیار کرایا اپنے ساتھ لونڈی وغلام اور بہت سا لشکر بھی لے لیا اور تخت و دولت کو ہفت خانے میں رکھ کر ہفت در بند کر کے کنجیاں اپنے ساتھ لے لیں۔ ملازموں نے آ کر حضرت سلیمان علیہ السلام کو خبر دی کہ بلقیس ملکہ شہر سبا سے عنقریب حضور کی خدمت میں حاضر ہونے والی ہیں اور ہوا سے بھی پہلے جنوں نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے آ کر کہا اور کچھ مذمومیت بھی بلقیس کی بیان کی تھی کہ اس کی ساق پر بال بہت ہیں اور وہ کچھ کم عقل بھی ہے کیوں کہ ان کی ماں جنوں سے تعلق رکھتی ہے اور یہ نسبت انسان کے جن کم عقل رکھتے ہیں۔ پس جن یہ بات حضرت سلیمان سے کہہ کر بعد میں بہت ڈرے کہ اگر ہماری بات جھوٹ ہوئی تو ہم کو ضرور سزا ملے گی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان باتوں کو آزمائش کرنے کے لئے بلقیس کی آمد کی راہ پر اپنے تخت گاہ کے سامنے حوض بنوا کر اس پر ایک پل شیشے کا تیار کیا۔ اور اس حوض میں مچھلی و مرغابی بھی چھوڑ دیں اور وہ پل ایسا تھا کہ اوپر ظاہر معلوم ہو اور بلقیس اس کے اوپر سے آئے تو یقین ہے کہ پانی ہی کے دھوکے سے پنڈلیوں کے کپڑے اٹھائے گی تو پنڈلیوں کے بال ظاہر ہو جائیں گے۔ پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا اے دربار والو تم میں کوئی ہے کہ جو لے آئے میرے پاس تخت بلقیس کا پہلے اس کے وہ آئے میرے پاس کہا ایک جن نے جنوں میں سے کہ میں لے آؤں گا۔

اسم اعظم اللہ تعالیٰ کا وہ جانتا تھا وہ بولا کہ میں لے آؤں گا تیرے پاس تخت بلقیس کا پہلے اس کے کہ وہ آئے طرف ترے نظر تیری یعنی کسی طرف دیکھنے سے پھر اپنی طرف دیکھے اس سے قبل۔ پھر آصف جاہ نے اسم اعظم پڑھتے ہی ایک ہی پل میں تخت بلقیس کا سلیمان علیہ السلام کے پاس لا موجود کیا۔ پھر اس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ روپ بدل کر دکھاؤ اس

Scanned with CamScanner

عورت کو اس کا تخت تا کہ ہم کو معلوم ہو جائے کہ اس میں سوجھ بوجھ ہے یا نہیں یا ان لوگوں میں اس کا شمار ہے جن کو سوجھ بوجھ نہیں ہوتی۔ اور روپ بدلنا یعنی بلقیس کا تخت جزاؤ کا تھا وہ جزا اکھاڑ دیا گیا اور دوسرے قرینے سے اس کو جزا گیا۔ کیونکہ اس سے بلقیس کی عقل آزمانی تھی اور پھر اپنا معجزہ بھی دکھانا تھا۔ چنانچہ کارپردازوں نے ایسا ہی کیا۔ غرض جب بلقیس اس حوض کے کنارے پر آئی اور پل شیشے کا تھا جو کہ اعلیٰ قسم کی کاری گری سے تیار کرایا تھا اس پر اس کی نظر پڑی اور اس کو یقین ہوا کہ شائد یہاں پانی ہے تب اس نے اپنی پنڈلیاں کھول دیں اس سے حضرت سلیمان علیہ السلام کو معلوم ہو کہ اس کی ساق پر کچھ بال نہیں۔ اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ جو بات جن نے آ کر کہی تھی وہ جھوٹ بات تھی۔ اور جب بلقیس حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس آئی اور پھر اس نے تخت اپنے کو پہچانا۔ تب اس نے اپنے تخت کے پاس جا کر بولی گویا یہ وہی تخت ہے اور ہم کو معلوم ہو چکا ہے کسی ذریعہ سے اور ہم تو مسلمان ہو چکے ہیں اس بات سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بلقیس عقلمند اور ہوشیار ہے اور کسی نے کہا اس عورت کو اندر محل میں چلو۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اس وقت اپنے دیوان خانے میں بیٹھے ہوئے تھے اور اس میں پتھروں کی جگہ پر شیشے کا فرش تھا۔ اور دیکھنے والے کو دور سے پانی نظر آتا تھا۔ اسی وجہ سے بلقیس نے اپنی پنڈلیاں وہاں کھول دیں اس پانی سے گزرنے کا قصور اور عقل کا کمال حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کو کہا کہ یہ تو شیشے کا فرش ہے پانی نہیں ہے اس بات سے عقل کا قصور اور عقل کا کمال حضرت سلیمان علیہ السلام کو معلوم ہوا اور پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے جو جنوں کی زبانی سنا تھا کہ اس کی پنڈلیوں پر بال ہیں۔ بکریوں کی طرح اب معلوم ہوا کہ وہ سچ ہے پھر انہوں نے اس کی دوا تجویز کی اور اس کو نورہ کہتے ہیں اور وہ دوا بہت مشکل سے تیار ہوئی تھی۔ بالآخر حضرت سلیمان علیہ السلام بلقیس کو اپنے نکاح میں لائے۔ ایک دن بلقیس نے کہا اے نبی اللہ آپ ہر روز تخت پر بیٹھ کر ہوا پر سیر کرتے ہیں اور تمام عالم کے گرد پھرتے ہیں مجھ کو بھی ایک دن اپنے ساتھ لے چلئے تا کہ میں فلاں جزیرے میں جا کر عجیب و غریب تماشا دیکھوں یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس تخت کو اس جزیرے میں جو سات دریا کا جزیرہ ہے پہنچا دو تب ہوا نے وہاں ان کے حکم پر وہ تخت پہنچا دیا۔ بلقیس وہاں کا سبزہ اور آب رواں دیکھ کر بہت خوش ہوئی اور وہاں کے دریائی گھوڑوں کے بازوں پر دیکھے وہ سب کے سب سلیمان علیہ السلام کا تخت دیکھ کر مثال پرندوں کے اڑ گئے۔

Scanned with CamScanner

حضرت سلیمان علیہ السلام جب استنجے کو جاتے تو خانم اپنے ہاتھ کی انگوٹھی نکال کر ایک خادمہ کے حوالے کر جاتے تھے کیونکہ اس انگوٹھی پر اسم اعظم اللہ تعالیٰ کا تھا۔ اس لیے وہ اصل کو استنجے کے وقت اپنے ساتھ نہیں رکھتے تھے۔ ایک دن مرضی الٰہی سے ایسا اتفاق ہوا کہ جنوں میں سے ایک جن جس کا نام صخرہ تھا اس نے صورت و شکل حضرت سلیمان علیہ السلام کی بنا کر اس خادمہ یمیہ سے انگوٹھی لے کر اپنی انگلی میں پہن کر تخت پر جا بیٹھا۔ اور جن سب اس کے سامنے اپنے اپنے عہدہ پر فائز تھے۔ جیسا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی ملازمت میں کھڑے رہتے تھے ویسے ہی اس کے سامنے بھی۔ سب آ کر حاضر ہوئے اور اسی طرح سے پرندوں نے بھی آ کر اپنے اپنے پروں سے سایہ کیا اور وہ صخرہ حکم و احکام جاری کرنے لگا۔ کچھ دیر کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے استنجے سے فراغت پا کر اپنی خادمہ یمیہ سے اپنی انگشتری طلب کی وہ بولی کہ انگشتری تو حضرت سلیمان علیہ السلام لے گئے ہیں اور تم کون ہو۔ جو مجھ سے انگشتری طلب کرتے ہو۔ یہ سن کر حضرت نے جواب دیا کہ میں سلیمان ہوں تم نے انگوٹھی کس کو دیدی وہ بہت زیادہ حیران و پریشان ہوئی اس نے ہر چند حضرت سے عرض کی لیکن وہ یقین نہ کرتے تھے پھر بذات خود حضرت سلیمان اپنے تخت کے قریب گئے تو وہاں جا کر دیکھتے ہیں کہ وہی صخرہ جن تخت پر بیٹھا ہے اور انگوٹھی بھی اس کے ہاتھ میں ہے اور اس کے سامنے تمام جن و انس دربار عام میں باادب کھڑے ہیں۔ یہ دیکھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان سے کہا کہ میں سلیمان ابن داؤد ہوں۔ لوگوں نے ان کی تکذیب کی اور دیوانہ جان کر چوبداروں نے وہاں سے نکال دیا۔

آپ بھوکے تھے۔ کسی نے بھی ان پر کچھ التفات نہ کی۔ پھر نوکری کی خواہش ظاہر کی لیکن کسی نے بھی نوکر نہ رکھا۔ پھر یہاں سے بھی بھوکے پیاسے نکل کر دریا پر گئے مچھلی والوں کو مچھلیاں شکار کرتے ہوئے دیکھا ان لوگوں سے کہا تم لوگ مجھ کو نوکر رکھ لو اور ہم تمہارا کام کریں تب ماہی گیر نے ان کو دو مچھلیاں دینی ہر روز مقرر کیں اور نوکر رکھ لیا آخر تمام دن گزار رات کے وقت دو مچھلیاں پکڑی گئیں یہی دو مچھلیاں مزدوری میں ان کو ملیں ان میں سے ایک مچھلی بازار میں بیچ کر روٹی مول لی اور دوسری مچھلی کو تل کر روٹی کے ساتھ کھائی اور پھر شکر خدا کا بجالائے اسی طرح وہ چالیس روز تک اپنی روزی پیدا کر کے کچھ آپ کھاتے اور باقی بچتی وہ محتاجوں کو دیتے اور پھر تمام رات عبادت میں مشغول رہتے اور توبہ استغفار کرتے۔ جس دن سے وہ تخت پر بیٹھا اور اپنا حکم جاری

Scanned with CamScanner

کرنے لگا۔ اسی دن سے وزیر آصف جن اس بات کا متلاشی اور متردد ہوا کہ آج چالیس دن سے یہ شخص تخت پر بیٹھ کر حکومت کرتا ہے کون ہے اور یہ تو یقین ہے کہ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام نہیں ہیں۔ بلآخر آصف جن نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بیبیوں سے جا کر پوچھا کہ آج حضرت سلیمان علیہ السلام کہاں ہیں کیا تمہارے پاس تشریف لاتے ہیں یا نہیں وہ یمنیہ خادمہ کو جس کے ہاتھ سے حضرت سلیمان علیہ السلام کام لیتے تھے وہ بولی کہ آج چالیس دن ہوئے ہیں ہم لوگ حضرت سلیمان علیہ السلام کو نہیں دیکھتے ہیں اور نہ ہمارے پاس تشریف لاتے ہیں اور اپنی خاتم بھی مجھ کو نہیں دیتے شاید اور کہیں تشریف لے گئے ہوں۔ پھر آصف جن نے یہ سنکر یمنیہ سے کہا بہت اچھا میں ابھی معلوم کر لیتا ہوں اسی وقت اس نے چالیس آدمی توریت خواں کو بلا کر تخت گاہ میں لے جا کر توریت سب کے ہاتھ میں پڑھنے کے لئے دی جب وہ لوگ توریت پڑھنے لگے تب وہ مصحرہ جن جو تخت پر بیٹھا تھا۔ یہ کلام الٰہی سن کر تخت پر نہ ٹھہر سکا آخر وہاں سے الگ ہو کر اس تخت سے ایک کنارے پر جا بیٹھا پھر وہاں بھی نہ ٹھہر سکا وہ وہاں سے بھی بھاگا اور وہ خاتم حضرت سلیمان کی دریا میں ڈال کر چلا گیا مرضی الٰہی سے ایک دن حضرت سلیمان علیہ السلام ان مچھلی والوں کی نوکری بجالا کر تھکے ماندے دریا کے کنارے سو رہے تھے اچانک ایک سانپ آیا اور ایک سبز پتا اپنے منہ میں لے کر ان پر ہوا کر رہا تھا۔ ایک مچھیرے کی بیٹی تھی اور وہ صاحب جمال تھی۔ ہر روز اپنے باپ کا کھانا دریا کے کنارے لایا کرتی تھی اس نے حضرت سلیمان کو دریا کے کنارے سوتا دیکھا اور وہ یہ دیکھ کر حیران ہوئی کہ ایک آدمی سوتا ہے اور ایک سانپ ان پر ہوا کر رہا ہے وہ دختر دراصل بالغہ تھی یہ حال دیکھ کر اس نے اپنے باپ سے جا کر کہا کہ اے ابا جان مجھ کو تم اس شخص سے بیاہ دو تو بہت بہتر ہوگا اور میں اس کے سوا کسی دوسرے سے بیاہ نہ کروں گی۔ تب وہ ماہی گیر اپنی بیٹی کو لے کر حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس گیا' اس وقت حضرت سلیمان علیہ السلام سوئے ہوئے تھے ان کے آنے کی آہٹ سے وہ جاگ اٹھے۔ اس شخص نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے کہا کہ میں اپنی بیٹی سے تم کو بیاہ دونگا حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ بھائی میں تو تمہارا نوکر ہوں اور میں نوکری کر کے پیٹ پالتا ہوں اور مجھ کو روز دو مچھلیاں اجرت حضور سے ملتی ہیں۔ انہیں کو کھاتا ہوں بتائے کہ میں آپ کی بیٹی کی خوراک اور مہر کہاں سے دوں گا۔ یہ سن کر وہ بولا کہ میری بیٹی آپ سے مہر نہیں چاہتی ہے۔ اور کھانے کو میں ریتا رہوں گا یعنی کھانا میرے ذمے ہے۔

Scanned with CamScanner

بالآخر حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ بات اس کی قبول کر لی اور اس کے ساتھ اس کے مکان پر جا کر اسی کی بیٹی سے بیاہ کر لیا۔ پھر توبہ استغفار کر کے خدا کی عبادت میں مشغول ہو گئے فی الجملہ اس صخرہ جن نے جو انگشتری حضرت سلیمان علیہ السلام کی دریا میں ڈال کر بھاگا تھا اس انگشتری کو ایک مچھلی نگل گئی تھی اور تمام مچھلیاں دریا کی اس انگوٹھی کے سبب سے اس مچھلی کی مطیع و فرمانبردار ہو رہی تھیں۔ دوسرے دن سب ماہی گیر حضرت سلیمان علیہ السلام کو لے کر اس دریا میں جہاں انگشتری حضرت سلیمان کی صخرہ جن نے ڈالی تھی وہاں مچھلی کے شکار کو گئے۔ خدا کے حکم سے وہ مچھلی کی جس نے انگشتری حضرت سلیمان علیہ السلام کی نگلی تھی وہ جال میں پکڑی گئی۔ پس مچھیرے نے اس مچھلی کو اور دو اور مچھلیوں کو لا کر حضرت سلیمان علیہ السلام کی اجرت دی۔ پس حضرت سلیمان علیہ السلام ان تینوں کو لے کر ان میں سے دو مچھلیوں کو بیچ ڈالا اور ایک مچھلی اپنی بیوی کے حوالے کی کہ اس کو ذبح کر کے صاف کرو۔ جب ان کی بیوی نے اس مچھلی کا پیٹ چیرا تو وہ انگشتری حضرت سلیمان علیہ السلام کی اس کے شکم سے نکل پڑی اس کی روشنی سے سب گھر میں اجالا ہو گیا۔ مچھیرے کی بیٹی یہ عجوبہ دیکھ کر بے اختیار پکار اٹھی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی انگوٹھی پہچان کر اپنے ہاتھ میں پہن لی۔ اور مرغان ہوا آ کر سر پر سایہ فگن ہوئے اور جن و انسان جمیع خلق ان کی ملازمت میں بدستور سابق آ کر حاضر ہوئی اور ہوا نے شاہی تخت لا کر موجود کر دیا۔ پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی بیوی ماہی گیر کی بیٹی سے کہا کہ میں سلیمان ابن داؤد ہوں اور تمام احوال اپنا اول سے آخر تک بیان کیا اور اس وقت ہوا کو حکم کیا تب ہوا نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو تخت سمیت اپنے محل خاص پر پہنچا دیا اور جتنے ملازمان تھے سب نے آ کر حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے دربار عام میں حاضری دی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے کئی برس تک حکومت کی اور بیت المقدس جو حضرت داؤد علیہ السلام نے بنایا تھا۔ اس کو اور بھی بڑا کر کے بنوایا پھر جنوں کو حکم کیا کہ اس کی دیواریں سنگ سفید کی بناؤ کیونکہ وہ خوبصورت معلوم ہوتی ہیں۔ تب بموجب ارشاد ان کے جنوں نے ویسا ہی کیا اور ستون بھی اس کے چالیس گز لمبے سنگ مرمر سے بنائے اور کواڑ دروازوں کے آب نوش کے لگائے اور ایک دروازے کا نام باب داؤد اور دوسرے کا نام طوبی اور تیسرے دروازے کا نام باب رحمت اور چوتھے دروازے کا نام بنی العربی آخر الزماں رکھا اور اس کی چھت بھی سباج کی

www.freeamliyaatbookspdf.com
JAHANZAIB BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
Scanned with CamScanner

لکڑی سے بنوائی تھی اور دیوار اس کی سونے سے زراندودہ کی تھیں اور مسجد کے اندر قندیلیں چاندی کی لگائی تھیں اور قندیل میں تیل کی جگہ لعل شب چراغ تھا اس کی روشنی سے سب روشن ہو جاتا تھا اور گندھک سرخ سے قندیلوں کو ترکیب دیا تھا ایسا کہ تین کوس تک اس کی روشنی کی شعاع جاتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہی گندھک سرخ کیمیا ہے وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے عنایت فرمائی تھی۔ باتفاق ایک روز حضرت سلیمان علیہ السلام گنبد کے دروازے پر جو شیشے سے بنایا تھا اپنا عصا ٹیکے کھڑے تھے خدا کے حکم سے ملک الموت حاضر خدمت ہو گئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان سے پوچھا کہ تم میری ملاقات کو آئے ہو یا میری روح قبض کرنے کو۔ یہ سن کر ملک الموت نے کہا کہ میں تمہاری روح قبض کرنے کو آیا ہوں۔ یہ سنتے ہی حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا بہت اچھا صرف مجھے ذرا پانی پینے کی مہلت دو اس کے جواب میں ملک الموت نے کہا میں خدا کے حکم میں اب کچھ دیر نہیں کر سکتا ہوں اور اب آپ کے واسطے پانی پینے کا حکم خداوندی نہیں ہے۔ چنانچہ جیسا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام عصا پر ٹکے کھڑے تھے اسی ہیت پر ان کی جان قبض کر لی گئی۔ ایک روایت میں ہے کہ اسی طرح ایک برس تک حضرت سلیمان علیہ السلام کی لاش بے جان عصا کے ٹیکے سے کھڑی رہی۔ ان کی موت کی خبر کسی کو نہ ہوئی اور تمام اجزا اسی طرح سے بیت المقدس کا کام انجام دیتے رہے یہاں تک کہ عصا ان کا گھن کھا گیا اور لاش زمین پر گر پڑی۔ تب لوگوں کو معلوم ہوا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام اتنے روز بے جان کھڑے تھے اس کے بعد تخت ان کا ہوا میں گیا اور وہ آدمیوں کی نظروں سے غائب ہو گیا اور تمام جن تاسف کرتے ہوئے چلے گئے۔ اس میں حکمت علی الاطلاق کی تھی کہ جن اپنی غیب دانی پر فخر کرتے تھے کہ ہم کو غیب کی بات معلوم ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے بطور آزمائش کے ان کو آزمایا۔ اگر وہ غیب کی بات جانتے تو حضرت سلیمان کی موت کی خبر ان کو معلوم ہوتی اور پھر وہ ذلت میں مبتلا رہتے پس خدا کی مرضی یہی تھی کہ جنوں کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے مرنے کی خبر نہ ہو ورنہ وہ سب چلے جاتے اور پھر بیت المقدس کی تیاری بھی نہ ہوتی یوں ہی زیر تعمیر مرمت رہ جاتی۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

شرائط عملیات:

عملیات شروع کرنے سے پہلے اپنے آپ کو پرکھئے۔ کیا آپ ان عملیات سے استفادہ حاصل کر پائیں گے یا اپنا وقت ضائع کریں گے۔ اس کی چند وجوہات ہمارے تجربے میں آئی ہیں۔ جس سبب لوگ عمل تو کرتے ہیں۔ لیکن اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں

ہو پاتے۔ اس کی چند وجوہات یہ ہیں کہ ہم جلد باز ہیں۔ اور بغیر تیاری کے کام شروع کر دیتے ہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے آپ کو عقل و شعور کی قیمتی دولت سے نوازہ ہے۔ اس کے سوا آپ خود فریبی میں مبتلا رہتے ہیں۔ جہاں کہیں کسی کتاب میں آپ نے کوئی عمل پڑھا۔ اور رات کو کرنے بیٹھ گئے۔ ذہن و قلب میں آلودگی، اس شہر ہوس کی چکا چوند یلغار، شاہانہ خواب، آپ خود سوچئے آپ کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں۔

آپ سے گذارش ہے کہ آپ عملیات کو شروع کرنے سے پہلے اس کی مکمل تیاری کریں۔ آپ ایک ایسی قوت حاصل کرنے جا رہے ہیں۔ جس کا تصور بھی عام انسان کی سوچ سے بعید ہے۔ یہ بات عملیات پر منحصر نہیں ہے کسی بھی کام کو کرنے سے پہلے ان کی

Scanned with CamScanner

کی مکمل تیاری کرتا ہے۔ اس کے اسرار و رموز سے آگاہی حاصل کرتا ہے۔ جس طرح سنہار کی کتاب پڑھنے سے آدمی سنہار نہیں ہو جاتا۔ اسے اس کام کو سیکھنے کے لئے اپنی عمر کا ایک حصہ دینا پڑتا ہے۔ جب جا کر وہ کاریگر بنتا ہے۔ جس طرح فوج میں بھرتی ہونے کے بعد ایک طویل ٹریننگ کرتا ہے۔ اس کے بعد ملک و قوم کی حفاظت کے لئے فوجی قرار پاتا ہے۔ کوئی بھی پیشہ ہو اس کے لئے عمر کا کچھ حصہ دینا پڑتا ہے۔ پھر کیوں آپ فریب میں مبتلا ہیں۔ آپ رات عمل شروع کریں گے اور چالیس روز بعد آپ بے تاج بادشاہ ہوں گے۔ موکلات آپ کے حکم کے تابع ہوں گے۔ خدارا اس خود ساختہ فریب سے باہر نکلئے اور حقیقت کی دنیا میں اپنی شعور کی آنکھیں سے دیکھئے ہم نے یہ بھی دیکھا ہے یہاں سچ سننے کے لئے کوئی تیار ہی نہیں۔ لیکن ہم نہ خود سے جھوٹ بول سکتے ہیں اور نہ ہی آپ کو فریب میں مبتلا رکھ سکتے ہیں۔ اہل ایمان کا یہ شیوہ نہیں کہ وہ کسی کو بھی فریب میں مبتلا رکھے۔ جن بزرگان دین و اہل علم نے ان عملیات کے اسرار سے آگاہی بخشی ہے۔ یہ ان کا احسان عظیم ہے۔ انہوں نے وقت کی پیمائش آلودہ ذہن سے نہیں کی اور نہ قلب میں حرص و ہوس کا گرد غبار تھا۔ ان کا ظاہر و باطن شفاف تھا آئینہ کی طرح..... انہوں نے وقت کے ہر لمحہ کو عبادت و ریاضت بنا لیا تھا۔

ہم یہ نہیں کہتے آپ میں خصوصیات نہیں ہیں۔ یقیناً آپ امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی فلاح کے لئے ان عملیات سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ آپ ایمان کامل کی دولت سے مالا مال ہوں۔ لیکن سب کی سوچ و فکر ایسی نہیں ہے۔ ہم ان حضرات سے مخاطب ہیں۔ جو خود فریبی میں مبتلا ہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات کے عظیم خطاب سے نوازہ ہے۔ انسان چاہے تو وہ اپنے ارادے کو حقیقت کا جامہ پہنا سکتا ہے۔ جن کے ارادے مضبوط اور ایمان کامل ہو ان کے لئے مشکل نہیں۔ سفر کس قدر اذیت ناک اور

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
AHANZAIB
Scanned with CamScanner

طویل ہو وہ اپنی منزل پر پہنچ جاتے ہیں۔ لیکن ہمارا فرض ہے کہ ہم آپ کو روشنی اور اندھیرے کی خصوصیات سے آگاہی دیں۔ آپ ضرور اپنے خوابوں کو خوبصورت تعبیر دیجئے۔ لیکن اس کے لئے پہلے خود کو مکمل تیار کریں۔ جو کام کرنے کا ارادہ ہے اس کی تیاری اسطرح کریں کہ کوئی کمزوری آپ کے راستے کی رکاوٹ نہ بنے۔

اس اسم پاک کا اس قدر ورد کریں کہ حال غالب آجائے۔ ہر لمحہ یہ اسم پاک زبان پہ جاری وساری رہے۔ صبح وشام ایک سو ایک مرتبہ درود پاک ضرور تلاوت کریں، اور سارا وقت بغیر تعداد کے پڑھیں۔ اور اس وقت تک پڑھتے رہیں کہ نیند غالب آجائے۔

اگر آپ اسے قاعدہ سے ورد کرنا چاہتے ہیں تو پہلے اکیس روز استغفر اللہ کی تسبیح مفارات پڑھیں۔ صبح نماز فجر اور نماز عشاء میں ایک سو ایک بار درود پاک پڑھ سکتے ہیں۔ قطعئی کوتاہی نہ کریں اکیس روز کے بعد اللہ تبارک تعالیٰ سے ان تمام گناہوں، کوتاہیوں کی معافی طلب کریں جو دانستہ و نادانستہ زندگی کے کسی لمحے سرزد ہوئے ہیں۔ نبی پاک کے وسیلے، آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابراہیم علیہ السلام آل ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام آل حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تمام انبیاء علیہ السلام، اہل بیت اور تمام

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
MUHAMMAD SHAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اولیاء کرام بزرگان دین کے وسیلے سے دعا مانگیں۔ جس قدر عاجزی کریں گے، اشک بہائیں گے اور سجدے میں رہیں گے اس قدر میرے پروردگار کا کرم ہوگا۔ وہی گناہوں کو معاف کرنے والا اور دعاؤں کا سننے اور قبول کرنے والا ہے، اللہ آپ پر اور ہم سب پر کرم فرمائے۔ آمین

عمل کے لئے بہتر وقت عاجزی منگل کی شب کے آخری تہائی میں ایک سو ایک بار درود پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بخور روشن کر کے عاجزی سے تنہائی میں اس اسم پاک کا ذکر کریں۔ اذان فجر سے پہلے درود پاک مندرجہ بالا تعداد میں پڑھ کر نماز فجر ادا کریں۔ یہ ورد آپ کو سات منگل اسی طرح عاجزی سے کرنا ہے.... اور سارا دن ہر نماز کے بعد جس قدر تعداد میں آپ تلاوت کریں۔ اللہ تبارک تعالیٰ سے اپنی محبت کا اظہار کریں۔ آپ کی خوش نصیبی ہوگی۔ انشا اللہ تعالیٰ آپ کی کیسی ہی حاجت نیک تمنا ہو.... یقین رکھیں اللہ تبارک تعالیٰ اپنے اس اسم پاک کی برکت سے ضرور پوری فرمائے گا۔ لیکن آپ جب بھی عمل کریں اپنے ذہن سے دنیاوی تمام آلودگی کو نکال کر، عاجزی کے ساتھ، یقین، ایمان کی مضبوطی کے ساتھ عمل کیجئے۔ انشا اللہ آپ پر کرم ہی کرم ہوگا، ہمارا دعویٰ ہے کہ میرا پروردگار رحیم و کریم ہے۔ وہ اپنے بندوں کی محبت کا جواب اپنے فضل و کرم سے عنایت فرماتا ہے۔ وہ یقیناً اپنے اس اسم پاک کی برکت و فضیلت سے بندے کی ہر نیک حاجت کو پورا فرماتا ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ آپ کی دعاؤں کو قبول فرمائے، آمین۔

دوسرا طریقہ..... اس اسم پاک کے ورد کرنے کا دوسرا طریقہ یوں ہے کہ آپ اس اسم پاک کے حروف ابجد نکالیں، اور روزانہ شب منگل سے اول و آخر اکتالیس اکتالیس بار درود شریف کے درمیان تلاوت کریں۔ یہ وظیفہ بھی اکیس روز کا ہے۔ اس کے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

لئے آپ کو باقاعدہ وہ تمام اہتمام ملحوظ رکھنا ہوگا۔ پرہیز جمالی و جلالی دونوں اختیار کرنا ہوں گے۔ یاد رکھیں دوران عمل اور روز و شب اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی میں رہیں۔ اکیس روز تمام اہتمام کے ساتھ وظیفہ کریں۔ انشا اللہ تجلیات نور کا مشاہدہ کریں گے اور آپ کی ہر نیک حاجت اللہ رب العزت کی خوش نودی پائے گی۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس اسم پاک کی تجلیات سے آپ کو وہ قوت حاصل ہو جائے جو کہ آصف بن برخیا کے پاس تھی تو آپ کو وقت کی قید سے بلند تر ہو کر عبادت گزار بننا ہوگا۔ جہاں نہ وقت کی پیمائش ہی کی جاتی ہے، اور نہ ہی کوئی خواہش آئینہ قلب پر عکس ہوتی ہے۔ یہ قوت صرف اسے حاصل ہوتی ہے جو صرف اور صرف اللہ کا ہو جاتا ہے۔

ہاں اس اسم پاک کی برکت سے ہر اہل ایمان و یقین مستفیض ہو سکتا ہے جو طریقہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے۔ اس پر عمل کر کے اللہ تبارک تعالیٰ مجھے اور تمام اہل ایمان کو اپنی محبت سے نوازے۔ آمین۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

دائیرہ محافظ

عینیٰ آیت الکرسی

قرآن حکیم کے ہر لفظ میں تجلیات نور و اسرار الٰہی پوشیدہ ہیں۔ وہی اہل عاشقاں اور یقین و عبادت اس سے آشنائی پاتے ہیں۔ جو وقت کے ہر لمحہ کو عبادت اور اللہ تبارک تعالیٰ کی خوش نودی کے لئے خود کو وقف کر لیتے ہیں۔ ہم نے اس سے قبل حصار کے کئی طریقے آپ کو تحریر کئے ہیں، جو کہ سب کے سب دوران عمل اہل علم کے لئے قلعہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لیکن یہ دائیرہ جو ہم بزرگان اہل علم و فن کی مرہون و نوازش یہاں تحریر کر رہے ہیں۔ اگر حصار باندھنے کے بعد اس دائیرہ کو زعفران و عرق گلاب سے کسی پاک صاف سفید کاغذ پر۔ جس پر آپ نے ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر دم کیا ہوا ہو۔ اس کاغذ پر اس آیت کو مندرجہ ذیل طریقے سے تحریر کریں۔ اور بعد ایک سو ایک بار درود پاک پڑھ کر دم کریں۔ اور اسے دوران عمل اپنے سامنے جائے نماز پر رکھیں۔ یہ نہایت بابرکت، قوت بخش اور ہر خوف سے نجات کے لئے گوہر نایاب ہے۔ جب بھی ذہن یا قلب میں خوف کی کوئی ہلکی سی لہر بھی پریشان کرے آپ اس دائیرے پر اپنی نظریں محفوظ کر دیں۔ انشاء اللہ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

تعالیٰ آپ کو کسی قسم کا کوئی خوف کمزور نہیں کرے گا۔ آپ کو یہ بھی بتاتے چلیں۔ یہ تجلیات نور قرآن حکیم کی آیت مبارکہ سورہ آیت الکرسی کی ہیں۔ اس کی تجلیات سے اپنی روح کو روشنی بخشئے۔



www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner



دائیرہ سورہ فاتحہ

قربان جاؤں میرے اپنے رب العالمین کے جس نے ایسی ایسی عظیم الشان، عظمت و برکت والی آیت مبارک سے اہل ایمان کو نوازہ۔ جس کا ہر حرف بلند و عظیم شان والا ہے۔

سورۃ فاتحہ کی شان و عظمت میں ہم کیا بیان کریں۔ نہ ہم میں یہ قوت ہے اور نہ ہی قلم کو جرائت ہے۔ عاجزی کے ساتھ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم عرض ہے۔ جس نے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی۔ اسنے گویا توریت، زبور، انجیل، مصحف ادریس علیہ السلام مصحف ابراہیم علیہ السلام، قرآن پاک کو سات مرتبہ پڑھا۔

اے اہل ایمان آپ نے اس آیت مبارک کی فضیلت ملاحظہ فرمائی۔ اللہ اللہ ایک شان ہے۔ وہی اس آیت مبارکہ کی عظمت کو سمجھتے ہیں اور اس کی برکات سے استفادہ پاتے ہیں۔ جو اللہ تبارک تعالیٰ اور اس کے کلام عظیم پر مکمل ایمان و یقین رکھتے ہیں۔ سورۃ فاتحہ اس خزانے سے ہے جو عرش کے نیچے ہے۔ مقام تو اللہ تبارک تعالیٰ ہی جانتے ہیں یا میرے نبی پاک صلی اللہ والہ وسلم۔ سورۃ فاتحہ میں اللہ تبارک تعالیٰ نے ستر شفائیں عطا کی

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
عملیات مفت

Scanned with CamScanner

ہیں۔ اور ہر شفا میں شفاعت کے ستر اسرار۔ اور ہر اسرار میں ستر نقطے۔ سورۃ فاتحہ ہر امراض، ہر پریشانی، ہر مشکل و مصیبت میں شفائے عظیم ہے۔ یہاں تک کہ شفائے زہر بھی ہے۔ سورۃ فاتحہ کی فضیلت تو۔ بے شمار ہے۔ علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گرامی ہے سورۃ فاتحہ شانی ہے۔ اس کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں۔ یہ سورۃ دو مرتبہ نازل ہوئی یعنی ایک مرتبہ مکہ مکرمہ میں اس وقت نازل ہوئی جب نماز فرض ہوئی اور دوسری بار اس وقت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی جبکہ تحویل کعبہ کا حکم ہوا۔ یا برقت اسم پاک سے پکارا جاتا ہے۔

(۱) ام القرآن، کنز، وافیہ، سورۃ الحمد، سورۃ الصلوٰۃ، شفا، وشافیہ، کافیہ، اساس، سورۃ الدعا، سورۃ السوال، سورۃ المنکر، فاتحۃ الکتاب، سبع مثانی، اسم عظیم سورۃ کے بارے میں ہم کیا تحریر کریں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اہل ایمان پر انعام ہے۔ یہ سورت مبارکہ جہاں ہزار ہا برکات و فضیلت کی حامل ہے وہاں دنیاوی و اخروی حاجات کا خزانہ بھی ہے۔ ہم جو دائیرہ مندرجہ ذیل تحریر کر رہے ہیں۔ اسے بھی آپ دائیرہ آیت الکرسی کی طرح پاک صاف کاغذ پر تحریر کریں۔ لیکن اس میں آپ کو تھوڑی سی مزید برکات سمیٹنی ہوگی۔ یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کاغذ پر دم کریں پھر ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر اس آیت مبارک کو مندرجہ ذیل طریقے سے تحریر کریں۔ اور وقت عمل اپنے سامنے جائے نماز پر رکھیں۔ دائیرہ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

دیو، پریاں، دیو، موکلات

حرف اول اسم اللہ جل شانہ۔ وہی ذات صفات اعلیٰ ہے جو تمام کائنات کا معبود وخالق ہے ہر شے میں اسی کا جلوہ ہے۔ باقی سب نظر فریب ہے۔

میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی برکات سے اس کائنات میں رنگ و بو رونق افروز ہیں۔ میری ہر سانس میں درود، میرے ہر سجدے میں عاجزی اللہ اللہ۔

علم کے ہر قفل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی چابی در مصطفیٰ میں ہے۔ میرے عزیز اہل ایمان بھائیوں اگر تم اس دنیا میں اور اس دنیا میں بھی کامیابی چاہتے ہو تو زمین پر بچھے رہو۔ اور یہ یقین رکھوں کبھی تو میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اس راہ سے گزریں گے۔ اور غلام کو نعلین مبارک ﷺ کو چومنے کا موقع ملے گا درود پاک پڑھیئے۔

﴿ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّد

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اِنَّکَ حَمِیدُمَجِیدُ ۵ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَابَارَکتَ علی اِبرَاھِیمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبرَاھِیمَ

اِنَّکَ حَمِیدُ مَجِیدُ ۵ ط

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

مسلمان بادشاہ جنات

ہم جن جنات کا ذکر صفحہ قرطاس پر کریں گے۔ یہ اہل اسلام ہیں۔ جو بے انتہا قوت کے مالک ہیں جو نیک پاک صاف لوگوں کو پسند کرتے ہیں۔ جو ظاہری بھی اور باطنی بھی پاک ہو جن کے نہ جسم میں اور نہ ذہن میں کوئی آلودگی شرمندگی کا باعث ہو۔ اکثر بزرگان اہل علم نے ان سے دوستی رکھی ہوئی تھی۔ یہ لوگ دوستی کی نیت سے انہیں حاضر کرتے تھے۔ وہ کامیاب رہتے۔

اور وہ حضرات جو اپنی علمی بصیرت کے سبب غرور و تکبر میں حکمرانی کے زعم میں یا دیگر موکلات و جن کو غلام بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ وہ ضرور نقصان اٹھاتے ہیں۔ اسلام پیار و محبت، بھائی چارہ کا درس دیتا ہے نہ کہ غلامی کا، ظلم کا، جبر کا۔ اس لئے ہر عامل اپنے ذہن و قلب کو آلودگی سے پاک کر کے اس سفر میں نکلے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

بادشاہ یکتانوش، شہنشاہ جنات ہے۔ یہ زبردست قوت والا ہے اور اپنے ہمراہ زبردست لشکر جرار رکھتا ہے۔ اس کے سوا بادشاہ قیقطوس اور ملک قیقوش یہ دونوں بھی بڑے بادشاہ ہیں یہ بھی زبردست لشکر و قوت رکھتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ ملک قیرتانوش بادشاہ:۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

بادشاہ موکلات ہے۔ یہ پانچواں بادشاہ آتشی ہے۔ لیکن یہ بھی قوت والا ہے۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔



پریاں

پریوں کا ذکر آتے ہی ذہن میں دلکش، خوبصورت، نسوانی حسن کے خاکے مجسم ہونے لگتے ہیں۔ ایک عجیب سے کیفیت طلسم برپا کیئے دیتی ہے۔

پریوں میں سب سے زیادہ قوت والی پری سیاہ پری ہے۔ اس کا وزیر سیاہ دیو ہے۔ آتش پری،

نیل گاؤ پری، یہ کبھی تخت پر اور کبھی نیل گائے پر سوار ہو کر آتی ہے۔ اس کے سوا جو زبردست قوت والی پری ہے۔۔۔۔ اس میں نرگس پری۔۔۔۔، جمشید پری،۔۔۔۔ شمس پری۔۔۔۔، مہتاب پری۔۔۔۔ عیسی پری۔۔۔۔ گلنار پری۔۔، وغیرہ وغیرہ ان کے سوا بے شمار دیو، خبیث، ہر ذات، مذہب۔۔ اور منکرین شامل ہیں۔ دنیا میں اپنی طاقت سے زبردست حیرت انگیز کام انجام دیتے ہیں۔ ان کا تذکرہ ضرورت کے تحت احاطہ تحریر میں آتا رہے گا۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

جنات، موکلات، پری، انکی فاتحہ، نزر

بادشاہ جنات، پریوں کی فاتحہ کے سامان کی تفصیل یوں ہے۔ سبز وخشک مہندی ،تازہ برفی، فیرینی، اب یہ آپ کے بلانے پر ہے کہ آپ کتنی پریوں کو دعوت دیتے ہیں۔ یہ سات یا نو۔

بس اتنا یاد رکھیں جتنی پریوں کو آپ بلا رہے ہیں اتنی ہی طشتریوں میں فیرینی بھر کر رکھیں۔

فیرینی بنانے کی ترکیب ۔۔۔ ترکیب تو وہی ہے جو گھر میں عام بنائی جاتی ہے لیکن چاول کی بجائے دودھ میں گلاب پکائیں میٹھا ضرورت کے مطابق ڈالیں مٹھاس کم نہ ہو۔

پریوں کا توشہ۔

اگر آپ نے ان کی فاتحہ، توشہ اور نوش ہدایات کا مکمل خیال رکھا تو آپ کی کامیابی

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

یقینی ہو جائے گی۔ اگر آپ نے پریوں کے توشہ۔۔ سیاہ مرمرے، خشخاش سفید، تل کالے، کھیل دھان، ریوڑی بورا کی، سنگھاڑا خشک، گندوڑہ لال شکر کا، فصل کا میوہ، مثلاً انار، انگور، ککڑی، پچاس روپے یا سو روپے ایک سو پچیس روپے کی یہ تمام اشیاء خورد نوش خرید کر ایک رومال جس کا طول و عرض سوا گز ہو جسے پہلے صندل اور عرق گلاب میں اچھی طرح تر کر کے سائے میں خشک کر لیا گیا ہو۔ اس میں باندھ کر بوقت عملیات کے رکھیں۔

بادشاہ کا توشہ

پریوں کی طرح بادشاہ موکلات کا بھی توشہ لازم کرنا ہوتا ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے ۔ گھی، روا گیہوں، مصری سفید، مغز بادام، مغز پستہ، کشمش، چھوہارے گٹھلی نکلے ہوئے۔ عرق گلاب۔ اس کا حلوہ تیار کریں۔ اب یہ آپ تقسیم کریں اس طرح کہ مالدار کو سوا سیر اور معمولی آدمی کو ڈھائی پاؤ اور اس سے کم درجہ والے کو سوا پاؤ۔

لیکن اس بات کا اچھی طرح خیال رکھیں کنجوسی اور بخالت ہرگز نہیں چلے گی۔ تمام سامان اول و اعلیٰ درجے کا ہونا چاہیئے اسے پکانے والا مرد ہو۔ عورت کو قریب بھی نہ آنے دینا چاہیئے۔ جو اس حلوہ کو پکائے وہ نیک اور نمازی پرہیزی آدمی ہو۔

جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں مخفی مخلوق میں یعنی جن وغیرہ میں بھی دیگر مذہب اور قوم کے لوگ ہیں۔ ان میں ہی نصرانی جن بادشاہ ہے۔ جس کا توشہ کچھ اس طرح ہے۔ چار عدد ڈبل روٹی، چالیس عدد بسکٹ، دو عدد مصری سفید کے کوزے۔ ڈھائی پاؤ مکھن، اور دو رومال جس کا طول عرض سوا گز ہو۔ اللہ ہی قدرت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

Scanned with CamScanner

تجلیات سورہ جن

سورہ جن قرآن حکیم کی وہ عظیم آیت مبارکہ ہے۔ جس میں پروردگار عالم نے بے شمار اسرار پوشیدہ رکھے ہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ سے محبت کے صلے میں چند نقطے، چند عملیات برکات، رحمت اور اس کی قوت سے آگاہی اہل علم کے لئے سمندر سے کم نہیں۔ گو کہ یہ صرف چند قطرے ہی ہیں۔ لیکن ہر قطرے میں جستجوئے علم کے لئے خزانے پوشیدہ ہیں۔ جس کا جس قدر چاہے اس خزانے سے اپنے لئے عجائبات سمیٹے اور امیر ہو۔ لیکن اس کے لئے شرط ہے عشق الٰہی عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم یقین و ایمان کی دولت سے مالا مال۔

سورہ جن اگر کوئی بھی اہل ایمان اول و آخر اکیس اکیس بار درود شریف کے درمیان صرف ایک بار روزانہ بعد نماز فجر یا نماز عشاء کے پڑھے۔ لیکن اسے چلے کی نیت سے ہرگز نہ پڑھیں اگر آپ صرف اس آیت مبارکہ کی تجلیات سے برکات کے لئے پڑھتے رہے ہیں تو آپ خود محسوس کریں گے کہ اللہ تبارک تعالیٰ کا آپ پر کیسا فضل ہوتا ہے۔ اور

www.freeamliyaatbookspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

جنات آپ کے کام کیسے کرتے ہیں آپ کو معلوم بھی نہیں ہوگا اور آپ کا کام ہو جایا کرے گا۔ اگر آپ جنات سے دوستی کرنا چاہتے ہیں تو رات کو سورۃ رحمٰن اور نماز فجر کے بعد سورہ جن تلاوت کیا کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد آپ اپنی زندگی میں روشنی محسوس کریں گے۔



یہ تو تھی تین روزہ دعوت و ریاضت، اگر آپ چالیس روز یہ عمل کرنا چاہیے ہیں تو روزانہ سورہ جن کی اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے درمیان سات بار پڑھیں۔ اور روزانہ 26 تعویذ لکھیں اور صبح پانی میں بہا دیں۔ لیکن آٹے میں گولیاں بنا کر اس پانی میں جہاں مچھلیاں ہوں آخری روز ایک نقش زیادہ لکھیں جو اپنے پاس رکھیں۔

درمیان عمل پر چھائیں پریشان کریں گی آپ کو اپنے آپ کو مضبوط رکھنا ہے۔

جمعہ کے روز کوئی بھی جانور، مثلاً بکرا، دنبہ ذبح کریں۔ اور اس کا گوشت غریوں میں تقسیم کریں۔

طریقہ تلاوت و عمل۔

پہلے اکیس بار اول و آخر درود شریف سات بار سورہ جن۔ بخورات کو مکمل روشن رکھیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے سورہ رحمٰن یا عمل ختم کرنے کے بعد حصار سے باہر آ کر اس آیت مبارکہ کو تلاوت کریں۔

اس عمل کو آپ اکیس روز بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن عمل شروع کرنے سے پہلے آپ کو نیت کرنی ہوگی۔ عمل مکمل ہونے پر اگر موکل نہ آئیں تو آپ قرآن پاک کی تلاوت

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
SHAHANZAIB

Scanned with CamScanner

کرتے رہیں۔یعنی سورہ رحمٰن یا سورہ جن۔انشاءاللہ موکلات حاضر ہونگے۔

اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

نقش سورہ جن

۷۸۶

۱۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

پروردگار کا نرم ہوا اور وہاں آپ نے لاپروائی کی۔یہ عمل بے خطاء اس سے کسی بھی قسم کی خوف وڈر نہیں ہے۔

عزیمت یہ ہے۔

﴿اَلْحَمْدُاللّٰہِ رَبُ العَالَمِینْ یَارفَتَماوَا قَسمتَ عَلِیکُم واَغْشِنِی عَلِیکُم بَحَقِ یَاوَھَابُ﴾

اللہ تبارک تعالیٰ ہی حکمت والا اور ہر چیز پر قادر ہے﴾

Scanned with CamScanner

اگر آپ کا ارادہ سورہ جن کے موکلات سے دوستی کا ہو تو اس کے لئے آپ کو پہلے اچھی طرح اپنا خود کا امتحان لینا ہوگا۔ یہ کمزور حضرات ہرگز نہ کریں خواہ انہوں نے اس سے قبل چھوٹے و آسان عمل کئے ہوں۔ چونکہ اس کے موکلات یعنی جنات نہایت غصہ آور ہیں۔ ممکن ہے آپ کے ذہن میں آلودگی ہو اور اس سبب کوئی غلطی آپ کے نقصان کا باعث ہو۔ یہ بھی ہوسکتا ہے آپ جذباتی ہونے کے سبب عمل تو شروع کرلیں لیکن بعد میں خوف آپ کے وجود میں سرایت کر جائے اس لئے آپ پہلے اچھی طرح سوچ لیں یہ نہایت مضبوط اعصاب و دل والے حضرات کا کام ہے۔ یہ اللہ تبارک تعالیٰ سے عاجزی۔ عبادت گزار مومن کا کام ہے۔

اگر آپ واقعی یہ عمل کرنا چاہتے ہیں تو بسم اللہ ... ضرور کیجئے لیکن تمام تیاری اور پوری احتیاط کے ساتھ۔ ہم آپ کو مختصر تفصیل سے آگاہ کر دیتے ہیں تاکہ آپ کو دوران عمل آسانی رہے۔ یہ عمل جیسا کہ ہم عرض کر چکے ہیں تسخیرات، جن، پری، دیو، و مخفی مخلوق کے لئے ہے۔ فقیر بادشاہ بننے کے لئے کر سکتے ہیں۔ جب آپ کا ارادہ اس عمل کو کرنے کا

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

ہوجائے تو پہلے شرائط عملیات کے مطابق تیاری کریں۔ اپنے ذہنی، ظاہری، باطنی ہر قسم کی آلودگی کو دور کریں۔ اور درود پاک کو ہر لمحہ تلاوت کریں۔ اور چالیس روز روزانہ جیسا کہ ہم نے بتایا ہے رات سورہ رحمٰن پڑھیں۔ جس کمرے میں، مقام سکون میں آپ یہ عمل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کمرے میں با آواز بلند سورہ رحمٰن نہایت میٹھی آواز کے ساتھ پڑھیں۔ اور صبح نماز فجر کے بعد سورہ جن کے سات نقش روزانہ لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر سمندر، دریا، نہر، چلتے پانی میں نذر کریں روزانہ آپ 26 نقش عرق گلاب وزعفران سے لکھیں۔ لیکن بخور روشن رکھیں۔ چالیس دنوں کے بعد نبی پاک ﷺ کی نیاز دلائیں بمعہ اہل بیت کے۔ پھر حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اور پھر اس سورہ جن کے موکلات کی۔ اللہ تبارک تعالیٰ سے بھرپور عاجزی کریں۔ تین روز مسلسل صبح وشام ہر لمحہ عاجزی کرتے رہیں۔ اور اپنے استاد، پیرومرشد یا کسی صاحب بزرگ سے شفقت وسرپرستی کی درخواست کے ساتھ چالیس روز آپ ان کے آستانے، مزار پر حاضری دیں اور مسلسل درخواست کریں۔ پرہیز جلالی وجمالی کے ساتھ رات بارہ بجے کے بعد مکمل حصار باندھ کر جیسری اپنے قریب رکھ کر جیسا کہ ہم سابقہ عملیات میں آپ کو بتا چکے ہیں پوری احتیاط کے ساتھ مکمل اطمینان کے ساتھ جلد بازی قطعی مت کیجئے، ہر کام نہایت اطمینان اور پوری توجہ، طریقے، سلیقے، اور قرینے کے ساتھ کیجئے۔

نجورات کا مکمل خیال رکھیں۔ اگر آپ چاہیں تو یہ عمل صرف تین روز میں بھی کرسکتے ہیں۔ جس روز آپ کا ارادہ ریاضت کا ہو اس دن روزہ رکھیں ترک حیوانات کے ساتھ۔ یعنی منگل، بدھ اور جمعرات کو کوئی بھی پرہیز کے خلاف چیز نہ کھائیں اور مقام سکون میں نجور روشن رکھیں۔

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

ایک بات اور آپ کو بتاتے چلیں اس آیت مبارکہ کا موکل نہایت قد آور اور لمبے ہاتھ والا ہے۔ اس کے موکلات وہی ہیں جو نبی پاک ؐ پر ایمان لائے ہیں اور مسلمان ہیں۔ ان موکلات کے سردار کا نام ابو یوسف ہے۔ یہ نہایت جاہ و جلال کا مالک ہے جب آپ اپنے حصار میں عمل کے لے بیٹھیں تو پہلے اللہ تبارک تعالیٰ سے عاجزی کریں۔ پھر نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نورانی تصور باندھیں۔ اور تمام بزرگان دین سے سرپرستی کی درخواست کریں اور اپنے نیک ارادوں کو ذہن میں رکھیں اور جن بزرگ کے مزار شریف پر آپ حاضری دیتے ہیں ان کا تصور یوں رکھیں کہ وہ اس کمرے میں موجود ہیں۔ اس کے بعد اول روز ایک سو ایک بار درود شریف اول پڑھیں اور ایک ہزار بار "قُلْ اُوْحِیَ" کو روزانہ تین سو تینتیس بار تلاوت کریں۔ آپ کا یہ نصف شب جمعہ کو ختم ہوگا۔ خبردار اپنے آپ کو مضبوط رکھیں تیسرے روز جب آپ عمل کو ختم کریں گے اس کے موکلات آپ کے روبرو یعنی سامنے آ کر بیٹھ جائیں گے۔ وہ جب آئے گا تو نہایت رعب دار آواز میں السلام علیکم کہے گا۔ اگر آپ کے عمل کی تعداد مکمل ہو گئی ہو تو آپ اس کے سلام کا جواب دینے کے بعد اس کی بات کا جواب دے سکتے ہیں۔ اگر نہیں تو صرف سلام کا جواب دے کر اپنا عمل مکمل کریں۔ آخر میں اکیس بار درود شریف پڑھنے کے بعد اس سے مخاطب ہوں۔

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں۔ ان جنات کی ہیبت نہایت سخت ہوتی ہے۔ آپ کے روبرو جو جن بیٹھے گا وہ ابو یوسف ہوگا۔ اور باقی تین موکلات اس کے پیچھے باادب پشت کی طرف کھڑے ہونگے۔ اگر آپ نے اس وقت خوف کیا تو وہ واپس لوٹ جائیں گے ہوسکتا ہے ان کی ہیبت سے آپ کو نقصان پہنچے اگر آپ ثابت قدم رہے تو ابو یوسف آپ سے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

پوچھے گا۔ اے صاحبِ دعوت مجھے کیوں یاد کیا ہے۔

اس وقت آپ اس سے نہایت ادب سے کہیں ''میرا حق تم پر واجب ہے تم دیکھتے ہو کہ میں تنگ ہوں اور میرے ساتھ امت محمدی، میرے مسلمان بھائی پریشان ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تم میری مدد کرو۔ حلال کی چیز کے ساتھ تا کہ میری زندگی خوش حالی میں بدل جائے اور میں اپنے مسلمان بھائیوں کے دکھ درد، پریشانی میں کام آسکوں''۔ پھر وہ اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو حکم کرے گا۔ اور مثل برق کے آن واحد میں آپ کی خواہش کی تکمیل ہوجائے گی۔ جو کچھ آپ طلب کریں گے یا وہ جو بھی آپ کی ضرورت ہوگی۔ خود آپ کو دے دینگے اور آپ کے طلب کرنے پر کچھ ایسی چیز بھی دے جائیں جس سے تم لوگوں کی مدد کرسکوں وہ باتیں جو ناممکن ہیں اور آپ کی سوچ میں بھی نہیں ہوسکتیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

ذوالجلال والاکرام

مہر حضرت سلیمان علیہ السلام

اللہ ہی قدرت والا ہر چیز پر قادر ہے۔ وہی اپنے برگزیدہ بندوں کو انعامات سے نوازتا ہے۔ یہ انعام ان عظیم بزرگوں کی سخاوت کے سبب بنی آدم کے لئے۔۔۔ امت محمدی ﷺ کے لئے۔۔۔ زندگی کی آرائش میں زیور بن جاتے ہیں۔ جواہر بن جاتے ہیں۔ خوشیاں بن جاتے ہیں۔

یہاں ہم اہل ایمان، اہل یقین کے لئے ایک ایسے نایاب گوہر تحریر کر رہے ہیں۔ جو بزرگان علم نے اللہ تبارک تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے اپنی سخاوت کا ایسا مظاہرہ کیا جو کہ صرف اللہ کا ولی، اللہ والا ہی کر سکتا ہے۔ یا وہ جو اللہ تبارک تعالیٰ محبت رکھتے ہیں۔

ہم تو ان تمام بزرگان اہل علم کے مشکور ہیں۔ جنہوں نے بنی آدم اور خاص طور پر اہل ایمان کے لئے اس سربستہ راز کو صفحہ قرطاس پر تحریر فرمایا ہے نہ جانے کتنی صدیاں چمڑوں کے سینوں پر اور چمڑے سے کاغذ پر روشنی دیتا ہوا یہ ہم تک پہنچا ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ تمام اہل علم پر اپنا کرم و فضل فرمائے۔ آمین

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

یہ مہر حضرت سلیمان علیہ السلام کی ہے۔ یہ اہل عقل و اہل علم کے لئے گوہر نایاب ہے اور جاہلوں کے لئے محض چند آڑھے ترچھے حرف۔ لکیریں۔۔۔۔۔

یہ سماوی، ارضی، مخفی دنیا کے اہل شر سے حفاظتی ڈھال ہے۔ اور سفلی آفات سے حفاظت میں تلوار کی دھار۔۔ اس سے زیادہ ہم تحریر کرنے سے معذور ہیں۔ سورج کو چراغ دکھانا خود ہی شرمندگی کا باعث ہے۔

۲۰	۶۶	۳۸	۱۱	۲
۳	۱۱	۹۸	۱۳	۳۳ ۱۱
۱ ھے ھے	۱۱ سر	۱۱	۹۳	۱۱۱ ے ۵
۱ ۴	ے ۹۹	۱ ھے		۶ ۱۱
صح ۱۲	۱۱ ھے	۹۹ ۲ سر		۱ سر ھے

اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات کی مفت کتابیں
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

شناخت

آسیب، جن، سحر، امراض

ہر عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے رب کی بندگی کیجئے۔ اور گڑگڑا کر دعاء کیجئے۔ اللہ ہی حکمت والا عالم الغیب ہے۔ اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

سب سے پہلے تو آپ یہ معلوم کریں کہ بیمار کو مرض کیا ہے۔ وہ سایہ، سحر، جن، بھوت، چڑیل کی پریشانی میں مبتلا ہے۔ نظر لگی ہے یا کوئی جسمانی عارضہ ہے۔ ایسا نہ ہو اس کے پیٹ میں تکلیف ہو اور آپ پلنگ پر اپنا فن آزما رہے ہوں۔ اس پر کسی مخفی ذات کا سایہ ہو اور آپ جسمانی علاج کر رہے ہوں۔ یہ نہایت ضروری ہے۔ پہلے آپ اس مریض کی طرف سے پوری طرح اطمینان کر لیں۔ اس کے لئے ہم بزرگوں کی چوکھٹ سے پایا ہوا ایک نہایت بیش قیمت عمل تحریر کر رہے ہیں۔ جو نہایت سادہ و آسان ہے۔ اس سے آپ مریض کے حزن والم سے پوری طرح آگاہ ہو سکتے ہیں۔ اس سے آپ کو علاج میں بھی مدد ملے گی اور آسانی بھی رہے گی۔

ترکیب عمل۔ اس کے لئے سات تار سوت یا ریشمی لیں۔ لیکن یہ پاک

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات فری کتب خانہ
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

ہونے چاہیئے۔ نیلے یا سیاہ رنگ کے لیکر برابر کریں اور آپس میں ملا لیں۔ اگر اوپر برابر نہیں ہیں اور نوکیں نکل رہی ہیں تو کاٹ کر برابر کر لیں۔ لیکن یہ ذہن نشین رہے کہ یہ سوت انسانی قد سے ایک یا دو بالشت زیادہ ہو۔ اب آپ جس مرد یا خاتون کی بیماری سے آگاہی چاہتے ہیں۔ اسے دیوار کے ساتھ سیدھا کھڑا کر دیں۔ پاؤں کی ایڑھیاں دیوار سے لگی ہوں۔ سر اور کمر بھی دیوار سے لگی ہونی چاہیئے۔ یعنی سر سے پیر تک دیوار سے چپکا کھڑا ہو۔ اب اگر مریض مرد ہے تو دائیں پاؤں کے انگوٹھے میں اور اگر عورت ہے تو بائیں پاؤں کے انگوٹھے اور برابر والی انگلی کے درمیان اس ڈورے کا سرا پکڑے۔ اس کا دوسرا سرا آپ خود یا اس کے گھر والوں میں سے ماتھے کے اوپر بال تک۔ اس ڈورے کو کھینچ کر ناپنا ہے اور اس مقام پر گرہ لگا دے۔ یہ یاد رہے کہ پیمائش چھوٹی بڑی نہ ہو نہ ہی ناپنے میں جلد بازی کریں۔ اب اس ڈورے کو پیمائش کرنے والا شخص عامل کے پاس لے کر جائے۔ عاملِ اللہ تبارک تعالیٰ کو اپنے قلب میں یاد کرے۔ اور اس ڈورے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سات مرتبہ معہ بسم اللہ شریف کے آیت مبارکہ قل اعوذ برب الناس پڑے اور اس ڈورے پر دم کرے۔ اس کے بعد سات بار بسم اللہ شریف قل اعوذ برب الفلق۔ پڑھ کر دم کرے۔ اسی طرح سورہ مبارکہ قل ھو اللہ احد، تبت، سورہ مبارکہ قل یا ایہا الکفرون، سورہ مبارکہ لایلف، اور الم ترکیف، اس کے بعد سورہ فاتحہ پڑھے اور دم کرے۔ پھر تین بار آیت الکرسی۔ وھو العظیم تک بمعہ بسم اللہ شریف پڑھے۔ اور دم کرے پھر گیارہ بار مندرجہ ذیل دعا تلاوت کرے۔

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

﴿عَزَمْتُ عَلَيْكُم يَا جَمِيعُ اخَضِرُوَاهزِالتَّوْ

ـةَاخبَرنِى وَالاِنجِيلِ وَالزَّبُورِوَالفُرقَانِ

الَعَظِيمِ وَصَغَاررَبُّ الَمُشَارِقِ وَالمغَارِبُ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَىٰ خيرِ خَلقَهٗ مَحَمَّدُوَالِهٖ

اجمَعِيْنِ (پھر تین مرتبہ) سُبحَانَ ذِى الَملُک

وَالَمُلكُوتِ سُبحَانَ ذِى العَزَّةِوَالعَظمَةُ وَا

لَهِيبَةِ وَالَقدرَةِ وَالَكبرِيَاءِ وَالَجبرُوتِ

سُبحَانَ الَمُلكِ الَحَيِّ الَّذِى لَايَنَام

وَلَايَمُوتِ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبنَاوَرَبِ

الَمَلٰئكَةِ وَالَرُوحُ﴾

پڑھ کر دم کرے۔۔۔۔پھر چار مرتبہ یہ اسم بمعہ موکلات کے نام کے ساتھ نام

پڑھے۔اور دم کرے۔

﴿يَاجِبرَائِيل يَا دُردَائِيل يَارَفتمَائِيل

يَاتَنكفُيل بَحقِّ يَابُدح﴾

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

پڑھے اور دم کرے۔

اس کے بعد یہ اسم جبرونی تین بار پڑھے۔

﴿یَاخَافِضُ نَخْفَضَتْ بِا نُخَفُضِ وَالْخفُضُ فِي خَفضِکَ یَاخَافِضُ﴾

اور دم کرے۔

پھر اس ڈورے کو مریض کے جسم سے ناپے اگر جسم کے برابر ہے تو پھر تین مرتبہ معہ بسم اللہ شریف کے سورہ مزمل پڑھے اور دم کرے۔ پھر اس ڈورے کو مریض کے جسم سے ناپے اگر ایک انگلی ڈورہ گرہ پر سے طول میں بڑھ جائے تو سمجھ لیں۔ اس پر کسی کی نظر ہے۔ جس کے سبب یہ بیمار ہے۔ نظر بد کا علاج کریں۔

اگر ڈورہ دو انگل بڑھ جائے تو آپ کو سمجھ لینا چاہیئے کہ اس بیماری کا سبب، آسیب، جن بادشاہ، کفتار، جن میں سے کوئی مخالف جنس ہے۔ اسے خواص بادشاہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اقسام جنوں میں صنف نازک کی ہے۔

اور اگر یہ ڈورہ تین انگل بڑھ جائے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ اس پر سایہ، آسیب، بھوت، چڑیل کا ہے۔

اگر چار انگل بڑھ جائے تو اس کی بیماری کا سبب آسیب خبیث ہے۔

اس کی چند وجوہات اور بھی ہو سکتی ہیں۔ دودھ، دہی، شکرانہ، پلاؤ۔ ان چیزوں میں سے کسی پر بروز جمعہ یہ حادثہ ہوا ہے اور وہ تکلیف دے رہے ہیں۔ اگر پانچ انگل ڈورہ بڑھ جائے تو نظر خبیث کی لگی ہے۔

اگر چھ انگل سے زیادہ طول ہے تو آسیب بادشاہ جن، کفتار، یا بھوت چڑیل کی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

آفت ہے۔

اگر سات انگل ڈورہ بڑھ گیا ہے تو یہ خطرناک ہے۔ چونکہ یہ علامت ہے آسیب سردار خبیث ابلیس ہوگیا ہے۔ اور لشکر کثیر بھوت اور چریلوں نے بیمار کو اذیت میں مبتلا کیا ہوا ہے۔

اگر آٹھ انگل سے زیادہ ہے تو آسیب بادشاہ، جنات خبیث، کا زبردست حملہ ہے۔

دوسری شناخت

ہم نے ڈورے کے بڑھ جانے اور بیماری کی علامت بتائی ہے۔ اب اس کے کم ہونے سے جو علامت بیماری کی نشاندہی کرتی ہیں۔ اسے ہم احاطہ تحریر میں لاتے ہیں۔

اگر ایک انگل ڈورہ پیمائش سے کم ہے تو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ اس پر نظر دیو کی ہے۔

اگر دو انگل ڈورہ کم ہو تو آسیب، بادشاہ جن یا پریوں کا اثر ہے۔

اگر تین انگل کم ہو تو یہ ذہن نشین کرلیں کسی دشمن نے عداوت کے سبب جادو کروا دیا ہے۔

اگر چار انگل ڈورہ کم ہو جائے تو بھی اسے جادو ٹونہ کی علامت سمجھنا چاہیئے۔ یہ علامت ہے دل پر چوکی کے اثرات ہیں۔ مثلاً چوکی دیوی، چوکی ہنونت، چوکی بیر مسان وغیرہ وغیرہ۔

اگر ڈورہ پہلے ناپ میں ایک انگل کم ہو جائے جبکہ دوسرے بار ناپنے پر پانچ انگلی کم ہو جائے تو سمجھنا چاہیئے اس پر آسیب دیو کا ہے۔

اس سے پہلے کہ ہم تحریر آگے بڑھائیں۔ اس سے قبل بیماریوں کی کچھ علامتیں تحریر کریں۔

تین انگل کم ہونے پر جو علامت تحریر کی گئی ہیں۔ اس بیماری کی نشان دہی

www.freeamliyaatbook.com
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

یوں ظاہر ہوگی کہ جسم پر عجیب سی سرسراہٹ محسوس ہوگی۔ جیسے چیونٹیاں رینگ رہی ہیں۔ دل میں سوئی سی چبھتی محسوس ہونا۔ شب و روز نیند کا غلبہ محسوس ہونا۔ سیاہ کتا، بندر یا، عورت کا سیاہ رنگ یا سرخ کپڑوں میں ملبوس، جوگی، بیراگی جیسے شکل کا تماشہ گر ہونا۔ عجیب عجیب مرد و عورت کی بھانک شکلوں میں خواب میں پریشان کرنا۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ غلاظت کا یا منہ کے راستے خون اگلنا۔ مقام جگر پر دل چاند کی پہلی تاریخ جیسا گول ٹکیہ کی طرح سختی محسوس ہونا۔ کندھوں پر بھاری پن بوجھ کا ہونا۔ ہاتھ پاؤں میں درد، اذیت محسوس ہونا۔ یہ تمام علامات جادو و سحر کی ہیں۔ اس سے فوراً معلوم ہو جاتا ہے کسی بد بخت نے اس پر جادو کے ذریعے دشمنی کا وار کیا ہے۔

جیسا کہ پانچ انگل سے کم ہونے پر علامت آسیب وجہ کی ہے۔ ان کے بارے میں کچھ تفصیل ہم یہاں احاطہ تحریر کر دیتے ہیں۔ تا کہ آپ کو سمجھنے اور دوران علاج آسانی ہو۔ آسیب دیو، پری، جن، سحر و جادو، کا ضروری اتار کسی عام عامل کے بس کی بات نہیں۔ اور نہ ہی جھاڑ پھونک، تعویذ گنڈے سے ان سے نجات حاصل کرنا اتنا آسان ہے۔ اس کے لئے وہی حضرات ان کا سامنا کر سکتے ہیں جنہوں نے بھی ریاضت کی ہو جو عملیات کے فن میں تاک ہوں۔ عام تعویذ گنڈے کرنے والے کو کبھی بھی ایسے مریض سے نہیں الجھنا چاہیے۔ اس کے بارے میں ہم دیگر صفحات میں آپ سے گفتگوں کریں گے۔

فی الحال ہم مخفی مخلوقات کی عادت و خصلت کے بارے میں عرض کرتے ہیں۔ دیو، پری، جن، بھوت کی خصلت دیو، پری، ہے کہ اصل جان ان کی وجود ظاہری۔ یعنی انسان کے جسم میں ظاہری طور پر معلوم نہیں ہوتی۔ ایسے ہی جادو ہے اس کی علامتیں عام طور پر کسی کو نظر نہیں آتی ہیں۔ اسے اہل علم ہی پہچان سکتے ہیں۔ سبب اس کا معلوم نہیں ہوسکتا۔ اور یہ بھی مشکل سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ جادو کس طرح کیا گیا ہے۔ ہاں جنہوں نے اپنی

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

زندگیاں اس علم کی پرواز میں گزاری ہیں۔ وہ یہ معلوم کر لیتے ہیں۔

اس کے کئی ایک طریقہ کار ہوتے ہیں۔ کسی کو مارنے کے لئے جادو کیا جاتا ہے تو اس کی چوکی اڑائی جاتی ہے۔ بیماری کے لئے طلسم تیار کئے جاتے ہیں۔ کنویں میں، پہاڑوں میں، دریاؤں میں جنگلوں میں و سمندر میں ڈالا جاتا ہے۔ جس سے لقوہ، فالج، وجود میں سردی کی شدت، ہاتھ پاؤں میں درد سے اذیت، کندھوں میں بھاری پن ہوا کرتا ہے۔ اور جو پتلا بنا کر زمین میں گاڑتے ہیں۔ یا ہوا میں لٹکایا جاتا ہے۔ جس کے نام پر یہ بدبخت عمل کیا جاتا ہے۔ اسے گھبراہٹ، ہول، خفقان، مالخولیا جیسی بیماریاں آسیب کی طرح چمٹ جاتی ہیں۔ اس کی حالت ایسی جنونی، وحشت زدہ کی سی ہو جاتی ہے، اسے ہر دیکھنے والے کی نظر سے ایذا پہنچتی ہے۔

اب ان کے لئے کسی اللہ تبارک وتعالیٰ کے صاحب بزرگ و برگزیدہ بندہ کی نظر کی ضرورت ہوتی ہے۔ یا عامل کی جو اس علم کی باریکیوں سے آگاہ ہو۔ جسے علم کی اس پرواز میں بلندی سے آگاہی ہو۔ جو عامل ناتجربہ کار ہوتے ہیں۔ علم سے تو انہیں آگاہی ہوتی ہے لیکن اس کے اسرار و رموز ان سے ابھی پوشیدہ ہوتے ہیں۔ وہ جذباتی، اپنے زعم میں حاضرات کے اور فتیلہ یا تعویذ کے ذریعہ ان مخفی قوت کو حاضر تو کر لیتے ہیں۔ اور تلوار کے وار سے انہیں مار بھی دیتے ہیں۔ لیکن شاید وہ اس امر سے ناواقف رہے ہوں کہ مارتے وقت ان کے ہوائی وجود سے جو قطرے زمین پر گرتے ہیں ان میں سے ہر اک قطرے سے ایک ملعون۔۔۔ اسی ملعون کی شکل میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد جو کچھ ہوتا ہے اور ہوتا ہوگا اس کا آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

اور جو صاحب نظر یا عامل کامل ہوتے ہیں۔ جنہوں نے اپنے استادوں کی خدمت میں وقت کی پیمائش نہیں کی ہوتی ہے۔ اور وہ خود یہ کام نہیں کرتے بلکہ موکلات کے

www.freeamliyaatbooks.com
عملیات مکسی
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

ذریعے یا حاضرات کر کے جنوں اور بادشاہ جنات وغیرہ کے ذریعے پکڑ کر کرتے ہیں، جلوا دیتے ہیں۔ اس طرح مریض کی تمام بیماری رفع ہو جاتی ہے۔ ایک بار پھر آپ سے التجائیہ عرض کرتے چلیں کہ خدارا چند عملیات کے زعم میں یہ حرکت نہ کر بیٹھنا۔ یہاں جذبات اور تکبر کی شہ زوری نہیں چلتی خود بھی نقصان اٹھاؤں گے اور مریض کا تو اللہ ہی حافظ ہوگا۔

پہلے اچھی طرح اس علم سے آگاہی حاصل کرو۔ کسی بزرگ کی خدمت میں اپنی زندگی کے شب و روز، ماہ و سال، کی پیمائش کے بغیر خدمت کرو۔ انشا اللہ تعالیٰ تمہارے لبوں سے نکلے ہوئے لفظ تلوار کی دھار سے تیز ہونگے۔ اپنی زندگی کو عبادت الٰہی میں مصروف رکھو اور پیر کامل، استاد کامل کی خدمت کو زندگی کا حصہ بناؤ۔

انسان کو پروردگار عالم نے اشرف المخلوقات کہا ہے۔ لیکن جیسا کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں اس کے لئے عامل کامل، فقیر، صاحب کشف، صاحب نظر، اللہ والا ہی یہ کام کر سکتا ہے۔ صاحب علم اپنے کشف کے ذریعے اس ملعون کا حال معلوم کر کے موکلوں کے ذریعہ بادشاہ جنات، پریوں، دیو ساحران، جادوگروں کا معلوم کر لیا کرتے ہیں۔

یہ بھی معلوم کر لیا کرتے تھے کہ ان ملعونوں کا طلسم کس جگہ گڑا ہوا ہے۔ عامل کامل جس جگہ وہ طلسم گڑا ہوگا اسے زمین سے نکال کر جلا دیتے ہیں۔ یا دریا برد کر دیتے ہیں۔ آپ کو ایک نہایت تجلیات کی بات بتائیں۔ جو تمام عملیات و علم سے بڑھ کر ہے۔ وہ ہے اسم اعظم۔

اللہ جل شانہ کے جمالات و کمالات کی عظیم قوت و تجلیات نور۔ وہ اسم پاک جو دنیا کے تمام علم پر بھاری ہے۔ بزرگان دین، عامل کامل ایسے پیچیدہ، آفت زدہ مریضوں کا علاج اسم اعظم کے ذریعے کیا کرتے ہیں۔ اسم اعظم کی تجلیات نورس کی برکت و قوت سے ان کے طلسم کو توڑ دیا کرتے ہیں۔ اور ملعون جل کر خاک ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

موکلات کو حکم دیا جاتا ہے کہ اس خاک کو دریائے شور میں پھینک آؤ تا کہ ان کا نام و نشان باقی نہ رہے۔ اب ہم واپس اپنے مضمون کی طرف آتے ہیں۔

اگر ڈورہ پیمائش میں بارہ انگل یا چودہ انگل ہو جائے تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ اس مریض پر آسیب غول بیابانی ہے۔ یہ آسیب بہت کم ہی ہوتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ مریض ہر وقت گم سم خاموش رہنے لگتا ہے۔ کسی سے بات چیت وغیرہ کرنا پسند نہیں کرتا یہاں تک کہ کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے۔ اور کھانے کا تو کیا یاد رکھتے کے خشک یا تر۔ عجیب سی کیفیت ہوتی ہے۔ اس کے گھر والے اس کی یہ حالت دیکھ کر پریشان رہتے ہیں۔ کبھی آواز دیتا ہے تو اس کے حلق سے اونٹ، گھوڑے، گدھے، گیدڑ، ریچھ یا کبھی وحشی درندوں، کی یا پرندوں کی اور کبھی کبھی سانپ کی آواز نکلتی ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner



غول بیابانی کیا ھے

یہ سوال آپ کی ذہن میں الجھن کا باعث ہوگا۔لیکن ہم پہلے آپ کو اس کی تفصیل بتادیں۔جب لشکر غول بیابانی کا نکلتا ہے تو آندھی سرخ آیا کرتی ہے۔اس لمحے آسمان پر سرخی چھا جاتی ہے۔اگر سورج نکلا ہو تو وہ بھی اس غبار میں روپوش ہوجاتا ہے۔ستارے دن میں دکھائی دینے لگتے ہیں۔جب موسم وفضا کا مزاج اسقدر برہم ہو تو آپ کو سمجھ لینا چاہیئے کہ لشکر غول بیابانی نکلا ہے۔

اس لمحے عورتوں اور بچوں کو گھروں میں رہنا چاہیئے۔اگر سرپرست موجود ہیں تو انہیں بچائے۔نوعمر اور جوان دونوں کو احتیاط رکھنی چاہیئے۔اس لمحے خوامخواہ اپنی شہ زوری نہ دکھائے اور خود کو نمائشی نہ بنائے۔ورنہ ممکن ہے جھپٹ میں آجائے۔اور یہی ہوتا ہے۔اور یہ مرض ہوتا ہے۔

یہ تو تھی اس کی آمد کے بارے میں تفصیل:۔اب غول بیابانی کیا ہے۔اس سوال کا جواب بزرگوں کی تحقیق یہ ہے کہ غول بیابانی کا بادشاہ ایک جن ہے۔جس کا نام عادل شاہ بیابانی ہے۔جب یہ نکلتا ہے تو اس کے ساتھ جنوں کی ایک قوم ہوتی ہے جو اس کی رعایا ہوتی

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
AHMAD SAQIB

Scanned with CamScanner

ہے۔ وہ یا تو خوشی میں جا رہا ہوتا ہے یا غمی میں اس کی پہچان اہل علم کو ہوتی ہے۔

عامل کامل:۔ حاضرات کے ذریعے اس بادشاہ کو ادب سے بلواتا ہے۔ اور درخواست کرتا ہے کہ اس سے غلطی ہوگئی۔ اسے معاف کر دیں اور اپنی توجہ مہربانی سے اس پر جو آسیب ہے۔ اسے دفع کر دے۔ اور اس طرح مریض جلد تندرست و اچھا ہو جاتا ہے شناخت آسیب طریقے تو بہت ہیں۔ بزرگان اہل علم نے اپنی ریاضت سے کئی طریقوں سے مرض شناخت کرنے کی تراکیب بتائی ہیں۔ اس سے قبل آپ پڑھ ہی چکے ہیں۔ یہاں ہم نقش بھرنے اور حاضرات کا طریقہ مرض شناخت احاطہ تحریر کر رہے ہیں۔ لیکن اس کے لئے بھی عامل اس شرائط پر قائم ہو جو کہ ہم اس سے قبل بتا چکے ہیں۔ پہلے اپنے قلب کی سچائی اور یقین ایمان کے ساتھ اللہ تبارک تعالیٰ کو یاد کرے۔ پھر اس نقش کو بھریں۔ مریض کو اپنے روبرو بٹھالیں۔ اور اس سے کہیں جہاں سیاہی ہے اس پر اپنی نظریں مرکوز رکھے۔ جو بھی اس میں کیفیت نظر آئے وہ عامل کو بتائے۔ پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پھر مندرجہ ذیل عزیمت کو تواتر سے تلاوت کرے۔

﴿عَزَمْتَ عَلَيْكُم بِادشَاهِ يَكتَانُوش مَّعَ اَفوَاج خُو دُحَاضِرشُو بِحَقِّ حَضْرَت سُلَيْمَانَ بنِ دَاوُدِ عَلَيْهِ اَلسَّلَام﴾

انشاء اللہ بحکم پروردگار مریض کی زبانی اس کی بیماری کے اسباب معلوم ہو جائیں گے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

یاجبرائیل　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یااسرائیل

۸	۱۱	عہ ۱	۱
۱۳	۲۱	۷	۱۲
۳		۹	۶
۱۰	۵	عہ	۱۵

یامیکائیل　　یاعزرائیل

لیکن اس نقش پر پابندی یہ ہے کہ عامل اسے ایک سانس میں بھرے۔ اگر سانس ٹوٹ گیا تو کام نہیں ہوگا۔ اس ہدایت کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں۔ اور یاد رکھیں۔

دوسرا نقش جو ہم تحریر کررہے ہیں۔ اس کے بھی وہی خواص ہیں جو کہ پہلے نقش کے ہیں۔ اسے بھی آپ کو ایک سانس میں بھرنا ہے۔ شرائط تمام سابقہ حاضرات کی ہیں۔ یعنی عامل کا عبادت گزار ہونا۔ اور اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی کرنا۔ اور کام شروع

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

کرنے سے پہلے اللہ کی مدد مانگنا۔انشاء اللہ آپ نے اگر ہماری ہدایت پر مکمل عمل کرتے ہوئے اور امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی فلاح کے لئے یہ کام کیا تو انشاء اللہ تعالی بحکم اللہ جل شانہ آپ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہونگے۔لیکن عاجزی اور یقین ،ایمان اول شرط ہیں۔

یاجبرائیل　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یااسرائیل

۲۷	۲۰	۲۵
۲۲		۲۶
۲۳	۲۸	۲۱

یامیکائیل　　یاعزرائیل

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks



Scanned with CamScanner

حصار

اللہ ہی حکمت والا اور قوت والا ہے۔ کائنات کی ہر شے میں اسی کا جمال، اسی کا کمال، اسی کا جلال ہے۔ باقی سب فریب نظر ہے۔

ہماری عاجزی ہے اپنے رب سے۔۔ وہ تمام امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس فریب رنگ و بو سے محفوظ فرمائے آمین۔

حصار ہر عامل انجانے خطرے کے پیش نظر اپنے اطراف دائرے کی صورت میں کھینچتا ہے۔ اسے آپ عامل کا قلعہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس قلعے کی نظر نہ آنے والی دیواریں اسقدر مضبوط و فولادی ہوتی ہیں کہ مخفی مخلوق اپنی پوری طاقت کے باوجود اس کو توڑنے سے معذور رہتی ہے۔ اس مخفی قوت نے جو بھی ہنگامہ برپا کرنا ہوتا ہے یا عامل کو خوفزدہ کرنے کے لئے بہروپ دھارنے ہوتے ہیں۔ وہ اس حصار کے باہر ہی اپنی قوت کا مظاہرہ کر سکتا ہے۔ عامل کو اس لمحے اپنی مضبوط قوت ارادی اور مضبوط قلب کے ساتھ اپنے عمل کو جاری رکھنا ہوتا ہے۔ اسے معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ یہ جو بھی بھیانک

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات فری بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

صورتیں اسے خوفزدہ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ یہ صرف پرچھائیں ہیں۔ جن کا میدان جنگ، تماشہ، صرف حصار کے باہر تک ہے۔ ہر عامل کو چاہیئے کہ جب بھی مخفی مخلوق کے کو یا بادشاہ کو یا اس کے علاقہ و احباب میں یا کسی اور کو بلانے کے لئے عمل کرے تو اپنے اطراف حصار ضرور کھینچ لے۔ اور جب تک عمل ختم نہ ہو اس حصار سے باہر قدم نہ رکھے۔ اور نہ ہی عمل کی تلاوت کو روکے۔ نہ اس شور پر توجہ دے نہ کسی بھی بھیانک یا خوبصورت چیز کو خاطر میں لائے۔ اور قطعئی ان پر توجہ نہ کرے۔ اگر آپ نے ہماری ہدایت پر عمل کیا تو انشاء اللہ آپ اپنے نیک مقاصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔

اس کے لئے اول طریقہ یہ ہے۔ اللہ تبارک تعالی آپ کو اور ہمیں اپنی عبادت کرنے کی بھرپور توفیق عطا فرمائے۔ آمین

صبح نماز فجر کے بعد مندرجہ زیل حصار کے کلمات تہہ دل کی گہرائیوں اور ایمان کی مضبوطی کے ساتھ تلاوت کر کے اپنے اوپر روزانہ دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ آپ ہر بلا و آفت سے محفوظ رہیں گے۔ حصار و دعائیہ کلمات یہ ہیں۔

﴿پیش محمد ﷺ پس علی رضؓ وست راست ا

ماحسن رضؓ دست چپ امام حسین رضؓ کلید

دائودو قفل سلیمان پیغمبر نگھبان پاک ذات

لاالہ الااللّٰہ محمدرسولاللّٰہ یاحافظ یاحفیظ

یاناصر یانصیر یارقیب یااللّٰہ یا اللّٰہ

علیقاملیقاخالقامخلوقا کافعاشافعاارتضی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

مرتضی بحق یابدو ح ونزل من القرآن

ماھو شفأو رحمت اللمومنین سالا لوسار درضا

تن او دعوۃ رادیہ ورجال الغیب بحق محمد

مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کھلا کھلا

ارحم ارحم ارحم ترحم ترحم عقد تم عقد تم

فز جینس یااللہ کو سلیمان بن داؤد علیہ

السلام بند شو بند شو بند شو

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم۔اے اہل علم دوست آپ کو ایک ایسی تجلیات نور سے روشن دعا نہیں بتادیں جو ہزار حصار سے بہتر ہے۔اگر آپ اس دعا سے اپنے باطن کو روشن کرنا چاہتے ہیں تو جس وظیفے میں یا جلسہ میں اس دعا کو پڑھیں۔تو پہلے اللہ تبارک تعالی سے قلب سے عاجزی رکھے۔اور کم از کم اکیس بار میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں۔درود پاک جو بھی آپ کو ورد آتا ہو اس میں کوئی پابندی نہیں۔اظہار محبت وعقیدت کہ قلب کی سچائی سے ہوتا ہے۔آپ عاجزی سے جو بھی درود پاک پڑھیں گے۔نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمتوں کے نزول کا باعث ہوگی۔دعائے سجینا۔اول و آخر لکھیں اکیس بار اول و آخر درود شریف کے درمیان اس کی تلاوت کریں۔اور اپنے اوپر دم کریں۔آپ انشاءاللہ ہر آفت بلا سے محفوظ رہیں گے۔

ایک بات اور عرض کردیں جیسا کہ ہم نے عاجزی کی ہے آپ جو بھی درود شریف پڑھیں لیکن آپ جانتے ہیں کہ تجلیات سے آپ قلب روشن ہو۔اور اس کا اثر دور رس

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات کی دنیا
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

ہوتو آپ یہ درود پاک یاد کرلیں۔ انشاء اللہ اس کی تجلیات ملاحظہ فرمائیں گے۔ اور اپنے پروردگار کی عظمت پر عش عش کر اٹھیں گے۔ یہ درود شریف نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا اظہار بھی ہے۔ دعا بھی ہے۔ حصار بھی ہے۔

دعائے تنجینا

اعوذباللّٰہ من الشیطان الرجیم

بسم اللّٰہ الرحما ن الرحیم

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾

اگر کوئی عامل اس کی تمام شرائط پابندی سے ادا کرے تو عامل ہر بلا، ہر آفت ہر پریشانی سے ہمیشہ محفوظ رہے۔ وہ جو بھی اللہ تبارک تعالی سے عاجزی کرے انشاء اللہ تعالی اس کی ہر جائز خواہش بحکم اللہ تبارک تعالی پوری ہو اور اس عامل کے نگہبان فرشتے ہوں۔ اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔ ہم اس درود پاک کی فضیلت کیا بیان

JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

کریں۔زبان کو حیا آتی ہے۔اور قلم کو قوت نہیں۔اہل علم کو اشارہ ہی کافی ہے۔اس درود پاک کے بعد چہار قل شریف کا مکمل خیال رکھتے ہوئے پڑھیں۔یہ دعا۔کتنی ہی مشکل و پریشانی ہو۔مدت سے دربدر ہو کوئی راستہ منزل کا نہ پاتا ہو۔تاریکیوں نے زندگی کو غبار آلود بنادیا ہو۔وہ اللہ تبارک تعالی سے عاجزی کرے۔نماز کی پابندی کے ساتھ جس قدر ہو سکے روز و شب استغفار کرے۔تین روز بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ جل شانہ سے اپنے گناہوں کی دانستہ نادانستہ غلطیوں کی معافی مانگے۔نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت،تمام انبیاء اولیاء کرام،فرشتوں،ملائیکہ کا واسطہ دیکر عاجزی سے دعا کرے۔اس کے بعد ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک بار ایک نشست میں پڑھے۔چالیس روز عاجزی کے ساتھ اس عمل کو کریں۔اگر چالیس سال کی گردش،غریب،مفلسی،پریشانی ہوگی بحکم اللہ تبارک تعالی دور ہوگی۔ہو سکے تو کسی صاحب بزرگ کے مزار پر حاضری دے اور اپنے لئے درخواست کرے۔وہ آپ پر نظر کرم فرمائیں۔ہو سکے تو بچوں میں چند روپے کی شیرینی ہر جمعرات کو تقسیم کر دیا کرے۔یہ ایک ایسی عظمتوں سے روشن دعا ہے جو پہاڑوں کو چیر کر اس میں پوشیدہ خزانوں کا پتا دیتی ہے۔اہل ایمان کے لئے یہ گوہر نایاب ہے۔جب کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں۔دعاء ہر عمل کے لئے ضروری ہے۔اور اس کے بہت سے طریقے اہل علم نے تحقیق فرمائے ہیں۔عامل کو چاہیے کہ ہر وقت،ہر عزیمت یا حاضرات میں پہلے حصار کو سات مرتبہ تلاوت کرے اور اپنے پورے جسم پر دم کریں اور اپنے اطراف حصار کی لکیر کھینچیں۔دعاء کے کلمات مندرجہ زیل ہیں۔

ابر سا سبر سا سار ساجلسه درسامدر ساما

شا بحق یا شیخ عبد القادر گیلا نی شیئاً للّٰه

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اعنی با ذن اللّٰہ بحر مت ابن عبداللہ صلی اللّٰہ

علیہ و سلم یاا للّٰہ یااللّٰہ

گیارہ بار سفید دستے کی چھری پر دم کریں۔لیکن یہ خیال رہے چھری زنگ آلود نہ ہو،زکات وحاضرات کے وقت اس چھری سے اپنے چاروں طرف یعنی گول دائرے کی شکل میں لکیر کھینچیں۔اور چھری کو اپنے سامنے کھڑا رکھیں۔انشاء اللہ تعالی کوئی پرچھائیں اس دائرے کے اندر داخل نہیں ہوگی۔اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

یہاں ہم مذید اصرار تحقیق بزرگان علم کے تحریر کررہے ہیں۔یہاں ہم یہ ہرگز نہیں لکھیں گے کہ ان میں سے چند ہمارے آزمودہ ہیں۔چونکہ کلام الہی اور اسم پاک کو جو آزمائش کی شرط کے ساتھ پڑھتے ہیں وہ ایمان سے ازبرخالی ہوتے ہیں۔اور جب کسی چیز پر ایمان ہی نہ ہو۔یقین کی بنیاد ہی کمزور ہوتو۔۔۔۔۔اسے نہ کریں تو بہتر ہے۔وہ بد بخت ہے جو علم کو آزمائش کے ترازو میں تولتے ہیں۔جبکہ ایک پلڑے میں ان کی بدنیتی، کمزور یقین، کا وزن ہوتا ہے۔پھر کیسے ممکن ہے کہ علم اور یقین ایمان کے دونوں پلڑے برابر ہوں۔اپنے یقین کو مضبوط کریں اور ایمان کی سچائی اور عزم کامیابی کے ساتھ عمل کریں انشاءاللہ تعالی بحکم اللہ عزوجل اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت کے صدقے ضرور کامیاب ہونگے۔اللہ ہی قوت والا،اور ہر چیز پر قادر ہے۔

Scanned with CamScanner

حصار

ہم یہاں جو درود پاک صلی اللہ علیہ وسلم قلم کی عاجزی سے دربار رحمت میں ملتجا ہیں۔اس کی بے شمار تجلیات ہیں۔لیکن کتاب کی وسعت اجازت نہیں دیتی۔اس لئے معذور ہیں۔اس درود پاک کے بعد چہار قل شریف تلاوت کریں۔اور اپنے اطراف انگلی پر پھونک مار کر حصار کریں۔اپنے جسم پر اچھی طرح دم کرلیں لیجئے آپ قلعہ بند ہوگئے۔یہ دعاء حصار کے سوا آپ کی ہر مشکل و پریشانی میں حاجت روا ہے۔اگا آپ چالیس روز بعد نماز عشاء ایک جسے میں ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔اور اللہ تبارک تعالی سے عاجزی کریں تو انشاء اللہ تعالی آپکو یہ تمام آفت وبلا، پریشانیوں، مشکلات کی تاریکیوں سے صاف کرکے خوش قسمتی، خوشحالی کی روشنی میں نہلا دے گی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

حصار

آپ جب بھی کوئی عمل یا وظیفہ کریں تو اپنی نشست اختیار کرنے سے پہلے اول حصار ساتھ۔۔سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھیں پہلے اپنے اوپر دم کرلیں اور پھر لکیر کی صورت میں اپنے اطراف دائرہ کھینچ لیں۔لیجئے حصار ہوگیا۔

اگر کسی کے یا اپنے سر میں شدید درد ہے تو دم کریں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

دعأ ابر ساسبر ساسار ساجلسه درسامدر

ساماشابحق یاشیخ عبدالقادر گیلانی شیأ

اللّٰه اعنی بادن اللّٰه بحرمت مُحَمّد بن

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

عبداللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یا اللّٰہ یا اللّٰہ

سفید دستے کی چھری پر دم کر کے حصار کھینچیں۔

حصار۔ حاضرات اور یا وظیفہ کرنے سے پہلے اپنے اطراف لکیر کھینچیں۔ آیت الکرسی، چہار قل شریف، اور بعد میں یہ آیت مبارکہ۔۔۔۔۔

﴿امن الرسول بما انزل الیہ من ربہ وامومنون﴾

آخر تک پھر اپنے اوپر اچھی طرح دم کریں اور اپنے اطراف لکیر کھینچیں۔ اور اب اگر کوئی مریض پریشان ہو تو پہلے اللہ تبارک تعالیٰ کی قلب سے عاجزی کرے۔ اور آسیب زدہ کے گرد اس اسم پاک کو دم کریں تاکہ آسیب اس کے سر پر حاضر نہ ہو مریض کو پہلے تاکید کر دیں وہ بغیر اجازت حصار کے باہر قدم نہ رکھے۔ یہ تو چند حصار کے طریقہ کار ہیں۔ جو ہم نے یہاں احاطہ تحریر کئے ہیں۔ لیکن جہاں ضرورت محسوس ہوئی مضمون کی صحت کے ساتھ دیگر حصار بھی تحریر میں لانے کی کوشش کریں گے۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

یہ فلیتے جو ہم یہاں دے رہے ہیں انہیں آپ حضرت غوث پاک پیران پیر کی شیرینی پر نزر دے کر اسکے بعد مندرجہ ذیل فلیتوں جلائیں۔ لیکن یہ آپ اس وقت کریں۔ جب آپ دیو، جن، پری کو دفع کرنا چاہتے ہوں

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

۲۰	۱
۷۰	۲
۸۰	۳
۹۰	۴
۱۰۰	۵

جن اصیل اثر اصیل عاشق
ماں قربان جاوے عاشق

ھا ھا ھا	
ھا ھا ھا	
ھا ھا ھا	

جن عاشق ملیا انت لقی
سب ملیا طلبا انت لقی

۶۶۵۶۶۷	۶۶۶۵۴۹۵۲
۶۶۵۴۹۷۲	۶۶۵۴۴۹۲۲
۹۶۵۴۹۴۷	۶۶۵۴۹۸۲

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

حصار جمیع بلیات

جس طرح اللہ تبارک وتعالیٰ کی نعمتوں کا شمار ناممکن ہے۔اس طرح علم کی تجلیات کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔روشنی کی کرنوں میں کتنے ذرات ہیں۔نہ ممکن ہے کوئی اس راز سے آگاہی پا سکے۔یہاں ہم جس عمل سے آپ کو آگاہی دے رہے ہیں۔وہ حصار مجرب ہے۔اسے ہر اہل ایمان و یقین کر سکتا ہے۔نماز کی پابندی ضروری ہے۔یہ حصار مشائخ کے معمولات میں سے ہے۔

اسے آپ ہر فرض نماز کے بعد پڑھیں۔یہ اگر ممکن نہیں تو صبح نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد کریں۔اسکا طریقہ نہایت آسان ہے۔مندرجہ ذیل اسم کو ایک مرتبہ تلاوت کریں اور شہادت کی انگلی پر دم کر کے اس انگلی کو داہنے کان کے گرد تین مرتبہ پھرائیں۔لیکن ایک بات کا خیال رہے انگلی جلد سے مس نہ ہو۔انشاء اللہ تعالیٰ بحکم معبود کے جس کام کے لئے یہ دعا کریں گے۔کامیابی حاصل ہوگی۔یعنی آفات، بلیات سے ہمیشہ حفاظت میں رہیں گے۔اللہ ہی قوت والا اور چیز پر قادر ہے۔

اس میں احصار یہ ہے۔عزیمت

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ"

﴿وَالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالنُّجُوْمِ مُسَخَّرَاتٍ

بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ

الْعٰلَمِيْنَ ۝

گرد من دگرد خانہ من وگرد زن فرزندان من وگرد دوستان من گرد مال واسباب

من حاضر شدہ وحصار شوی نگہدار باشی یا

اَللّٰهُ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

وَبِحَقِّ اَهْيَا اَشْرَاهْيَا وَبِحَقِّ عَلِيْقَا تَلِيْقَا اَنْتَ

تَعْلَمُ مَا فِي الْقُلُوْبِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَبِحَقِّ يَا مُؤْمِنُ

يَا مُهَيْمِنُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا

وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

www.freeamliyaatbookspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

آسیب، سحر، سے آگاہی

یہ عمل جو ہم زیر تحریر لا رہے ہیں۔ یہ ان کے لئے ہے جو پہلے سے عامل ہیں یا جو پابندی سے پانچ وقت نماز ادا کرتے ہیں۔ اور اللہ کی عاجزی میں رہتے ہیں۔ جو لقمہ حلال کھاتے ہیں جو امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ورد اپنے سینے میں رکھتے ہیں۔ وہ حضرات زکات کے بغیر بھی اس عمل کو کریں گے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تبارک تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیاب رہیں گے۔ اگر آپ کو یوں محسوس ہو کہ مریض پر سحر یا آسیب ہے تو آپ پہلے دو رکعت نماز نفل اللہ تبارک کی مدد کے لئے پڑھیں۔ اور اکیس بار بعد نماز کے درود پاک تلاوت کرنے کے مندرجہ ذیل اسم پاک کو سات بار۔ مریض کو اپنے روبرو بٹھا کر دم کریں۔ اس کے بعد نقش لکھ کر مریض کے ہاتھ میں دیں۔ اگر مریض کو اس نقش میں وزن محسوس ہو تو ۔آپ سمجھ لیں مریض پر آسیب کا اثر ہے۔ اس کے بعد عامل میں عملی قوت ہے تو اس کا علاج شرائط عملیات کے تحت کرے۔

کلمات دم یہ ہیں۔

زعفران وگلاب عرق کی سیاہی سے لکھیں۔لیکن نادعلیؑ کا نقش پر کرنے سے پہلے ایک سوایک درود شریف اول پڑھیں اوراس کے بعد چالیس بار نادعلی اور پھر ایک سوایک بار درود شریف شیرینی پر بنی پاک ﷺ کا حضرت علیؑ اور آل علیؑ کی نذر دلائیں۔اور عاجزی کے ساتھ پاک صاف کاغذ پر یہ نقش تحریر کریں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

برص، جذام، سودا کی بیماری، خفقان و ہول، دشمن کو دفع کرنے کے لئے۔

اثرات آسیب، جادو جن وبھوت، پری، خبیث، پلید کے لئے نقش نمبر ایک کو شیب پتھر کی تختی پر کندہ کر کے مندرجہ بالا مریضوں کے گلے میں ڈالیں۔اور اللہ تبارک تعالیٰ سے عاجزی کریں کہ وہ اس دعا کی برکت سے ان حضرات کو شفاء عطا فرمائے۔آمین

نقش نمبر۲۔

بسم اللہ الرحمن الحیم	اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ	مُحمّد مُحمّد مُحمّد مُحمّد مُحمّد مُحمّد	عَلّی عَلّی عَلّی عَلّی عَلّی عَلّی
نادِعلیًا	مَظهَرَ العَجائب	تَجدُہٗ	عَونًا لَکَ
فِی النّوائِبُ	کُلِّ	ھَمٍّ	وَغمٍ
سَینجَلِی	نبوَیتِک	یَامُحمّد علیہ السلام صلی اللہ	بِوُلا
یَتکَ	یَا عَلّی	یَا عَلّی	یَا عَلّی

www.freeamliyaatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

کاغذ پر تحریر کریں، خوشبو سے معطر کر کے اچھی طرح موم جامعہ کر کے گلے میں ڈالیں، انشاء اللہ بیماروں سے شفا حاصل ہو۔ یہ دوسرا نقش ان بچوں کے گلے میں ڈالیں، جو بہت روتے ہیں اور سوتے میں چونک جاتے ہیں اگر ان میں کسی قسم کی پرچھائیاں نظر، شر و اسرار ہوں تو اس نقش کی قوت و برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ اور اس عظیم دعا سے برکات و تجلیات کے لئے نادعلیؑ کا مطالعہ کریں۔

اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

فیضان دائود علیہ السلام

ایسے نایاب عمل قسمت والوں کو ملتے ہیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام اللہ تبارک وتعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور بنی آدم پر پیغمبر مبعوث کئے گئے تھے۔ آپ پر اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنی عظیم و بابرکت کتاب زبور نازل فرمائی۔ آپ کو یہ اللہ تبارک تعالیٰ کی جانب سے تجلی حاصل تھی کہ لوہا آپ کے ہاتھ میں آ کر موم کی طرح جس طرح آپ چاہتے ڈھال لیا کرتے تھے۔ یہ جو دعا تحریر کر رہے ہیں اس کی عظمت و برکت کے بارے میں کیا اہل ایمان کے لئے اتنا ہی کافی نہیں ہے کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کی زبان مبارک سے ملتجا ہوئی اور قرض کی ادائیگی، مصیبت سے نجات میں بہترین کلمات ہیں۔ یہ حضرت شیخ محمد صاحب محدثؒ کے عمل میں تھے۔ وہ کثرت سے اس کا ورد کرتے تھے۔ آپ بھی کثرت سے ورد میں رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی ہر نیک تمنا پوری ہوگی۔ اور آپ کی ہر التجا بارگاہ باری تعالیٰ میں قبول ہوگی۔

دعا۔۔۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم.

﴿یَا کَبِیرُ اَنتَ اَللّٰہُ اَلَّذِیْ لَا تَھتَدِی اُلعُقُولَ

بِوَصفِ عَظمَتِہٖ یَا کَبِیر.....﴾

www.freeamliyaatbookspdf.com
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

پری کو باندھنا

اگر آپ جانتے ہیں کہ مریض پری کی وجہ سے اذیت میں مبتلا ہے خواہ وہ عورت ہو۔ اگر ایسا ہے اور آپ باندھنا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے۔۔۔ آپ عامل ہیں تو آپ کو یہ کرنا ہوگا کہ اس کی پیشانی کے بالوں کو پکڑیں اور گرہ دے کر یہ عزیمت تواتر سے پڑھیں جب تک وہ پری بندھ جائے۔

عزیمت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿عَلْقَمْ عُقْلُمْ عقلم عُقْدُوسَ قریش ھبس حبیبک فَکْبِکْبُوا فِیْھَا ھُمْ وَالْغَاوُنَ وَجُنُوْدِ الشَّجَرِ وَالْاَشْجَارِ وَاخْرُجْ مِنَ الْکِنِّ وَالْاَکْنَافِ وَاخْرُجْ مِنْ اَبْلِیْسَ اجْمَعُوْنَ بَسْتَمْ بَسْتَمَ بِہٖ مُھْرِ سُلَیْمَانُ بِنْ دَاؤُدَ عَلَیْہُ السَّلَامُ بَسْتَمْ قِھْرُ کَرْدَمْ تَابِمَنْ نَکْشَائُم کَسِے نَکْشَا یَدْبَامْرِ اَللّٰہِ تَعَالٰی. لَ اِلٰہَ اِلَا اللّٰہُ مُحَمَّدُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم﴾

ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات مکسی
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

اسم اعظم آیت الکرسی اسمائے حسنیٰ، نورھی نور

آپ نے آیت الکرسی کی تجلیات کے بارے میں کافی برکات سمیٹی ہیں۔لیکن ا س عظیم آیت مبارکہ کی شان میں ۔۔۔۔رحمت و برکات کے سمندر میں قطرہ بھی نہیں۔ ۔حضرت سلیمان علیہ السلام ابن داؤد علیہ السلام کو جو شان و بلندی عطا فرمائی تھی ۔یہ میرا پروردگار ہی جانتا ہے۔اور جو تجلیات ظہور ہوتی ہیں اسے بیان کرنے سے زبان قاصر ہے ۔اللہ تعالی سے محبت کرنے والے ہی اس سے آگاہ ہیں۔۔۔۔اللہ ہی حکمت والا،قوت والا ہے۔

حضرت سلیمان علیہا السلام کو بے شمار نعمتوں کے ساتھ علم سے بھی نوازہ تھا۔آپ اپنی کتاب مبادیات کے صفحہ نمبر 376 میں رقم طراز ہیں اس آیت مبارکہ کی برکتیں اور تجلیات سے مکمل آگاہی ممکن نہیں۔اس کے اسرار سے اللہ عزوجل ہی آگاہ ہے۔وہی عالم الغیب۔وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

چند حروف برکات سے دنیا کو روشنی عطا کی۔۔۔۔وہ قرآن عظیم کا ایک خاص

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

حصہ ہے جس پر دنیا قائم ہے۔۔۔ یہ اسم اعظم ہے۔

اس سے آگے کیا تحریر کریں۔ یہ کہ یہ اسم اعظم ہے۔ جو تمام کائنات کی قوت کو یکجا کیا جائے تو میرے رب العزت کی یہ آیت مبارکہ کی شان عظیم ہے۔

ہم یہاں مختصر عرض کریں گے یہ کئی بیماریوں میں شفا و رحمت ہے۔ کوئی بھی اللہ سے عاجزی کرنے والا، نمازی پرہیز گار، صرع مرگی والے مریض پر گیارہ بار اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر دم کرے۔ مریض انشاء اللہ اس آیت کی برکت سے فوراً اٹھ کر بیٹھ جائے گا۔

یہاں ہم جو آیت الکرسی تحریر کر رہے ہیں۔ وہ تجلیات نور و قوت اللہ جل شانہ سے۔۔۔ اس میں اللہ تعالیٰ کے اسم پاک (اسمائے حسنیٰ) سے روشن، اور اس کی اعلیٰ صفات کی خوشبو سے معطر معطر۔۔۔ اسے ورد میں رکھنے یا روز بعد نماز فجر، عشاء پڑھنے والے کو غیب سے مدد حاصل رہتی ہے۔

اس سے تسخیرات، حاضرات، فتوحات، شر مخلوقات، خلائق سے محبت، امن وامان، حاجات کے لئے یعنی ہر قسم کی حاجت میں نور ہی نور ہے۔۔ قوت ہی قوت۔۔۔، برکات ہی برکات ہے۔۔۔ ایک عرض کریں، اس کا نور یعنی جب اس کا پڑھنے والا قلب کی سچائی کے ساتھ اس کی تلاوت کرتا ہے۔ فوراً اس کا نور آسمان پر جاتا ہے۔ اور پروردگار کی خوش نودی بن کر اس بندے پر رحمت و برکت بن کر اس کی ظاہری، باطنی، روحانی، زندگی کو روشن کرتا ہے۔

اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اسم اعظم آیت الکرسی
اسمائے حسنٰی نور ھی نور

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ.

﴿اِعتَصَمتُ بِاللّٰہِ الَّذِی لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَالحَیُّ
القَیُّومُ اَلقَائِمُ الدَّائِمُ لَاتَاخُذُہٗ سِنَۃٌ
حَاضِرٌنَاظِرٌوَالانُومٌ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی
الاَرضِ قَادِرٌقَدِیرٌعَلٰی کُلِّ مَخلُوقٍ مَن ذَاالَّذِی
یَشفَعُ عِندَہٗ اِلَّابِاِذنِہٖ کَرِیمٌ رَحِیمٌ یَعلَمُ مَابَینَ
اَیدِیھِم وَمَاخَلفَھُم لَاخِلَافٌ وَالاَکذِبٌ
جَبَّارٌقَھَّارٌغَفَّارٌسَتَّارٌوَلَایُحِیطُونَ بِشَیءٍ مِن
عِلمِہٖ اِلَّابِمَاشَاءَ اللّٰہُ الرَّاحمٰنُ الرَّحِیمِ حَافِظٌ
حَفِیظٌ رَقِیبٌوَکِیلٌ نَاصِرٌنَصِیرٌبِحَقِّ اللّٰہِ الَّذِی
ذَوَالاَلمَلَائِکَ وَلاَفنَاءِ الحُکمِ حُکمِ بَرحَکِیمَ
بِحَقِّ نَبِی اللّٰہِ اسمَہٗ اَحمَدٌحَامِدٌمَحمُودٌفِی
التَّورَاۃِوَالاَنجِیلِ وَالزَّبُورِوَالفُرقَانِ

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ والصِّدِّیقِ وَالفَارُوقِ

وَذِی النَّورَینَ وَالمُرتَضٰی آئمہ رِضوَانَ اللّٰہِ

تَعالٰی اَجمَعِینَ بِحَقِّ شَیخ عَبدُالقَادِر جِیلانی

سَخِّرلِی مِن اَھلِ السَّمٰوٰتِ وَمِن اَھلِ الاَرضِینَ

بِقُدرَتِکَ یَاقَدِیرُ القَادِرِینَ وَبِحُکمِکَ

یَااَحکَمَ الحَکِمِینَ یَاقَدِیرُ یَا حَکِیمُ بِرَحمَتِکَ

یَاارحَمَ الرَّاحِمِینَ ۞

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

پری زاد کی حاضری

عمل تیاری کے ساتھ پاک صاف۔ اچھے پاک کپڑے ہوں اس میں بہترین عطر لگائیں اور جب یہ عمل کریں ان کپڑوں کو بعد عمل کے اتار کر اس کمرے میں ٹانگ دیں جب استعمال کرنے ہوں پھر اس پر خوشبوں لگائیں اور اسے پہن کر عمل کریں۔

یہ عزیمت پری زادوں کو حاضر کرنے کے لئے ہے۔ جسے چالیس روز وقت مقرر پر با آواز بلند ستر مرتبہ پڑھنی ہے۔ اس کے لئے آپ علیحدہ مکان میں پرسکون ہو کر اس پر عمل کریں۔ جس آیت، عزیمت تلاوت کریں کوئی خوشبودار پھول گلاب کے اپنے پاس ضرور رکھیں۔

عزیمت۔۔۔۔

عزمت علیکم و اقسمت علیکم بحق او اماھا

ما کحکلا... کولدو مرا ہا... کھیں .. کحیماط..

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

دو مرتبہ کھیں ... ارحما ترحما بحق اوامط

بھت سواھایامو کلاں .... بحق سلیمان بن

داؤ دعلھما السلام حاضر ھو حاضر ھو .....

اس حاضرات میں آپ جس پری کو چاہیں معہ اس کے لشکر کے بلا سکتے ہیں۔ اگر کسی پر جادو کا اثر ہو بادشاہ پریوں سے ساحر و جادوگر اور دیو سے جادو اتارنے کا آپ کہیں فوراً وہ یہ کام کر دیں گے۔ اور جادو کا اثر بیکار ہو جائے گا۔

عمل حاضرات۔ اس عمل کی قدر کریں گے۔ تو بے پناہ نفع حاصل ہوگا تمام شرائط عملیات کے بعد نماز عشاء تین روز۔۔۔ روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک کے درمیان اسے ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ تین یوم کے بعد چوتھے روز سات یوم تک ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ سب کام کے لئے کریں!

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

حاضرات

یہاں ہم یہ حاضرات تحریر کر رہے ہیں۔اس سے تمام عالم کی حاضرات ہوتی ہے۔آپ اس سے بے شمار کام لے سکتے ہیں۔یہ نقش حاضرات صرف جمعرات کے دن آپ اپنے نیک مقاصد میں لائیں۔

نقش حاضرات:۔

یاجبرائیل بسم اللہ الرحمن الرحیم یااسرائیل

۲۷	۲۰	۲۵
۲۳		۲۶
۲۳	۲۸	۲۱

یاعزرائیل یامیکائیل

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات فری بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

یہ نقش حاضرات پاک صاف کاغذ پر لکھ کر کسی بچے کے سامنے رکھیں۔لیکن اس بچے کے جسے آپ نے پہلے سے دس کام کے لئے تیار کر رکھا ہو۔اور وہ پاک صاف ہو۔اس کی عمر سات سال سے دس سال کے درمیان ہو۔اسے کہیں کہ اس کالے حصے پر اپنی نظریں مرکوز رکھے۔

یہ ایسی نایاب حاضرات ہیں کہ آپ جس بادشاہ کو چاہیں حاضرات کریں وہ حاضر ہوگا خواہ وہ بادشاہ جنات ہو یا کسی بھی ملک کا انسان جس کے لئے آپ نے حاضرات کی ہے وہ حاضر ہوگا۔اللہ ہی قدرت والا اور وہ ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

یاجبرائیل بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اسرائیل

۴۳	طراح	صسلم	۱۳۵
سے		عہ	۸
ع ا	۸	۸۸	۲
عہ	۸	۲	عہ

یا عزرافیل یا میکائیل

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
ANZAIB

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

بادشاہ جنات کو حاضر کرنا

یہ عزیمت اہل علم وذوق کے لئے خزانے سے کم نہیں۔ یہ بادشاہ قیقطوش کے بلانے کے لئے ہے۔ لیکن عملیات کی تمام شرائط کو پورا کرتے ہوئے عمل کریں۔ عزیمت

عزعمتُ عَلَیکُم جیسًا جیسًا جیسًا خبیسًا

خبیسًا خبیسًا طُوسًا طُوسًا طُوسًا حاضر ھو

حاضر ھو حاضر ھو یا شاہ قَیقَطُوش یَارَاوَّدَ جِنّیِ

بَابیکَ غَابُورِی یَالُونَابِحَقِّ حصرت سُلیمَان

بنِ دَاؤدعَلَیہِ السَّلام حاضر ھو حاضر حاضر ھو

اس عزیمت کو اکیس یا اکتالیس بار پڑھیں ذرا خوف دل میں لائیں انشاء اللہ حاضر ہو کر تمہاری نیک خواہش پوری کریگا اللہ ہی قدرت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

دربار حضرت سلیمان علیہ السلام اور خواتین

ایک روز حضرت سلیمان علیہ السلام پورے جاہ وجلال کے ساتھ اپنے تخت پر براجمان تھے۔ اس وقت کچھ دیر کے لئے دربار کو عمائدین سلطنت سے خالی کر دیا گیا تھا چونکہ اس وقت بہت سی خواتین جمع ہو کر آپ کے حضور حاضری کی خواہاں تھیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ کے اس برگزیدہ بندے اور پیغمبر میں یہ خوبی تھی کہ آپ کے دربار میں ہر فرد۔۔ رعایا میں سے جو چاہے حاضر ہو سکتا تھا۔ اور جو بھی شکایات ہوتی اسے بیان کرنے میں مکمل آزادی حاصل ہوتی۔ چاہے وہ مثلاً لڑائی جھگڑے کا ہو، زمین جائیداد کا یا بیماری کا۔

جب یہ خواتین جمع ہو کر دربار میں حضرت سلیمان علیہ السلام میں حاضر ہوئیں تو انہوں نے سلام کرنے کے بعد کہا۔ یا نبی اللہ.. ہم پریشان ہیں؟

حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا۔ کیوں؟

یا نبی اللہ۔ ہماری پریشانی کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے فرزند نہیں ہوتے؟ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان کی بات سنی اور سوچنے لگے۔ چند لمحے بعد ان کو مخاطب

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
عملیات

Scanned with CamScanner

ہو کر فرمایا۔ یہ بات پریوں سے معلوم کی جائے۔ وہ اس کا بہتر جواب دے سکتی ہیں۔'' آپ نے یہ کہا اور دربار میں پریوں کو حاضر ہونے کا حکم صادر فرمایا۔

آپ کے جنبش لب کی دیر تھی۔ پریاں حاضر ہوئیں۔ ان سے پوچھا گیا تو ان عورتوں کے ہاں فرزند کیوں نہیں ہوتے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ پریوں نے نہایت ادب سے عرض کیا۔ یا نبی اللہ۔ سات عقموں کے سبب حمل نہیں ٹھہرتا۔ اور یہی وجہ ہے کہ فرزند نہیں ہوتا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام اٹھے۔ اور پریوں سے کہا۔ تم ان مہمانوں کو اس کی تفصیل سے آگاہی دو اور اس کا علاج بھی بتانا یہ خواتین کا معاملہ ہے۔ اس لئے تم ہی اسے سلجھاؤ۔ یہ کہہ کر آپ دربار سے چلے گئے۔

اب وہ تمام عورتیں پریوں کی اطراف جمع ہو گئیں اور نشست پر بیٹھ گئی اور پریوں سے متوجہ ہو کر کہا۔ بتاؤ اس کی وجہ کیا ہے۔

پریوں نے کہا جیسا کہ ہم پہلے بتا چکی ہیں یہ سات عقموں کے سبب ایسا ہوتا ہے۔

نمبر ایک۔ یہ کہ عورتوں کا رحم پھرا ہوا ہوتا ہے۔ اس واسطے رحم میں نطفہ اپنی جگہ پر قائم نہیں ہوتا۔

نمبر دو۔ رحم میں ہوا بھری ہوتی ہے تخم کو اپنی جگہ کا۔۔۔ رستہ نہیں ملتا۔

نمبر تین۔ یہ کہ رحم کے منہ میں گوشت زیادہ ہونے کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ اس لئے تخم اندر جانے سے معذور رہتا ہے۔

نمبر چار۔ یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض اوقات رحم میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ تخم کو نگل جاتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

نمبر پانچ۔ بعض اوقات یہ بھی سبب ہوتا ہے کہ رحم میں گرمی ہوتی ہے۔ اس لئے تخم خون میں مل جاتا ہے۔ اور حمل نہیں ٹھہرتا۔

نمبر چھ۔ بعض اوقات سبب سردی کے بھی ایسا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔ رحم میں سردی ہو جاتی ہے اور اس وجہ سے تخم پختہ نہیں ہوتا۔

نمبر سات۔ عورت کو آسیب، دیو، پری کا سایہ ہوتا ہے وہ تخم کو مار دیتا ہے۔ حمل قرار نہیں پاتا۔

خواتین نے پریوں کی بات سنی اور چند لمحے خاموشی کے بعد ان سے پوچھا اے نبی اللہ کی خادماؤں، پریوں۔ یہ بتاؤ کہ یہ کیسے معلوم کیا جائے کہ کون سی علت ہے۔ وجہ کیا ہے؟

پریوں نے نہایت شیریں زباں سے جواب دیتے ہوئے کہا۔ جس وقت آدمی عورت سے مجامعت کرتا ہے اگر عورت کا سر درد کرے تو اسے سمجھ لینا چاہیے کہ عورت کے رحم کا منہ پھرا ہوا ہے۔

اگر مجامعت کے وقت منہ کانپے تو یہ علامت ہے رحم میں ہوا بھری ہوئی ہے اور اگر اس وقت ہڈیاں درد کریں تو اس کا سبب بھی رحم میں ہوا کا ہے۔

اگر مجامعت کے وقت پنڈلیاں درد کریں تو یہ سبب ہے رحم میں کیڑے پڑے ہوئے ہیں۔ اگر مجامعت کے وقت کہیں بھی درد کی شکایت نہ ہو تو یہ دیو، آسیب پری کا سایہ ہے، جس کے سبب حمل قرار نہیں پاتا۔

www.freeamliyaatbookspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

علاج

اگر رحم کا منہ پھرا ہوا ہو تو دانہ صنبہ، زہرہ مرغابی، ان دونوں کو یک جا گھسائیں اور شافہ بنا کر تین روز تک شافہ کریں۔ اس کے بعد وہ پھر اپنے خاوند کے پاس جائے تو فرزند پیدا ہوگا۔

اگر رحم میں ہوا بھری ہوئی ہو تو انگونہ یعنی ہینگ خالص تلی کے تیل کے ساتھ ملا کر حیض کے بعد تین روز تک شافہ کریں۔ اس کے بعد اپنے خاوند کے پاس جائے۔ خوشیاں سمیٹ کر بستر سے اٹھے۔ حمل ٹھہر جائے گا۔ اگر رحم کا گوشت زیادہ ہو گیا ہو تو زیرہ سیفد اور ماتمی کے ناخن، روغن زرد سے ملا کر بند حیض تین روز تک شافہ کریں۔ پھر خاوند کی صحبت انیار کرے حمل قرار پائے گا فرزند ہوگا۔

اگر رحم میں کیڑے پڑ گئے ہوں تو صابن کا پانی اور سجی اور ہلیلہ بلیلہ کا حیض کے بعد دو دن تک شافہ کریں۔ اس کے بعد اپنے شوہر کو داد عیش دے فرزند ہو۔

اگر آسیب، دیو، پری، کا سایہ ہو تو ذیل کا تعویز مشک و زعفران سے عرق گلاب سے لکھ کر عورت اپنی کمر میں باندھے اس کے بعد وہ اپنے شوہر سے ملے حمل قرار پائے اور فرزند پیدا ہو۔

یہ آیت کے تین تعویذ بنائیں اور تین روز تک حیض کے بعد پلائیں۔ اور ایک تعویذ پاک صاف کاغذ پر لکھ کر موم جامعہ کر کے کمر میں باندھیں۔ آیۃ مبارکہ یہ ہے۔

وایہ تھم انا حملنا ذریتھم الیٰ حین۔۔۔تک

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(یونامہ)

حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں (دیو برج کی حاضری)

آج ہم جس دور میں زندگی کے سفر میں رواں دواں ہیں۔ وہاں علم کی روانی نے عام آدمی کو بھی بہت سے اسرار کائنات سے آگاہی دے دی ہے۔ اللہ جل شانہٗ نے جس قدر دلکش و دلفریب مناظر سے کائنات کو سجایا ہے۔ ابتداء میں نبی آدم اسے صرف کائنات کی آرائش تصور کیا کرتے تھے۔ لیکن جوں جوں شعور نے کائنات کا مشاہدہ کیا، عقل کی توانائی کو استعمال کیا۔ انسان کو کائنات کے بہت سے اسرار سے آشنائی ہوتی چلی گئی۔ اور اہل علم نے نسل در نسل، صدیوں کے سفر میں قدرت کی تخلیق کردہ بے شمار چیزوں کی افادیت اور اسے اپنے مفاد میں استعمال کرنے کا طریقہ دریافت کرلیا۔ پھر علیحدہ علیحدہ علم کی درجہ بندی ہوئی، اس کے نام رکھے گئے، علم البدان، علم کیمیا، علم سیمیا، علم ربانی، علم فلکیات، علم نجوم، علم برقیات اور بے شمار علم۔ اہل علم نے جہاں دیگر علوم سے استفادہ حاصل کیا وہاں علم نجوم کے ماہروں نے فلکیات کے اسرار۔۔۔ بروج و ستاروں میں پوشیدہ انسان کی زندگی پر ہونے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

والے اثرات سے بھی آگاہی بخشی۔ جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں۔ آج ہم جس ترقی یافتہ دور میں سانس لے رہے ہیں۔ وہاں یہ بتانے کی قطعئی ضرورت نہیں کہ علم فلکیات کیا ہے؟ اور علم نجوم کسے کہتے ہیں۔ آج ہر شخص جو تھوڑا سا بھی شعور رکھتا ہے۔ وہ بروج اور ستاروں کے بارے میں بہت نہیں تو تھوڑا جانتا ضرور ہے۔ اب تو لوگ ڈائیری پر اپنے نام کے ساتھ اپنا برج بھی تحریر کرتے ہیں۔ بروج اور ستاروں کے زندگی پر اثرات کے بارے میں بھی جانتے ہیں۔ لیکن شاید بہت کم حضرات کو معلوم ہوگا کہ ہم اپنی بیماریوں کے بارے میں ان ستاروں سے کیسے معلوم کر سکتے ہیں۔ یہاں ہم جو مضمون آپ کے ذوق کی نظر کر رہیں ہیں۔ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام سے منسوب ہے۔ یعنی ان کے دربار میں ان ستاروں اور برجوں کے حاکم دیو کی حاضری پر..... حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہر اک برج اور ستارے کے دیو سے کچھ سوالات اور جوابات کئے تھے جو ہم اس رسالے سے عکس کر رہے ہیں جو قدیم ایام سے چلا آرہا ہے۔ اہل علم بزرگوں نے اس کی اس طرح حفاظت کی کہ صدیاں بیت جانے پر بھی آج ہمیں قدیم کتب سے دستیاب ہے۔ یہ رسالہ بیماریوں سے آگاہی میں دانش کدہ ہے۔ قدیم..... اہل علم بیمار کو اس کی بیماری کا طالع معلوم کر کے بتایا کرتے تھے۔ یقیناً آپ بھی اس سے استفادہ حاصل کریں گے۔ اور لوگوں کو بھی نفع پہنچائیں گے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ بیماری کا طالع معلوم کریں تو بیمار کا اور اس کی والدہ کے نام کے عدد بحساب ابجد جمع کریں اور اسے بارہ پر تقسیم کر دیں۔ اگر ایک بچے تو اس کا طالع حمل ہے اور اگر دو بچے تو ''ثور'' تین بچے تو ''سرطان''..... چار بچے تو جزا پانچ بچے تو

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اسد..... چھ بجے تو سنبلہ..... سات بجے تو میزان..... آٹھ بجے تو عقرب..... نو بجے تو قوس..... دس بجے تو جدی..... گیارہ بجے تو دلو..... اور بارہ بجے تو حوت..... اللہ ہی قوت والا عالم الغیب ہے۔

برج حمل اور خصوصیات

برج حمل کا مزاج آتشی اور جنس نر ہے۔ خانہ ستارہ مریخ کا یہ ستارہ حضرت آدم علیہ السلام سے منسوب ہے۔ اس کی آب و تاب خطہ خراسان کی زمین پر دیکھی جاتی ہے۔ جو شخص اس ستارے کی ساعت میں پیدا ہو، وہ نیک بخت اور نیک دوست ہوتا ہے پرہیز گار، امانت دار، نیک فطرت کا مالک ہوتا ہے۔ خوش حال دولت مند، فراخ رزق، اور زبان کا فصیح ہوتا ہے۔ جمعرات اور جمعہ کا دن اس کے لئے نیک و مبارک ہوتے ہیں۔ اور مہینہ میں صفر المظفر کا مہینہ تمام مہینوں میں نیک ہوتا ہے۔ وہ اللہ تبارک تعالیٰ پر یقین و ایمان کے علم کے ساتھ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا اسے کامیابی ملے گی۔

اگر وہ بزرگوں کے پاس جائے تو ان کی دائیں طرف مودب کھڑا ہو۔ انشا اللہ اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

جس شخص کا یہ برج اور ستارہ ہوتا ہے وہ نیک خصلت و ایمان دار ہوتا ہے وہ جھوٹ و خیانت کا مرتکب نہیں ہوتا۔ وہ حرام کاموں سے اور حرام کرنے والوں سے ہمیشہ دور رہنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور جب چاند دیکھے تو اپنے بیٹے کی صورت دیکھے، یہ اس کے لئے مبارک ہوگا۔ اسے رنگوں میں سفید رنگ پسند ہوگا۔ اور زیادہ تر سفید ہی لباس پسند اور پہنے گا۔ طبیعت مزاج گرم ہوگا۔ بیماری کے دوران عجیب عجیب قسم کی آوازیں اس کے منہ سے خارج ہوں گی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

لئے مبارک ہوگا۔ اسے رنگوں میں سفید رنگ پسند ہوگا۔ اور زیادہ تر سفید ہی لباس پسند اور پہنے گا۔ طبیعت مزاج گرم ہوگا۔ بیماری کے دوران عجیب عجیب قسم کی آوازیں اس کے منہ سے خارج ہوں گی۔ مستقل بیماری میں درد شقیقہ ہونے کا امکان بہت زیادہ ہے۔ یہ تو اس برج اور ستارے کی خصوصیت سے ہیں۔ اس شخص پر جو اس ستارے کی تاریخوں میں پیدا ہوا ہوگا۔ اثرات مرتب ہوں گے۔ اس میں یہ خصوصیات ہوں گی۔ لیکن میرا پروردگار ان تمام چیزوں سے بلند و عظیم ہے نہ جانے وہ کون سا لمحہ کون سا وقت، بندے کی کون سی عبادت، کون سی نیکی میرے مالک و معبود کی کرم نوازی کی باعث ہو جائے۔ اور بندے کی زندگی اس کی اک ادنیٰ تجلی سے روشن و بہشتی ہو جائے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ انسان کی اپنی کوتاہی، غلطی، کسی لمحے کی تکبر کی اک باریک لکیر، اس کی خوش قسمتی پر اللہ تبارک کی ناراضگی تاریکی پھیلا دے۔ اللہ ہی قوت والا، عظمت والا، اور ہر چیز پر قادر ہے۔ ہر لمحہ اس کی عاجزی میں رہیں تا کہ ہمیں اس کی کرم نوازی حاصل ہے۔

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

برج حمل اور خواتین

جن خواتین کا برج حمل ہوگا یا حمل کے طالع میں اس کے یہاں بچے کی ولادت ہوگی۔ وہ بچہ نیک و شریف ہوگا، وہ محنت مزدوری کو ترغیب دے گا۔ وہ محنت کو عار نہیں محسوس کرے گا۔ اس برج و ستارے سے تعلق رکھنے والی خاتون بدھ اور جمعہ کے دن جو بھی کام نیک نیت، اللہ تبارک تعالیٰ پر یقین کامل رکھ کر کرے گی انشا اللہ اس میں سو فی صد کامیابی ہو گی۔ البتہ ہفتے اور منگل کے دن احتیاط رکھے۔ چونکہ یہ دن اس کے لئے نحس ہیں۔ اگر اس کے شوہر کا ستارہ قوس ہے تو اس کے حق میں خوشیاں اور آرام میسر ہوگا۔ اس ستارے سے

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

تعلق رکھنے والا شوہر اس کے موافق ہے۔ ویسے اللہ تبارک تعالیٰ اپنے بندے کی عاجزی سے قسمت بدل دیتا ہے۔ وہ ہر شے پر قدر ہے جو اللہ تبارک پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ ان کے ہر کام کو اللہ جل شانہٗ بہتر کر دیتے ہیں۔

اس برج سے تعلق رکھنے والا کا مزاج گرم ہوتا ہے۔ اس لئے کوشش کریں۔ خود پر غصہ کو حادی نہ ہونے دیں۔ اس کے لئے آپ روغن گائے استعمال کریں۔ وہ بہتر ہے۔ البتہ دیو، پری، جن، زخم چشم اور ما نظر بد کا خطرہ رہتا ہے احتیاطی طور پر ''دیونامہ طالع حمل'' اپنے پاس رکھیں۔

بیماریوں میں دردِ شکم، دردِ شیقہ، آشوب چشم اسکی زندگی سے ان کی ملاقات رہے گی۔ اکثر بیماریاں طویل ہوتی ہیں۔ اس کی احتیاط رکھیں۔ اگر اس قسم کا عارضہ ہو تو فوری توجہ دیں، قطعئی لاپروائی نہ برتیں۔ روغن بنفشہ اور دہی آپ کے لئے ایسے میں فائدے دے گی۔ اس برج سے متعلق حضرات کے ہاتھ میں برکت ہوگی۔ اس کی زبان میں مٹھاس ہوگی۔ اس طالع کا ظہور ایک سال تک ہوگا۔ جب وہ ان خطرات سے سفر کر لے گا تو اس کی عمر تقریباً ۸۰ سال ہوگی۔ اللہ تبارک ہی بہتر جانتا ہے۔ وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

ایک روز حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے دربار میں اللہ تبارک تعالیٰ کی خوش نودی کے ساتھ پورے جاہ و جلال، شان و عظمت سے اپنے تخت پر رونق افراز تھے۔ اس وقت آپ کے دربار میں برج حمل کے دیو کو حاضری کے لئے طلب کیا گیا تھا۔ تاکہ اس کے بارے میں معلوم کیا جائے اور نبی آدم کو فیض پہنچے۔ دربار میں تمام وزیر اور عمائد سلطنت

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

موجود تھے۔ جن اور پریاں باادب ہاتھ باندھے آپ کے حکم کے منتظر تھے۔ جیسا کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں۔ میرے پروردگار نے جیسی بادشاہت اپنے اس برگزیدہ بندے اور پیغمبر کو عطا فرمائی تھی۔ وہ دنیا کے کسی بھی حاکم کے نصیب میں نہیں۔ نہ آپ سے پہلے اور نہ آپ کے بعد..... ایسی بادشاہت جہاں چرند، پرند، درند کے سوا۔۔ ہوا بھی آپ کے حکم کی منتظر رہتی ہو۔

یہ میرے رب العالمین کی شان کریمی ہے کہ وہ جس سے پیار کرتا ہے۔ اور جو اس سے پیار کرتے ہیں۔ انہیں ایسی ایسی نعمتوں سے نواز دیتا ہے جہاں عقل و شعور شرمندہ نظر آتے ہیں۔ جب دیو حاضر ہوا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے نہایت سخت اور بارعب آواز میں پوچھا۔ ''اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تو کہاں رہتا ہے؟''

دیو نے عاجزی و انکساری سے کہا۔ ''اے نبی اللہ..... میرا نام چابلسی ہے۔ میرا ملک دیوؤں کا ہے۔ میری جگہ، چلتا ہوا پانی۔ درختوں کے رستوں کے نیچے ہے۔ ویران گھروں میں بھی رہتا ہوں..... اگر کوئی شخص میری جگہ آئے۔ اللہ کا نام نہ لے، اور بغیر تعویز کے ہو تو میں اسے تکلیف میں مبتلا کرتا ہوں۔ اسے رنج پہنچاتا ہوں.....''

اس کی علامت اس طرح محسوس ہوتی ہے۔ یہ خاموشی اختیار کریگا یا بہت کم بولے گا۔ اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانے لگے گا۔ اس کی ہڈیوں میں درد رہے گا۔ اور کبھی کبھی غفلت نیند میں خواب میں ڈرے گا، وجود سے یہ طرح کانپے گا اور ڈرے گا۔ اور نیند سے بیدار ہو جائے گا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی باتوں کو توجہ سے سنا، آپکے چہرے پر غصے کی لکیریں بکھرنے لگیں۔ آپ نے تحکمانہ لہجہ میں پوچھا، اے ملعون اس کا

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS JAHANZAIB Scanned with CamScanner

علاج کیا ہے؟۔

دیو نے مودب انداز میں پہلے دربار اور پھر حضرت سلیمان علیہ السلام کے پیروں کو دیکھا، اس میں اتنی جرائت نہ تھی کہ وہ آپ کے چہرے مبارک کو دیکھتا۔

''اے نبی اللہ.....میں عرض کرتا ہوں۔اس کا علاج.....بھیڑ، بکری یا سیاہ مرغ جو کو ایک رنگ کا ہو۔اسے ذبح کرے۔اور اس کے رنگ سے مندرجہ ذیل تعویز لکھے۔

تعویز.....اللہ تبارک تعالیٰ پر یقین کامل رکھتے ہوئے اس کے نام پر.....تین من آٹا، دو سیر نمک اور ایک گز کپڑا کسی بھی غریب و مساکین کو صدقہ دے اور چار چراغ کسی بھی کامل بزرگ کے مزار پر روشن کرے۔یہ چراغ نئے ہوں اور اس میں حسب ضرورت تیل ڈالیں۔اور یہ تعویز مریض کے بازو پر موم جامہ کر کے باندھیں.....حکم اللہ جل شانہٗ اسے صحت کلی حاصل ہوگی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے کاتب کی طرف اشارہ فرمایا۔اس نے فوراً اسے قلم بند کر لیا۔اس کے بعد اس دیو کو جانے کی اجازت فرمائی.....تعویز یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ﴿یامعشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السمٰوٰت والارض فانفذوا لاتنفذون الا بسلطان ٥طعندیا اللّٰہ صاحب تحیات ومن کل علیفہ وھاقۂ چتہ جالبہ،وعقل عقلۂ و کاتبۂ قال موسیٰ سیبطلۂ ان اللّٰہ لایصلح عمل

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

المفسدین بحق اھیا۔

۱۱۱ ۴۹۱۱۱ اللّٰہ ۱۱۱۱ ۹۱۹۴۱۱۱ ۱۱ ۱۱ ده دم الد ۱۱

وا ۱۱ یم لا دو دد ۹۱

برج ثور اور اس کی خصوصیات

برج ثور خاکی ہے اس کی جنس مادہ ہے یہ زمین فارس پر دمکتا ہے۔ ستارہ اس کا زہرہ ہے۔ یہ حضرت شیث علیہ السلام نبی اللہ سے منسوب ہے۔ جس شخص کی ولادت اس برج میں ہوئی ہو۔ وہ نیک خصلت و شریف ہوگا۔ اس کی شریک حیات طالع ثور والی ہو تو بہتر ہے۔ اس کے سوا طالع سنبلہ اور جدی بھی اس کے لئے اچھی رہے گی۔ اسے چاہے تیر نے اور زخم تلوار سے احتیاط رکھے۔ چونکہ اس کے غرق دریا اور زخم تلوار کے مہلک و نقصان کا خطرہ ہے۔ غصہ تو ہر شخص کو آتا ہے لیکن کسی شخص کا غصہ اتنا خطرناک ہوتا ہے کہ بعض اوقات وہ غصے میں ابلیسی حرکات کر گذرتا ہے جو باعث جہنم ہوتا ہے۔ لیکن اس برج کے طالع کا غصہ نرم ہوتا ہے جتنی جلدی اسے غصہ آتا ہے۔ اتنی ہی جلد ختم بھی ہو جاتا ہے۔ اس کی ناراضگی دیرپا نہیں ہوتی۔ سر یا ناک پر خال ہو تو علامت دولت مندی کی ہے۔ ممکن ہے وہ چار نکاح کرے، صاحب اولاد ہوگا۔ زندگی کو احتیاط اعتدال کے ساتھ گذارے تو بہت سی شکایتوں سے بچ سکتا ہے۔ بیماریوں میں درد پشت و شکم سے زندگی سفر کرے گی۔ زخم چشم، دیوپری سے خطرہ لاحق رہے گا۔ جو بھی کام کرے اس بات کا خاص خیال رکھے کہ اول مہینے

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اول کام کرے۔ اس کے لئے بہتر نتائج ملیں گے۔ اس کا خانہ جوزا ہے۔ اور خطرہ کا خانہ قوس ہے۔ اسے لمبا وطویل سفر میسر آئے گا۔ ممکن ہے یہ سفر قبلہ کی طرف ہو۔ اس کے لئے سرکاری ملازمت، بادشاہوں کی خدمت بہتر ہے اس کے دشمنوں کا خانہ حمل ہے۔ احتیاط کرے چونکہ اس کے دشمن بہت ہوں گے۔ احتیاط کی انتہا ضرورت ہے۔ اس کے موافق رنگ سرخ اس کے طالع کا وقت سات سے بیس سال ہوگا۔ جب وہ خطرے سے گذرے گا اس کی عمر کا بیشتر سفر وہ کر چکا ہوگا۔ اس کی عمر اس وقت ۹۳ سال ہوگی۔ دیگر طالع ثور میں جو عورت اس دار فانی میں آئے گی وہ نیک بخت، نیک رو ہوگی۔ اس کا قد بھی دراز ہوگا۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

برج ثور اور خواتین

جیسا کہ ہم پہلے مندرجہ بالا اس برج کی خاتون کی خصوصیات تحریر کر چکے ہیں یعنی کہ وہ نیک رو و نیک خو ہوگی۔ یہ خوبصورت، کشادہ سینہ ہوگی، آدمیوں کو دوست رکھے گی۔ ابرو بزرگ چشم ہوگی۔ بیماریاں کبھی کبھی درد پستان رہے گا۔ زخم سے خطرہ رہے گا۔ اس لئے اپنے وجود کو شفاف رکھنے کی کوشش کرے کسی بھی قسم کے زخم کو نہ بڑھنے دے۔ اگر حادثاتی صورت میں زخم آجائے تو فوراً اس کی جانب توجہ دے۔ اور علاج کرائے۔ لوگ اس پر جادو ٹونہ بھی بہت کریں گے۔ اس کی دلکشی اس کی دشمن رہے گی لیکن خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ احتیاط رکھے۔ اسے چاہئے کہ دیو نامہ اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ وہ ان بلاؤں وخوف سے محفوظ رہے گی۔ اس فال کے حضرات غیبت نہیں کرتے۔ طبیعت ومزاج اس کے سرد ہوتے ہیں۔ اس کے لئے جو بیماریاں جان لیوا ثابت ہوتی ہیں۔ ان میں درد

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

شقیقہ اور دردِ شکم خطرناک ہیں۔ یہ بیماری اکثر موت کا باعث بنتی ہیں۔ اولاد کے سلسلے میں یہ خوش نصیب ہوتی ہے۔ فرزند کی ماں بنتی ہے۔ اس کی مشکوک عمر سفر سات تا بیس ہوگی۔ اگر وہ اس خطر سے گزر گئی تو نوے برس زندگی کی رنگینیوں سے لطف اندوز رہے گی۔ اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کو جس روز ان بروج اور ستاروں سے آگاہی ہوئی۔ اس روز سے آپ نے روزانہ ترتیب واران بروج کے دیوؤں کو اپنے دربار میں حاضر ہونے کا حکم صادر فرما دیا تھا۔ اس لئے اب روزانہ برج کا دیو وقت مقررہ پر حاضری دینے آتا جیسا کہ آج برج ثور کے دیو کی حاضری تھی۔ اہل دربار دلچسپی سے روزانہ قدرت کے اس نظام کی تجلیات کو دیکھتے اور اس کی حکمت پر تصور میں ہی سجدہ ریز رہتے۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے کیسی کیسی مخلوق اس دنیا میں تخلیق فرمائی۔ نیک بھی، بد بھی.....اور یہ میرے رب کی شان کریمی دیکھئے کہ اس نے سب کو اپنی اپنی فطرت کے مطابق قوت و اقتدار عطا فرمائے۔ تاکہ کوئی مخلوق دن قیامت کے یہ نہ کہے۔ اے میرے تخلیق کردہ، میرے پروردگار۔ ہم نے بدی اختیار کی تو.....تو نے ہم سے قوت چھین لی۔ چونکہ تیرے چاہنے والے بندے ہم سے مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔ اور وہ ہماری قوت کے آگے جھک جاتے۔ اور تیری عبادت کی جگہ ہمارے بتائے ہوئے راستے پر چلنے لگتے۔ میرے رب نے کہا، میرے بندے نہ تو تم سے ڈریں گے۔ اور نہ وہ صراط مستقیم سے ہٹیں گے۔ تم اپنی کوشش کر کے دیکھ لو.....جو مجھ سے

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

محبت رکھتے ہیں، میں بھی ان سے محبت رکھتا ہوں۔ جو مجھ پر یقین و بھروسہ رکھتے ہیں۔ ان کی حفاظت کا انتظام بھی میں خود کروں گا۔ یہ ہے میرے معبود کا انصاف.....

حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے ثور کے دیو کو حاضر کیا گیا..... آپ نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا۔ ''اے ملعون.... تیرا کیا نام ہے اور تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟''

دیو نہایت ادب سے سر جھکائے بولا..... یا نبی اللہ میرا نام..... خطاء ہے... میری جگہ ویران گھروں، سنسان جگہوں اور نہر پر ہے۔ جو شخص میری جگہ آئے تو میں غصے میں آجاتا ہوں۔ چونکہ وہ اللہ تبارک تعالیٰ کا نام نہیں لیتے اور وہ بے تعویز ہوتا ہے۔ اس لئے میں اس کو رنج پہنچاتا ہوں۔ اور مختلف قسم کی پریشانیوں آفت میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ اس کی علامت یہ ظاہری اور اندرونی ہوتی ہیں۔ دردسر، نیند میں، اس کا وجود اندر اور باہر سے بے طرح کانپے گا۔ آنکھوں میں ناسور پیدا ہو جائے گا۔ وہ کسی بھی فعل و کھیل سے خوش نہیں رہے گا۔ دردشقیقہ اس کے لئے آفت بن جائے گا۔ اور اس قسم کی کئی آفت ہیں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام اس کے خاموش ہونے پر غصے سے بولے۔ ''اے ملعون، اس کا علاج کیا ہے؟''

دیو نے ادب سے اپنی زبان کو حرکت دی۔ یا نبی اللہ... اس کا علاج ہے ایک گوسفند، یا مرغ سفید کو ذبح کرے اور اس رنگ سے ذیل کا تعویز لکھے، اور مریض کے گلے میں ڈالے بخور کی دھونی روشن رکھے..... حکم اللہ کے وہ صحت مند ہوگا۔ لیکن اس کا صدقہ بھی دینا ہوگا۔ چار من آٹا..... ایک سیر نمک..... ایک کپڑا کپاس کا اور ایک کپڑا سر سے پیر تک لے کر کسی غریب مسکین کو صدقہ دے..... اور دو جوڑے... یعنی چار چراغ کسی صاحب بزرگ کی قبر پر روشن کریں... انشاء اللہ فضل ہی فضل ہوگا۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

تعویز یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿اعوذ بکلمات اللہ التامات والشماعاداسیو

الطاعات وطالعة عن حاسد اذاحسد قل

یعبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطو

امن رحمته اللہ﴾

۱۱ ۴۱ ۷ ۹ ۹۱ ۱۱۱ق ۱۱۱ و ۴۱ ۶۱ ۵۵ ۷۷ ۹۶ ۱۱۔ ۵۵ ۱۱ ۹ ۱۱ ۵ و ۱ ۱

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

برج جوزا اور خصوصیات

یہ برج خانہ عطارد اور خواص بادی ہے۔ یہ ستارہ حضرت یحییٰ علیہ السلام نبی اللہ سے منسوب ہے، یہ اپنی چمک دمک سے زمین فارس کو روشن کرتا ہے بعض اوقات چین کی زمین پر بھی یہ چمکتا ہے۔ جو حضرات اس ستارے میں اس دار فانی میں آتے ہیں۔ اس کی ولادت ہوتی ہے۔ وہ بزرگ اور عقلمند ہوتے ہیں۔ ان میں دانش مندی کے سوا اور بہت سی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ ان کے لئے بدھ کا دن مبارک اور نیک بختی کی علامت ہے۔ رنگ میں کالا و سیاہ ان کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ لیکن کالا رنگ پہنتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ آپ کا جسم ناپاک نہ ہو۔ چونکہ یہ رنگ میرے پروردگار کو پسند ہے اور خانہ کعبہ کا غلاف بھی کالا ہے۔ قرآن کے لفظ بھی کالے ہیں۔ میرے نبی پاک کی کملی بھی کالی تھی۔ اس لئے احتیاط رکھتے ہوئے صرف قمیض یا شال استعمال کریں۔ یاد رکھیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت سے اللہ تبارک تعالیٰ کی نسبت عظیم و برتر ہے۔ اہل علم و اہل عشق کے لئے دعوتِ فکر ہے سوچئے۔ اور اللہ جل شانہٗ کی عظمت کو ایمان کی میزان میں تولئے، دعویٰ عشق اللہ عزوجل کیجئے۔

اس طالع کے افراد جھوٹ نہیں بولتے، ان کی کوشش ہوتی ہے سچ کو زندگی کا معیار بنائیں۔ اس کے سینے پر خال ہوگا۔ ویسے تو زندگی میں اس کے تمام کام اچھے ہوں گے۔ لیکن زندگی کے اپنے بھی موسم ہوتے ہیں۔ اپنی کوتاہیاں ہوتی ہیں۔ بیماریاں بھی

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

زندگی کا ایک حصہ ہیں۔اس برج کے طالع حضرات سر درد کے عارض میں مبتلا رہیں گے۔ اس کے لئے روغن بنفشہ کانوں اور سر میں استعمال کریں۔نہایت مفید وصحت مند رہے گا۔ اس کی دولت کا خانہ سرطان ہے۔اگر چہ تجارت کرے تو ترقی کے امکانات بہت زیادہ ہیں۔عمر اس کی دراز ہوگی۔اس کے برادران اور خوشیان کا خانہ اسد ہے۔ان سے اسے فائدہ حاصل رہے گا۔اس کی موت کا خانہ جدی ہے۔تیرہ مہینے اس کی زندگی کو خطرہ رہے گا۔ اگر اس سے نکل گیا تو کافی زندگی سفر کرے گا۔اس کی مال کا خانہ سنبلہ ہے تو اس سے میراث پائے گا۔اس کے فرزندوں کا خانہ میزان ہے۔فرزندوں کی جانب سے حیرانی و پشیمانی بہت دیکھے گا۔لیکن دولت میں دن بدن اضافہ پائے گا۔اگر وہ حکومت، بادشاہوں، امیروں سے دوستی رکھے گا تو بہت عزت پائے گا۔مزاج اس کا سرد.....جیسا کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں درد شقیقہ سے دکھ پائے گا۔

اس کا طالع بائیس یا پندرہ سال کی نحوست میں رہے گا.....اس خطرے سے وہ نکل جائے گا تو عمر ستر سال سے بھی تجاوز کر سکتی ہے۔اللہ ہی قوت والا، ہر چیز پر قادر ہے۔

برج جوزا اور خواتین.....جس خاندان کا تعلق اس برج اور ستارے سے ہے وہ نہایت خوبصورت دلکش اور نیک ہوگی۔اس کی کوکھ سے پیدا ہونے والے فرزند بہت فراخ اور دولت کمانے والے ہوں گے۔ممکن ہے اس کا پہلا شوہر نہ رہے۔ایسا اکثر ہوتا ہے۔وہ دوسرا نکاح کرے گی۔سینہ یا پشت پر ایک خال ہوگا۔یہ دولت وثروت کی نشانی ہے۔اس کا مزاج صفراوی ہوتا ہے۔ہر بان کو پاؤں میں باندھنے سے شفاء حاصل رہتی ہے۔اس کے خطرے کی عمر چار سے سات ہوتی ہے۔اگر یہ خطرہ سے گزر گئی تو یہ نوے سال تک زندگی سے لطف اندوز رہے گی۔اللہ تبارک تعالیٰ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

دیونامہ

آج پھر دربار رونق افروز تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اپنی مسند پر فرائض نبوت کے ساتھ احکام باری تعالیٰ حکومت دنیا بھی انجام دے رہے تھے۔ آج دیوستارہ جوڑا کو دربار میں طلب کیا گیا تھا اس کے حاضر ہونے پر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے مخاطب کیا۔ اے ملعون تیرا کیا نام ہے اور تیری جگہ و مقام کہاں ہے۔؟

دیو نے دست بستہ باادب عرض کیا..... یا نبی اللہ..... میرا نام الحنین ہے۔ میری جگہ قبرستان اور کنارہ آب رواں وزیر درختاں ہے.....

جو شخص میری جگہ سے گذرے اور اللہ تبارک تعالیٰ کا ورد، نام نہ لے۔ اور بغیر تعویز کے ہو۔ میں اس کو نقصان پہنچاتا ہوں اسے میں پریشان کرتا ہوں اور مختلف آفتوں میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ میری علامت یہ ہے کہ اس شخص کو درد چشم، درد شکم، اور ہفت اندام ہونے لگتا ہے۔ اس کے سوا نیند میں اسے خواب سے پریشان کرتا ہوں۔ کبھی کبھی وہ اس قدر کمزور اور نڈھال ہو جاتا ہے کہ اس کے منہ سے پانی بہنے لگتا ہے.....

حضرت سلیمان علیہ السلام۔ نے اک انجانی نظر اس پر ڈالی اور فرمایا..... اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

دیو نے مودب لہجے میں کہا۔ یا نبی اللہ..... بکری، بکروٹہ یا مرغ سیاہ کو ذبح کرے۔ اس کے رنگ سے یہ تعویز لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ حکم اللہ وہ ہر پریشانی و آفت سے محفوظ رہے گا۔ لیکن اس کے ساتھ صدقہ بھی دینا ہوگا۔ ایک من آٹا..... ایک من ماش اور ایک گز کپڑا اور دو سیر نمک کسی غریب یا مسکین کو دے اور دو عدد چراغ نئے اور دو علم کسی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

بزرگ کی قبر پر روشن کرے۔ اور تعویز کو گلے میں پہنے۔ انشاء اللہ تعالیٰ.... اللہ کا کرم و فضل ہو گا۔

تعویز یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. ﴿بسم اللّٰہ مجر یھا و مرسھا ان ربی لغفور رحیم. بسم اللّٰہ الکافی بسم اللّٰہ الشافی بسم اللّٰہ الذی لا یضر مع اسمہٖ شیٔ فی الارض و لا فی اسماء و ھو السمیع العلیم. ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم﴾

۱۱ ۱۱ ۹۱۶ ۱۶۱۱۱ ۷۷۱۱ ۱۱۸۶ و ۶۱۱۹ ۱۴۹ و ۲۶۱ ۱۱۲۱ ۹۹ ۱۱ ۹ ء

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

برج سرطان اور خصوصیات

یہ برج اپنی خصوصیات میں یکتا ہے اس کا قیام چاند کا خانہ ہے یہ حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ رحمت العالمین سے منسوب ہے۔ یہ خانہ قمر یمن کی زمین پر چمکتا، دمکتا ہے۔ جو شخص اس ستارے کی تاریخوں میں اس دنیا میں رونق افروز ہوا ہوگا وہ نیک خصلت اور نیک ہوگا۔ وہ فصیح زبان اور ہر غم سے بے نیاز رہے گا۔ اس کے لئے مبارک دن ہفتہ ہے۔ اسے اپنی شریک زندگی میں کچھ احتیاط ملحوظ رکھنی چاہئے تا کہ اس کی بیوی نیک رو نیک خو ہو۔ اس کے لئے موافق عقرب یا سرطان کے برج سے تعلق رکھنے والی خاتون بہت بہتر ہو گی اگر یہ میسر آجائے تو زندگی راحت و سکون سے اپنے سفر پر گامزن رہے گی۔ بیماریوں میں درد شکم، درد سینہ یا پشت کی تکلیف پریشانی و اذیت کا باعث رہے گی۔ احتیاط رکھے تو ان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس کے سوا کبھی کبھار پنڈلی میں درد، آنکھ کا زخم وغیرہ وغیرہ۔ اسے جلد غصہ آئے گا۔ لیکن جلدی ہی رفع بھی ہو جائے گا۔ چونکہ وہ خود اپنی غلطی پر جلد پشیماں ہوگا۔ خرید و فروخت سے نقصان پہنچے گا۔ اس کے والدین کا خانہ میزان ہے اسے والدین کی جانب سے ورثہ ملے گا۔ اس کے بھائی اور بہنوں کا خانہ سنبلہ ہے۔ اس لحاظ سے وہ نہایت خوش نصیب ہوگا۔ اس کے فرزندوں کا خانہ عقرب ہے۔ ان سے اسے خوشی ملے گی۔ ان کے تواسط سے وہ بہت سی خوشیاں دیکھے گا۔ اس کی موت کا ستارہ دلو ہے اس کی موت حادثہ صفراوی سے ہو گی۔ اس کے کام کا خانہ حمل ہے بادشاہوں سے نفع پہنچے گا۔ امید و آرزو کا خانہ ثور ہے۔ اسے دوستوں سے خوب نفع پہنچے گا۔ اس کے دشمن کا خانہ جوزا ہے۔ اس کے دشمن بہت ہوں گے۔ اسے اپنے اطراف سے ہوشیار رہنا ہوگا۔ اسے دشمنوں کی سازشوں کے سوا کوئی

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
AHANZAIB

Scanned with CamScanner

نقصان نہیں پہنچے گا۔ دیو، پری، سے اس کو خطرہ رہے گا۔ اس لئے اسے چاہے تعویز ہر وقت اپنے پاس رکھے۔ اس طالع کو خطرہ بیس سال تک ہے۔ وہ اس راہ سے گذر گیا تو نوے سال کی عمر تک زندگی کی رنگینوں سے سیر ہو سکے گا۔ اللہ ہی قوت والا، ہر چیز پر قادر ہے۔

برج سرطان اور خواتین..... سرطان کے طالع میں پیدا ہونے والی خاتون نیک طبیعت اور نیک خصلت ہوگی۔ خوبصورت، سیاہ چشم اور بھرا بھرا فراخ سینہ جاذبیت کا باعث ہوگا۔ یہ اپنے فرزندوں سے بہت فائدہ حاصل کرے گی۔ زندگی اچھی گزرے گی۔ اگر اس نے اپنے طالع کے حساب سے اس شخص سے شادی کی جو اس کے موافق ہو.... بیماریوں میں قولنج کا درد اور درد شکم باعث پریشانی رہے گا۔ اس کے لئے مبارک دن ہفتہ ہے وہ اپنے مبارک دن میں جو بھی کام کرے گی وہ بہتر و خوب ہوگا۔ مزاج اس کا آتشی رہے گا۔ اسے اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ یہی اس کی زندگی کے لئے بہتر ضمانت فراہم کرے گا۔ درد شقیقہ اس کو اکثر اذیت میں مبتلا رکھے گا، اس کے لئے روغن بنفشہ ناک میں ٹپکائے۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ مخفی مخلوق یعنی جن، دیو اور پری سے اسے خطرہ رہے گا۔ اس خطرے سے نکل جانے کے بعد وہ طویل عمر پائے گی اور بہتر زندگی گذارے گی.... اللہ ہی قوت والا، ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام وہی شان وہی کروفر سے اپنے تخت پر رونق افروز تھے۔ جو پروردگار عالم رب العالمین نے انہیں بخشا تھا۔ آج سرطان کا دیو دربار میں حاضر خدمت تھا۔ آپ نے اس سے بھی اپنا وہی سوال دہرایا جو اس سے قبل آپ دیگر دیو سے کر چکے تھے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

''اے ملعون تیرا نام کیا ہے، تیری جگہ اور تیرا مقام کہاں ہے؟''

دیو نے جواب طلبی پر مودب کہا۔ یا نبی اللہ میرا نام خفطہ ہے اور مقام کھیت کھلیان اور جگہ ویران گھر اور درخت کے نیچے، اور حمام میں ہے۔ جو کوئی شخص مرد و زن میری جگہ سے بغیر اللہ تبارک تعالیٰ کے نام لئے بغیر تعویز کے گذرتا ہے۔ میں اسے پریشان کرتا ہوں اور پریشانی و آفت میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ اس کی علامت یہ ہوتی ہیں۔ ہڈیوں میں درد، سر اور کان میں درد اذیت دیتا رہے گا۔ اور دل میں یوں محسوس ہوگا جیسے آگ لگی ہو وہ جل رہا ہو۔

اس کے خاموش ہونے پر حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

یا نبی اللہ ... اس کا علاج نہایت آسان ہے۔ ایک گوسفند سفید یا مرغ سیاہ کو ذبح کرے اور اس کے رنگ سے یہ تعویز لکھے، دوران تعویز لکھنے کے خوشبو سے فضا معطر رکھے یعنی خوشبو دار بخور جلائے۔ اور اس کے ساتھ صدقہ کرے۔ چار من آٹا اور ایک سیر نمک، ایک کپڑا جو کہ اس کے جسم کا ہو کسی غریب و مسکین کو دے اور ایک چراغ اور ایک علم کسی صاحب بزرگ کے مزار پر رکھے۔ اور تعویز گلے میں پہنے موم جامہ کر کے.... انشاء اللہ تعالیٰ، باحکم معبود کے وہ ہر قسم کی پریشانیوں اور آفت سے نجات پائے گا۔

تعویز یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. ﴿بسم اللّٰہ

الکافی بسم اللّٰہ الشافی بسم اللّٰہ الذی

www.freeamliyaatbookspdf.com
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

لایضر مع اسمہٖ شئ فی الارض و لا فی
السمآء وھو السمیع العلیم اعیان صاحب
التعویذ احیاءً سراحیاً اصطفیٰ
فسیکفیکھم اللّٰہ وھو السمیع العلیم

۸ ۱۱۹ ۱۵ ۱۴ + ۲۴۱ ۲۳ ۱۱۱ ۹۶ ۱۶۱۱۴۱ و ۱۱ ۱۷ ۱۱۷ ہ ھ وو ۹

برج اسد اور خصوصیات

یہ برج آتشی خانہ شمس کا ہے۔ یہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منسوب ہے۔ ستارہ ذوالقرنین برج بادشاہوں کا ہے۔ یہ نیشاپور، دمشق اور سمرقند کی سرزمین پر اپنی آب وتاب بکھیرتا ہے۔ جو شخص اس ستارے کی تاریخوں میں اس دار فانی میں تولد ہوا ہو۔ وہ نیک رو نیک خو ہوگا۔ وہ شخص میانہ قد اور شہ زور ہوگا۔ اگر حاکم وقت یا بادشاہ کے پاس جائے تو دائیں جانب کھڑا ہو۔ اسے بے انتہا فائدہ حاصل ہوگا۔ یہ چاہنے والا نیک ہوگا۔ اس کے سینہ، ناک یا ناف پر ایک خال ہوگا۔ یہ علامت اس کی نیک بختی کی ہے۔ یہ شخص تیز چشم ہوگا۔ لیکن ایک خطرہ اسے لاحق رہے گا وہ سایہ پری کا۔ اسے احتیاط کرنی ہوگی۔ اور برا کام جو لالچ میں مبتلا کرنے والا ہوگا۔ اس کا دشمن ہوگا۔

اس کی روزی کا خانہ سنبلہ ہے جو کہ دولت مند ہونے کی علامت ونشانی ہے۔ اس کے بھائی بہنوں اور خوشیوں کا خانہ قرآن ہے۔ ان سے اسے فائدہ حاصل رہے گا۔ اس کے والدین کا خانہ عقرب ہے۔ ابتدا [illegible] سے اسے بہت کم فائدہ حاصل ہوگا۔ اس کے

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

فرزندوں کا خانہ قوس ہے۔ جو نیک بختی کی علامت ہے۔ اس کے فرزند نیک اور خوش نصیب ہوں گے۔ خطرے والا خانہ خاموش ہے۔ اس کی یہ علامت ہے کہ اس کی موت پانی میں ڈوبنے، غرق ہونے سے ہوگی۔ اس کے سفر کا خانہ حمل ہے۔ اس لئے سفر اس کے لئے بہت فائدہ مند ہوگا۔ اسے حکمرانوں سے فائدہ حاصل رہے گا۔ اہل علم، اہل قلم سے اس کی خوش قسمتی کے دروازے کھلیں گے، لیکن بہت زیادہ بلند و بالا مرتبہ اس کے لئے خطرناک ہوسکتا ہے۔ اس لئے اس سے خوف زدہ رہے اور احتیاط اختیار کرے کیونکہ یہی چیز اس کی سب سے بڑی دشمن ہوگی۔ اس طالع کے تحت دو سال سے چھ سال اور یہ بارہ سال بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر وہ اس خطرے سے گزر گیا تو زندگی کی تقریباً اسی نوے بہاریں دیکھے گا۔ اللہ ہی قوت والا، ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

برج اسد اور خواتین

جس خاتون کا طالع برج اسد ہوگا۔ وہ تین درجہ کی ہوگی۔ یعنی سرخ، سیاہ مائل یا گندمی نیک خصلت اور نیک رو، آنکھیں سیاہ طلسمی اور موٹے ابرو یہ نہایت عقل مند اور باہمت ہوگی۔ خاوند اس کا مظلوم رہے گا کیونکہ یہ خاوند پر ظلم کرنے والی ہوگی۔ لیکن یہ حرام نہیں کرے گی۔ اتوار اور پیر کا دن اس کے لئے مبارک ہے۔ جو بھی کام ان دنوں وہ کرے گی، جو بھی خواہش کرے گی ضرور پوری ہوگی۔ مزاج اس کا آتشی ہوگا۔ بیماریاں، درد شقیقہ، کبھی کبھی قولنج کا درد اور شکم بھی رہے گا۔ اسے چاہے بیماریوں کے دوران احتیاط رکھے اور روغن بنفشہ ناک میں ٹپکائے۔ انشاء اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔ دیوپری سے خطرہ رہے گا، اس خطرے سے نکل گئی تو طویل عمر زندگی کی رونقوں میں رہے گی کم و بیش پچاسی سال تک عمر ہو

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

سکتی ہے۔ اللہ ہی قوت والا، ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کے حکم پر کسی کی جرأت تھی کہ زبان پر کسی کے ماتھے پر نافرمانی کی شکن لاتا۔ آج پھر دربار زندگی کی تمام بہاروں کے ساتھ لگا ہوا تھا اور آج برج اسد کے دیو کو دربار میں طلب کیا گیا تھا۔ اور اس وقت وہ عمائدین سلطنت کی نگاہوں کا وہ مرکز تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے بھی سابقہ سوالات دہرائے۔ ”اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟

دیو نے نہایت ادب سے کہا۔ یا نبی اللہ..... میرا نام مفعان ہے اور میری جگہ اور مقام درختوں کے نیچے اور پرانے حمام میں جہاں پانی نہ چلتا ہو.....“

جو شخص میری جگہ آئے اور اللہ کا نام نہ لے، اور اس کے پاس تعویز بھی نہ ہو تو میں اسے پریشان کرتا ہوں۔ اسے اذیت پہنچاتا ہوں اور بیماری میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ جس کی علامت یہ ہیں۔ اس کی پشت و ران میں درد رہے گا۔ اندام میں لرزہ.... اور کبھی کبھی بہت زیادہ کمزوری، ضعف ہوگا، کھانا پینا نہایت کم کر دے گا....“

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔۔۔۔ اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

دیو نے مودبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔ یا نبی اللہ..... گوسفند سفید یا ایک رنگ کے مرغ کو ذبح کرے اور اس کے رنگ سے یہ تعویز لکھے لیکن تعویز لکھتے وقت خوشبودار بخور روشن رکھے۔ یہ اس وقت کرے جب صدقہ دیدے۔ صدقہ ایک من چاول اور تین سیر نمک، چھ گز کپڑا کسی غریب مسکین کو دے۔ اور دو عدد چراغ، دو علم کسی صاحب بزرگ کی قبر پر رکھے۔ چراغوں میں تیل ڈال کر اسے روشن کرے۔ انشا اللہ تعالیٰ اللہ تبارک

Scanned with CamScanner

تعالیٰ کا کرم وفضل ہوگا۔ اور وہ تمام بلاؤں، آفتوں سے نجات پائے گا۔

تعویز یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ﴿ وننزل من القراٰن ماھو شفآء ورحمۃ للمئومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا اشفنی ویشفا نید ورو لتعبی بد والک وحاجتی من کل بلائک بحق توراۃ انجیل والزبور وفرقان العظیم ﴾

۱۱۶ ۱۹۹۴ ط۱۴ ۱۱۶۲

ط ۳۲۴ ۱۱ ۱۱ ۱۱۷ ل ۹ ھ ھ ۱۱۶۱ھ ۱۱۱ھ ع ۱۱۷۱ھ ۱۱۱۷ ع ء

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

برج سنبلہ اور خصوصیات

یہ برج خاکی ہے اور خانہ عطارد میں قیام رکھتا ہے حضرت یونس علیہ السلام سے یہ منسوب ہے اور ان کی سرزمین پر روشنی دیتا ہے۔ البتہ کسی وقت خراسان کی زمین پر بھی چمکتا ہے جو شخص اس ستارے کی ساعت میں اس دار فانی میں تولد ہوا ہو۔ وہ نیک طبیعت نیک مزاج ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی خوش طبیعت شریں بیاں بھی ہوگا۔ لیکن اس کا مزاج خشک ہوگا وہ ہمیشہ مخالف جنسی، ضعف نازک کی جانب سے پریشان و علیل ہی رہے گا۔ خواب پریشان ہمیشہ طبیعت پر گراں رہیں گے۔ اس کا مبارک دن بدھ ہے۔ اگر وہ شریک حیات کے انتخاب میں احتیاط برتے تو زندگی کا سفر بہتر ہوسکتا ہے۔ یہ حیرت کا مظاہرہ ہرگز نہ کرے۔ جس عورت کا ستارہ جدی یا سنبلہ ہو اسے اپنی شریک زندگی، شریک الفت، شریک محبت بنائے۔ یہ نہایت وفادار رہے گی۔ دوستوں سے فائدہ حاصل رہے گا، حکمرانوں سے روزی کا سلسلہ ترقی کرے گا۔ جو بھی کام کرے اللہ تبارک تعالیٰ سے عاجزی کر کے شروع کرے اور روزے نماز کی پابندی کرے اور کوشش کرے کہ اس کی قوت سے مخلوق اللہ کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔ انشاء اللہ وہ زندگی کو اس دنیا کے چمن میں خوشبو کی طرح گزار دے گا۔ جیسا کہ اس

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

طالع کے بارے میں پہلے عرض کر چکے ہیں۔عورت کے سلسلے میں پریشان رہے گا۔کم از کم چار نکاح کی علامت پائے جاتی ہے۔اس کے سینے پر ایک خال ہوگا جو اس کی بات کی نشان دہی کرتا ہے۔تیرہ چودہ سال اگر وہ کام کرے گا تو بہت اچھا اور بلند پایہ ہوگا۔لیکن اس کے ساتھ کچھ پریشانیاں بھی ہوں گی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ جس کے ساتھ نیکی کرے گا۔اس کا جواب اسے برائی میں ملے گا۔اس لئے اسے چاہئے کہ نہایت عقل مندی کے ساتھ، احتیاط رکھتے ہوئے زندگی کو گزارے۔اپنا حلقہ احباب زیادہ پھیلانے کی کوشش نہ کرے۔اور نہ ہی بہت زیادہ کسی پر بھروسہ کرے۔اس کے بھائیوں کا خانہ طالع عقرب ہے۔جن سے قطعئی اسے نفع نہ ہوگا۔البتہ والدین مہربان رہیں گے چونکہ ان کا طالع قوس ہے۔چھوٹی موٹی عام سی بیماریوں کے سوا اسے جادو ٹونہ سے بہت خطرہ ہے اور یہی اس کی سب سے بڑی بیماری کی علامت ہے۔جس کے سبب جسم میں کبھی ہلکا پن اور کبھی بھاری پن رہے گا۔اسے چاہئے کہ پانی اس قدر ہی استعمال کرے جس قدر جسم کی ضرورت ہے۔زیادہ پانی ہرگز استعمال نہ کرے۔اور نہ ہی پیئے.....

چونکہ یہ خانہ جدی کا ہے اور سیاہ مہینہ کا ہے جو دشمنوں پر بھرپور گہرا اثر دیتا ہے۔ احتیاط کی ضرورت اس لئے بہت زیادہ ہے چونکہ اس کے بعد کا خانہ اسد ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ بد دشمنوں پر کسی طور فتح نہیں پا سکتا۔اس طالع کی نحوست دو یا چار سال ہے۔ جب وہ اس خطرہ سے نکل گیا تو طویل عمر پائے گا۔زندگی بہتر گزرے گی۔اللہ ہی قوت والا، ہر چیز پر قادر ہے۔

برج سنبلہ اور خواتین.....جس عورت کی پیدائش اس برج کی ساعت میں ہوگی وہ نیک رو نیک خو ہوگی، اسے اپنے دوستوں سے فائدہ حاصل رہے گا۔شکل صورت میں یہ خوبصورت اور سیڈول اعضاء کی مالک ہوگی یعنی اس میں مخالف جنس کے لئے کشش ہوگی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
AHANZAIB
Scanned with CamScanner

اگر اس کا بیمار شوہر مر جائے گا تو یہ دوسری شادی کرے گی۔لوگ اس پر جادوٹونہ بہت کریں گے اسے احتیاط رکھنی ہوگی۔وہ ہمیشہ خوف زدہ رہے گی۔اس کی وجہ اس کا ستارہ ضعیف ہے اور اس پر وہ عورت ہے۔اسے چاہیے ہمیشہ اللہ تبارک تعالیٰ کا اسم پاک آیت الکرسی اپنے پاس رکھے اور صبح وشام اس کی تلاوت کرے۔اور اللہ تبارک تعالیٰ سے عاجزی سے اپنے حق میں دعا مانگا کرے۔اس کا مبارک دن جمعرات ہے۔اس دن وہ جو بھی کام کرے گی اور جو بھی خواہش کرے گی۔اللہ تبارک تعالیٰ کے فضل وکرم سے پوری ہوگی۔مزاج اس کا گرم خشک ہوگا۔بیماریوں میں دردشکم، دردپہلو، دیوپری سے تکلیف ہوگی۔نظر کا خطرہ بہت زیادہ ہے۔اسے چاہیے کشنیز استعمال کرے، اس کے لئے مفید ہے اس کے برے اثرات کے طالع کی مدت ایک سے پانچ سال۔یہ مدت بڑھ بھی سکتی ہے۔نو سے بیس تک بھی ہو سکتی ہے اگر اس خطرے سے وہ گزر گئی تو وہ طویل عمر پائے گی یعنی ستر سال.....اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام اللہ رب العزت جل شانہٗ کی عطا کردہ حکومت میں اپنی پوری شان وشوکت کے ساتھ دربار میں رونق افروز تھے۔عمائدین سلطنت اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھے دیوسنبلہ سے اس برج پر اس کی موجودگی کے بارے میں اور اثرات کے بارے میں سننے کے لئے بے قرار تھے۔دربار میں چند لمحے بعد باشاہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے حکم سے اسے حاضر کیا گیا۔آپ نے اس کی طرف ایک طائرانہ نظر ڈالی اور فرمایا۔

"اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟"

دیو نے سوال سنا اور نہایت ادب سے بولا۔یا نبی اللہ....میری جگہ اور مقام میرا چوراستہ اور پرانی دیواریں ہیں۔سیاہ گھنا کا طویلہ اور درختوں کے سائے۔"

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAVED NAZAIB

Scanned with CamScanner

جو شخص ان دیواروں کے سائے میں آئے اللہ تبارک تعالیٰ کا نام نہ لے اور اس کے پاس تعویز بھی نہ ہو تو میں اسے پریشانی میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ اسے ضرر پہنچاتا ہوں۔ اس کی علامت یہ ہے۔ خواب میں پریشان رہتا ہے۔ وجود بے طرح کانپتا ہے اور وہ بھیانک سائے خواب میں دیکھے گا۔ سر درد، سینہ، پشت میں درد سے اذیت میں مبتلا رہے گا.....

اس کے خاموش ہوتے ہی حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا۔ اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

دیو نے جواب دینے میں قطعئی دیر نہ کی۔ یا نبی اللہ..... اس کا علاج آسان ہے ایک گوسفند سرخ یا مرغ سرخ لے اسے ذبح کرے اور اس کے رانگ سے تعویز لکھے۔ تعویز لکھتے وقت سیندور یا عود کی دھونی دے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی صدقہ بھی دے۔ ایک من نان، ایک سیر نمک کسی غریب مسکین کو دے اور پانچ عدد چراغ اور دو علم کسی بھی بزرگ کی قبر پر رکھے۔ اگر صدقہ میں عنبر، مشک اور صندل، چھ گز کپڑے کا اضافہ کر لے تو بہت ہی زیادہ اچھا ہے۔ اور تعویز کو گلے میں پہنے موم جامہ کرے۔ انشاء اللہ حکم اللہ وہ تمام پرشانیوں، آفتوں سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات پائے گا۔

تعویز یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذھدیتنا وھب لنامن

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

لدنک رحمة انک انت الوهاب وان

یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارهم

لما سمعوا الذکر و یقولون انهٗ لمجنون ٥

وماهو الا ذکر للعالمین ٥ وبحق اهیا اشراهیا

ساقیا وهوارحم الراحمین یا کریم

۱۷ ۹۹ ۲۱۶ لھ ۱۱ ھ ھ ۹۹ ر ۱۱ ۹۹۵۱۵ عروالم ط ۱۱ ۱۱۴۱ و ۱۱ ۹۹ ۱۱۱ ۱۱۵ ۱۱۱ وا

برج میزان اور اس کی خصوصیات

یہ ستارہ بادی ہے خانہ اس کا زہرہ ہے اور یہ ستارہ حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ رحمت العالمین صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب ہے یہ کہ عرب کی سرزمین پر اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ چمکتا ہے اور بعض اوقات کرمان کی زمین پر بھی دمکتا ہے جو شخص اس ستارے کی ساعت میں اس دار فانی میں آیا ہو۔ وہ نیک رو نیک خو ہوگا۔ مزاج اس کا آتشی ہوگا۔ یہ حرام فعل حرام چیز سے پرہیز کرے گا۔ لقمہ حلال کی کوشش کرے گا اور لقمے حلال ہی کھائے گا، عبادت گذار ہوگا۔ نماز کی پابندی کرے گا۔ نہایت بہادر اور فراخ روزی ہوگا۔ اس کی توجہ ہمیشہ نیک کام کی طرف رہے گی اس کا مبارک دن جمعرات و جمعہ ہے۔ شادی میں ذرا احتیاط رکھے، جب بھی شریک حیات کا انتخاب مقصد ہو قرآن کے طالع والی سے کرے۔ وہ بہترین شریک زندگی ثابت ہوگی اور اس کے موافق ہوگی۔ اس کے سینے پر ایک خال ہوگا جو نیک بختی کی علامت ہوگا تقریباً یہ چار شادیاں کرے گا صاحب فرزند ہوگا۔ اپنے پہلے

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

۔بیٹے کا نام حسین رکھے گئی بیٹے ہوں گے ان کا برج عقرب ہوگا۔ان کے تواسط سے خوشیاں دیکھے گا۔اس کے باپ کا ستارہ جدی ہے۔ان سے اسے ورثہ ملے گا۔اس کے ہاتھ میں اللہ تبارک تعالیٰ نے برکت دی ہے۔فرزندوں کا خانہ دلو ہے اکثر فرزند تنگ و تنگ ظاہر ہوں گے۔ان کو دولت تو ملے گی،اس کی آرزو امید کا خانہ اسد ہے جو اس بات کی نشان دہی کرتا ہے۔جو امید رکھتا ہے جلد پوری ہوگی۔اس کے دشمنوں کا خانہ سنبلہ ہے۔اس لئے اس کے دشمن بہت ہوں گے۔وہ احتیاط رکھے۔گھبرانے کی قطعی ضرورت نہیں۔وہ سب پر فتح پائے گا۔چھوٹے قد والے سے دوستی ہرگز نہ کرے۔اس سے خوف رکھے۔بیماریاں،بلغم اور صفرا کی شکایت اسے زیادہ رہے گی،بیماری طویل اور سخت ہوگی۔بزرگوں کی صحبت سے وہ فیض پا سکتا ہے۔وہ بزرگ جو اللہ کو اپنے قلب نور کی طرح رکھتے ہیں۔لیکن یہ بات بھی یاد رکھے کہ اسے اپنے بزرگوں سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔موت اس کی دوران سفر میں ہوگی اس کی نحوست کے طالع کی مدت پانچ سے سات سال تک ہے۔اس کے بعد بھی تیس سال تک وہ خطرے میں رہے گا یہ عرصہ بیت گیا تو سو سے زائد عمر پائے گا۔اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

برج میزان اور خواتین..... جو صنف نازک اس طالع اس ساعت میں پیدا ہوئی ہوگی طبیعت کی نیک اور نیک عمل ہوگی۔مناسب نقوش لیکن جسمانی عضو دلکشی لئے ہوں گے۔اس کے سینے یا ناف یا ہاتھ پر خال ہوگی،جو اس کے فرزند پیدا ہونے کی نشانی ہے۔

دل کی بہت اچھی اور رحم دل ہوگی۔آنکھ پر کسی قسم کا نشان یا داغ ہوگا۔کوئی چیز اس کے ہاتھ سے گر جائے یا نقصان ہو جائے تو اسے بہت رنج پہنچے گا۔دشمن اس کے بہت ہوں گے اس کے قریب رشتے میں یا باہر کوئی بھی چھوٹے قد کا شخص ہو۔اس سے دور رہے یہ اس کا دشمن ہے،ممکن ہے اس کی عادت اور زبان کی مٹھاس تمہیں فریب دے۔لیکن یہی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

سب سے بڑا دشمن ہوگا۔اس کا مبارک دن جمعرات و جمعہ ہے اس روز جو بھی کام اللہ تبارک تعالیٰ پر بھروسہ کر کے کرے گی اس میں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔اولاد کے معاملے میں نہایت خوش نصیب ہوگی کئی فرزند کی ماں ہوگی۔وہ بہت خوشی دیکھے گی۔لیکن ایک خامی البتہ اس میں رہے گی کہ وہ یادداشت کی کمزور ہوگی، بھول جانے والی.....اس کے سوا وہ کامیاب زندگی گزارے گی۔

بیماریوں میں ہڈیوں میں درد ہمیشہ اذیت کا باعث رہے گا۔چھوٹی موٹی عام بیماریوں سے زیادہ پریشانی نہیں ہوگی۔مگر اسے نظر لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہے۔اسے چاہئے بغیر تعویز کے ہرگز نہ رہے۔اس کی طالع کی نحوست دو سال سے تقریباً چالیس سال تک ہے۔لیکن ضروری نہیں۔صدقہ خیرات اور عبادت الٰہی سے نحوست کا وقت کم ہوسکتا ہے۔اس کے بعد وہ اسی سال تک زندگی سے لطف اندوز رہے گی۔اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کا دربار لگا تھا۔اور عمائدین سلطنت اس دیو کی جانب متوجہ تھے جسے ابھی چند لمحے پہلے دربار میں حاضر کیا گیا تھا۔سب کی ہی نظریں اسے گھور رہی تھیں۔جب کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے صرف اک نظر دیکھا اور فرمایا۔"اے ملعون تیرا نام کیا ہے تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟"

دیو نے نہایت ادب سے حضرت سلیمان علیہ السلام کو جواب دیتے ہوئے کہا۔یا نبی اللہ....میرا نام برجان ہے اور میری جگہ و مقام رواں پانی پر اور تاریک جگہوں پر ہے...جو شخص میری جگہ سے اللہ تبارک تعالیٰ کا نام لئے بغیر یا تعویز کے بغیر گزرتا ہے۔میں اسے اذیت دے کے پریشانی میں مبتلا کر دیتا ہوں۔اس کی علامت یہ ہوتی ہے۔سر درد۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

سے اذیت، قولنج اور درد شکم، درد ہفت اندام، منہ کا بھاری ہونا.....اور خوف سے جسم میں لرزہ طاری رہنا.....اتوار و بدھ کو بیماری کا حملہ شدید رہے گا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی بات سنی اور فرمایا۔ اس کا علاج کیا ہے۔ لعون وہ بتا۔؟ دیو نے فوراً اپنی زبان کو حرکت دی، اس کے گلے سے آواز خارج ہوئی۔ یا نبی اللہ اس کا علاج یہ ہے۔ گوسفند سفید پیشانی والا یا مرغ مکمل سفید کو ذبح کرے اور اس کے رنگ سے یہ تعویز لکھے اور خوشبودار بخور روشن رکھے۔ لیکن اس کے ساتھ صدقہ بھی دے۔ یہ صدقہ کسی غریب اور مسکین کو دے۔ دو من آٹا چھ گز کپڑا.....اور ایک چراغ کسی بزرگ کی قبر پر روشن کرے اور دو علم وہاں رکھے۔ اس کے بعد تعویز کو موم جامہ کر کے گلے میں پہنے۔ انشاء اللہ حکم اللہ اس کی ساری مصیبتیں اور پریشانیاں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں گی۔ اللہ کا فضل و کرم ہوگا اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔ تعویز یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿اھیا شراھیا ساقیا لآ الٰہ الا انت سبحانک

انی کنت من الظلمین فاستجبنا لہٗ و نجینا ہ

من الغم و کذالک نجزی المحسنین﴾

۹۱۱ط ۱۱۱۱ء ۱۱۴۹ ۱۱۱ ۱۹۶۷ ۱۲۱۱ط ۱۱ ۱۱۶۷ ، ۹۱۵ ۴۵۱ھ ۱۱۵ ۱۱ ۵۵ھ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

برج عقرب اور خصوصیات

اس برج کی ساعت میں تولد ہونے والے افراد اثرات آبی رکھتے ہیں جب کہ اس کا خانہ مریخ ہے۔ اسے حضرت ہود علیہ السلام سے نسبت دی جاتی ہے۔ یہ ترکستان کی سرزمین پر اپنی روشن کرنیں بکھرتا ہے۔ اس برج میں پیدا ہونے والے شخص طبیعت نیک، نیک عادت کا مالک ہوگا۔ خندہ پیشانی، خوش اخلاق اور صاحب اولاد ہوگا۔ اس کے بھائی بہت زیادہ خوش نصیب ہوں گے لیکن یہ بیگانہ کے ساتھ، دھوکہ فریب کرے گا۔ اگر وہ چاہتا ہے کہ زندگی خوش وخرم گزرے تو اسے چاہئے عقرب یا سرطان سے تعلق رکھنے والی خاتون کو شریک حیات بنائے۔ اس کی پہلی بیوی مرجائے تو دوسری کے ساتھ نکاح کرے گا۔ مبارک دنوں میں اس کے لئے چہار شنبہ کا دن ہے اس طالع سے تعلق رکھنے والا شخص دولت مند ہوگا چالاک ہونے کے ساتھ اسے جادو سے ہمیشہ خطرہ رہے گا۔ اس کے سینے پر ایک خال ہوگا جو اس بات کی نشانی ہے کہ وہ حج کا مبارک فریضہ بھی ادا کرے گا۔ لیکن اس کے ساتھ ایک پریشانی ہمیشہ رہے گی وہ جس کے ساتھ نیکی کرے گا وہی اسے برائی سے دیکھے گا۔ اس لئے احتیاط رکھے۔

www.freeamliyatbookspdf.com
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

اس کے سال کا خانہ قوس ہے اگر یہ تجارت، کا پیشہ اختیار کرے گا تو کافی نفع پائے گا۔اس کی بیماری کا خانہ حمل ہے بیماریاں اسے جو پریشان کریں گی ان میں درد گردن، پاؤں اور درد شکم ہوگا۔مزاج اس کا سرد ہوگا۔اس کی امید و آرزو کا خانہ برج سنبلہ ہے اس کی تمام آرزوئیں، امیدیں پوری ہوگی۔اس کے دشمن کا خانہ میزان ہے۔اس کے دشمن تو بہت ہوں گے لیکن کوئی اس پر فتح نہ پا سکے گا۔اس کے طالع کی نحوست کی مدت چار سال سے ۲۵ سال تک ہو سکتی ہے۔لیکن ضروری نہیں ممکن ہے چند سال ہی میں اللہ تبارک تعالیٰ کا فضل و کرم ہو جائے۔اگر وہ اس خطرے سے گزر گیا تو اس کی عمر اسی سال تک ہو سکتی ہے۔اس کی شریک زندگی کا ستارہ ثور ہے۔یہ عورت بہت بہتر اور اچھی رہے گی۔امیروں میں بہت عزت ہوگی۔اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

برج عقرب اور خواتین.....جو صنف نازک اس برج کی ساعت میں پیدا ہوئی ہوگی وہ نیک رو نیک خو اور حاضر جواب ہوگی۔شکل صورت میں موزوں نقوش اور جسمانی طور پر سیڈول ہوگی۔پیشانی یا ناف، پہلو پر کوئی خال ہوگا یہ دولت مندی کی علامت ہے۔اسے دوستوں سے بہت کم فائدہ ہوگا۔یہ صاحب اولاد فرزند کی ماں ہونے کا شرف پائے گی۔لیکن اس میں جو سب سے گھناؤنی برائی ہوگی وہ یہ کہ جھوٹ بولنا عادت ہوگی اس کے ساتھ غیبت بھی اس کی فطرت ہوگی۔اس لئے دوسرے لوگ اس سے احتیاط رکھیں۔وہ خود بھی اس برائی سے بچنے کی کوشش کرے۔مزاج اس کا سرد ہوگا۔بیماریوں میں درد دل، پہلو اذیت و پریشانی کا باعث ہوگا۔جادو ٹونہ سے بیماری میں مبتلا ہو سکتی ہے۔اس لئے احتیاط کرے۔اسے چاہیے ہمیشہ لونگ کسیر کا کھانا کھائے۔اگر دار چینی کھائے تو صحت اچھی رہے گی۔تعویز کے بغیر نہ رہے دیو نامہ کو ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔اس کے طالع کی نحوست کی مدت چار سے پانچ سال تک ہے۔اگر وہ اس خطرے سے گزر گئی تو اس کی عمر طویل تقریباً

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

اسی نوے سال تک ہوگی۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار کی آرائش دیکھ کے لوگوں کی نظریں محوحیرت رہ جاتی تھیں۔ اس دربار میں انسانوں کے سوا ایسی بہت سے مخلوق اللہ بھی ہوتی تھی جو دیگر مخلوق اللہ اور بادشاہوں کے لئے باعث خوف و دہشت تھی۔ اور ایسی مخلوق بھی تھی۔ جن کا حسن دیکھ کے آنکھیں خیرہ ہوئی جاتی تھیں۔

آج عقرب کے دیو کی حاضری کا حکم تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا حکم ہو اور کسی میں یہ مجال کہاں کہ نافرمانی کر سکے۔ دیو دربار میں حاضر تھا۔ مودب آنکھیں جھکائے حضرت سلیمان علیہ السلام کے لبوں کی جنبش کا منتظر تھا۔ اسے زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟

دیو نے نہایت ادب سے حکم کی فرمانروائی کرتے ہوئے کہا۔ یا نبی اللہ میرا نام وہام ہے اور میری جگہ و مقام رہنے کی جگہ رواں نہر ہے اور دیواروں، درختوں کے نیچے ہے۔ جو شخص میری جگہ سے اللہ تبارک تعالیٰ کا نام لئے بغیر و تعویز کے بغیر گزرتا ہے۔ میں اسے پریشان کرتا ہوں اور اذیت دیتا ہوں۔ میرے ضرر پہنچانے کی علامت یہ ہیں۔ اس کے جسم کی ہڈیاں درد سے اذیت میں رہیں گی۔ ہاتھ تو ہوں گے لیکن درد کی لہریں سکون سے عاری ہوں گی۔ جمعہ یا منگل کے دن وہ بیمار رہا کرے گا۔ یہ تمام اذیت و آفت میری وجہ سے ہوگی....

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کے خاموش ہوتے ہی فوراً فرمایا۔ اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

دیو نے اسی عاجزی وادب سے کہا جو کہ اس سے قبل اس کے لب ولہجہ میں تھا۔ یا نبی اللہ یہ تعویز ایک رنگ کی بکری یا ایک رنگ کے مرغ کو ذبح کرے اور اس کے رنگ سے لکھے۔ دوران تعویز لکھنے کے خوشبودار بخور روشن رکھے۔ لیکن اس کے ساتھ صدقہ بھی دے چھ گز کپڑا اور چار من غلہ کسی غریب و مسکین کو دے۔ اور صاحب بزرگ کی قبر پر ایک چراغ روشن کرے اور دو علم رکھے۔ اللہ تبارک کے فضل سے پریشانیوں، آفت سے نجات پائے۔ تعویز مریض اپنی گردن میں پہنے موم جامہ کرکے۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

تعویز یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ۞ وجعلنا من بین ایدیھم سدا و من خلفھم سدا فاغشینھم فھم لایبصرون ۵ و ننزل من القراٰن ماھو شفآء ورحمۃ للمومنین ۞.

ا و الم ۱۱۱ ھ ھ ۱۱ ودھ، ۹۱ھ ۱۱ھ ھ ۱۱۱ ۱۱۱ ۱۱۱۴ ۹ لا ۴۱ ۱۱ ۱۶ ۱۱۷

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

برج قوس اور اس کی خصوصیات

یہ برج آتشی اور اس کا خانہ مشتری ہے۔ یہ ستارہ حضرت یعقوب علیہ السلام سے منسوب ہے۔ یہ بغداد کی سرزمین پر اپنی آب و تاب بکھیرتا ہے۔ جس شخص کی ولادت اس ستارے کی ساعت میں ہو وہ ویسے تو نیک ہوگا۔ طبیعت میں بھی خوش ذوق ہوگا اس طالع والے عقلمند، دلیر ہوگا۔ اس کے دشمن بہت ہوں گے۔ چونکہ یہ عمارتیں بنانے میں حریص ہو گا۔ اپنی قوم کا سردار ہوگا۔ اگر یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے تو اسے مشرق کا سفر نصیب ہوگا یہ سفر اس کے لئے نیک ثابت ہوگا۔ عورتوں کے سلسلے میں خوش نصیب ہو گا۔ اگر وہ ایسی خاتون کو اپنی شریک حیات بنائے جس کا طالع برج قوس یا حمل ہو وہ اس کی زندگی میں خوشگوار ثابت ہوگی۔ اس کے بازو یا پشت یا پیشانی پر خال ہو تو یہ دولت مندی کی نشانی ہے لوگوں کی نظروں میں وقار رہے گا۔ پر تعلیم حاصل کرنے میں تیزی اختیار کرے گا لیکن یہ کس قدر تعلیم حاصل کرے گا اس کے بارے میں کچھ کہنا بیکار ہے۔ اگر یہ کوئی کام شروع کرنا چاہے تو مہینہ کے ابتدائی دنوں میں کرے، کامیاب رہے گا۔ اس کے بھائیوں، خوشیوں کا خانہ جدی ہے۔ وہ اس سے پہلے اس وار فانی کو الوداع کہیں گے۔ اور ان کی میراث اسے ملے گی۔ اپنے بیٹوں سے خوشی دیکھے گا۔ چار عورتیں اس کی زندگی میں آئیں

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

گی۔ ان چار بیوؤں میں سے ایک شریک زندگی سے اسے دولت ملے گی۔ بیماریوں میں اس کا خانہ ثور ہے۔ اسے دانتوں اور سر درد کی شکایت رہے گی۔ اسے نظر بھی لگنے کا خطرہ ہے۔ اور مخفی قوت دیو پری سے بھی اذیت کا خطرہ ہے۔ اسے چاہیے اللہ تبارک تعالیٰ کو خوب ہر لمحے یاد کرے، چونکہ اس کی موت کا خانہ سرطان ہے۔ جو یہ بتاتا ہے، تیرہ ماہ بیماری کی اذیت کے بعد زندگی سے جدا ہوگا۔ اس کا طالع کی نحوست کی مدت دو سال سے بارہ یا بیس سال ہوگی۔ جب اس خطرے سے گزر جائے تو کم از کم اسی سال زندگی کے رنگوں سے لطف اندوز رہے گا۔ اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

برج قوس اور خواتین..... جو صنف نازک اس برج کی ساعت میں پیدا ہوگی وہ نیک تو ہوگی لیکن رحم دل، محبت کرنے والی اور مہربان بھی ہوگی۔ اس کے بیٹے بہت ہوں گے یہ عورت کم از کم تین شوہروں کی میراث کھائے گی۔ اس کا دل عشق سے ہمشیہ لبریز رہے گا۔ وہ تیز رنگ کے کپڑے پہنے تو اس کے لئے بہتر رہیں گے۔ اس کے لئے مبارک دن جمعرات ہے۔ اس دن جو بھی کام کرے گی کامیاب رہے گی۔ اس پر جادو ٹونہ لوگ بہت کریں گے۔ جو اس پر جلد اثر ہوگا۔ اس لئے اسے احتیاط رکھنی ہوگی۔ پہلا شوہر اس کی طبیعت اور مزاج سے ہم رنگ نہیں ہوگا۔ وہ اس سے نا امید رہے گی۔ بیماری میں درد معدہ سے اذیت میں رہے گی۔ اس کے طالع کی نحوست ایک سال یا سات یا بارہ سال تک ہو سکتی ہے۔ جب وہ اس خطرے سے نکل جائے گی تو سو سال کی عمر تک زندگی کے دلکش رنگوں سے خود کو رنگتی رہے گی۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

JAHANZAIB
www.freeamliyaatbookspdf.com
Scanned with CamScanner

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام اکثر ملک شام میں اپنا دربار لگایا کرتے تھے۔ یہ نہ معلوم ہوسکا جب برج کے دیو کو اپنے دربار میں حاضری کا فرمان جاری فرمایا تو آپ شام کے دربار میں تھے یا یروشلم میں۔ بہر حال آج بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کا دربار اپنے پورے عروج وشان کے ساتھ رونق افروز تھا۔ اور قوس کے دیو کو طلب کیا گیا تھا۔ جو عین درمیان دربار کے ہال میں مودب کھڑا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے ملعون تیرا نام کیا ہے؟ اور تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟

دیو نے نہایت احترام وادب سے کہا۔ یا نبی اللہ... میرا نام جاہلیت ہے اور میری جگہ و مقام رواں پانی ہے۔ جو شخص اللہ تبارک تعالیٰ کا نام اپنی زبان پر نہ لائے اور اس کے پاس تعویز بھی نہ ہو تو میں اسے پریشان کرتا ہوں اور آفت میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ اس کی علامت یہ ہیں۔ سر درد، پہلو میں درد، کمر بھاری ہو جاتی ہے۔ مخالف ہوا شکم میں پیدا ہو گی.....

حضرت سلیمان علیہ السلام نے پھر فرمایا۔ اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

دیو نے اسی عاجزی سے کہا۔ یا نبی اللہ..... اس کا علاج یہ ہے گوسفند یا سرخ مرغ کو ذبح کرے اور اس کے رنگ سے یہ تعویز لکھے۔ اس کے ساتھ صدقہ بھی دے۔ یعنی دو من نان آدھ سیر نمک اور دو گز کپڑا سوا پاؤ روغن کسی غریب و مسکین کو دے۔ تعویز لکھتے وقت مشک کی دھونی دے۔ اور اسے موم جامہ کر کے گلے میں پہنے۔ اللہ تبارک تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ تمام پریشانیوں، بلاؤں، آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

تعویز یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿یاوالی ابواد کا شفا ویبحطا فالوانی یا

واصف عن بحق محمد مصطفےٰ اسألک

بحق توماداہ زبور انجیل و فرقان

العظیم﴾

ا ا ۲ ا ۷۹ ا ا ء ط و ہ ی و ی ا ا لا ا ا و ء د و

ا ب د ا ح و ا ۹ ا د

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner



برج جدی اور اس کی خصوصیات

یہ برج خاکی اور مادہ ہے نشان اس کا زحل ہے۔ یہ حضرت یوسف علیہ السلام سے منسوب ہے۔ اس کی روشنی فارس کی سرزمین کو روشن رکھتی ہے۔ جو شخص اس برج کی ساعتوں میں پیدا ہوگا۔ وہ نہایت نیک خو اور نیک ہوگا۔ یہ چابک سوار نہایت پرہیزگار بادشاہوں سے بہرہ ور ہوگا۔ یہ پرہیزگار منافقت سے نفرت کرنے والا ہوگا۔ ممکن ہے زاہد و متقی ہو۔ چونکہ اس کی خصوصیات یہی پائی جاتی ہیں۔ یہ سفر اختیار کرے تو اسے فائدہ حاصل ہوگا سفر کو جائے تو پیر کے دن جائے اس کے لئے کامیاب و نیک ہوگا۔ اس کے نکاح میں بہت عورتیں آئیں گی۔ البتہ اپنے فرزندوں سے رنج اٹھائے گا۔ بزرگوں کے پاس جائے تو دائیں ہاتھ کھڑا رہے تاکہ اس کی مراد پوری ہو۔ اگر خواب میں پیغمبر علیہ السلام کو دیکھے خوش قسمت ہے۔ یقیناً یہ خواب اس کی زندگی کو ضرور رونق بخشے گا۔ اگر نیا چاند دیکھے تو صنف نازک پر نظر ڈالے یہ اس کے لئے مبارک علامت ہوگی۔ وہ جس سے نیکی کرے گا وہ اس سے بے وفائی کرے گا۔ بیماریوں میں چھوٹی موٹی عام بیماریاں اسے پریشان رکھیں گی۔ لیکن بڑی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ اس کے طالع کی نحوست کی مدت دو سال،

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks AHANZAIB

Scanned with CamScanner

سات سال ممکن ہے یہ چالیس بھی ہوسکتی ہے۔ جب وہ اس خطرے سے نکل جائے گا تو کم سے کم سو سال کی عمر پائے گا۔ دیو پری سے اسے دکھ پہنچے گا اس لئے اسے چاہئے کہ بغیر تعویز کے ہرگز نہ رہے۔ اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

برج جدی اور خواتین

....جن صنف نازک کی پیدائش اس برج کی ساعتوں میں ہوگی۔ وہ نیک رو تو ہوگی لیکن اس کے ساتھ چند برائیاں بھی اس کی عادت کا حاصل ہوں گی۔ طبیعت بھی نیک ہوگی۔ نیکی کو پسند کرنے والی، صدقہ خیرات کرنے والی، فکر کرنے والی دانا و عقلمند.....لیکن اس کے سوا لوگ اس کی طبیعت و مزاج کے سبب فائدہ اٹھائیں گے۔ ہاں باتونی زیادہ ہوگی۔ اگر یہ نیا چاند دیکھے تو اسے چاہیے چاند کو پیار بھری اور بھرپور نظر سے دیکھے۔ اس برج سے تعلق رکھنے والی خاتون سے نکاح کرنے والے مرد کو یا اس کسی کو غیر دانستہ طور تو تکلیف ہوسکتی ہے۔ لیکن دانستہ طور پر وہ کبھی کسی کو تکلیف نہیں پہنچائے گی۔ بیماریوں میں دردسر، درد پشت اور معدے کے امراض سے پریشان رہے گی۔ کان کا درد بھی اذیت دے گا۔ اسے چاہئے کہ روغن بنفشہ کان میں ڈالے، اس سے اسے استفادہ حاصل رہے گا۔ اسے نظر بد و دیو پری سے خطرہ رہے گا۔ اسے چاہئے تعویز کو ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔ اس برج کی نحوست کی مدت تین سال ہوگی۔ جب وہ اس خطرے سے نکل جائے گی تو اس کی عمر ستر سال تک ہوگی اور وہ زندگی کے آخری لمحوں تک دیکھے گی۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے بڑے بڑے سرکش جن و دیو لرزاں بر اندام رہتے تھے۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے ایسی ایسی نعمتوں سے آپ کو سرفراز فرمایا تھا کہ چاند ستارے رشک کیا کرتے تھے۔ چاند کی کرنیں والہانہ انداز میں آپ کے محل کی در و دیوار سے لپٹی رہتی تھیں۔ اس وقت اللہ تبارک تعالیٰ کا یہ برگزیدہ بندہ اور دنیا کا عظیم بادشاہ اپنے شاہی تخت پر رونق افروز تھا۔ جب کہ جدی کا دیو ہاتھ باندھے مجرم کی طرح کھڑا تھا۔ عمائدین سلطنت سے دربار بھرا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے صرف اک طائرانہ نظر اس دیو پر ڈالی اور فرمایا..... اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تیرا مقام اور جگہ کہاں ہے؟

حضرت سلیمان علیہ السلام کی آواز جونہی اس کی سماعت سے ٹکرائی، وہ ہمہ تن گوش ہوا "یا اللہ کے نبی... میرا نام بلجابت ہے اور جگہ میری چورستہ اور ویران مقام ہیں۔ جب کوئی شخص میری جگہ سے گزرتا ہے اور اللہ تبارک تعالیٰ کا نام نہیں لیتا اور اس کے پاس تعویز بھی نہیں ہوتا تو میں اسے اذیت میں مبتلا کر دیتا ہوں اور پریشان کرتا ہوں۔ اس کی علامت یہ ہیں۔ اسے کبھی کبھی اچانک خوف محسوس ہونے لگے گا۔ اور عجیب قسم کا ڈر اس کے وجود میں سرایت کرنے لگے گا۔ جس سبب اس کا وجود بے طرح لرزنے لگے گا۔ دل کو کسی پل سکون میسر نہیں ہوگا عجیب سی بے قراری رہے گی۔ کبھی شور مچانے لگے گا۔ شب و روز سر درد کی شکایت کرتا رہے گا....

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی بات سنی اور فرمایا..... اے ملعون اس کا علاج کیا ہے؟

دیو نے نہایت ادب سے کہا یا نبی اللہ..... اسے چاہئے کسی بھی یک رنگ گوسفند یا مرغ کو ذبح کرے اور اس کے رنگ سے تعویز لکھے۔ تعویز لکھتے وقت کوئی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

خوشبودار بخور ضرور روشن کرے۔ اور تین کنوؤں کا پانی لا کر اس شخص کو غسل کرایا جائے اور ساتھ یہ صدقہ بھی کرے دو من نان اور ایک سیر نمک، اور اس کے تن کا ایک جوڑا کپڑے کا دے۔ کسی صاحب بزرگ کی قبر پر تین چراغ روشن کرے اور تین علم رکھے تعویز کو مریض اپنے گلے میں پہنے۔ اللہ تبارک تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسے پریشانیوں بیماریوں سے صحت حاصل ہو جائے گی۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

تعویز یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿اھیا شراھیا وبحق کھیعص وبحق حٰمٓ عٓسٓقٓ لآ الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ و بحق قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد و لم یولد ولم یکن لہٗ کفوا احد بحق لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم.﴾

۱۴ ۴۱ ۵۵ ۴۰ ۹۱ لا ۱ لا ۱۱۱ ھ ھ ۱۱۱ھ ۶

۵۵۷۵ لا ۹۶۱۵۵ ۱۵۷۱۹ ۱۱۱ ح ۱۵ ۱۱۱ ۹۶ ۷۱

۱۱۷ ۱۱۱ ۱۱۱ ۵۷ ھ ۱۱۱۴ کھ ۱۶۱ ۱۵ ۱۶۱ و ۱۱۷ ط

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات مفت
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

برج دلو اور اس کی خصوصیات

اس برج کی ساعتوں میں پیدا ہونے والے شخص نیک اور نیک خو ہوگا۔ یہ ستارہ باوی خانہ زحل ہے۔ یہ حضرت شعیب علیہ السلام سے منسوب ہے۔ اس کی چمک دمک چین کی سرزمین کو روشن رکھتی ہے۔ اس برج کی ساعت میں پیدا ہونے والے شخص عمر دراز ہوتے ہیں۔ یہ نہایت رحم دل اور سچی بات کہنے والا ہوگا۔ اپنے قربت داروں سے اسے خوشی حاصل ہو گی۔ بزرگوں کے پاس جائے تو دائیں طرف کھڑا ہو۔ اس کی آرزو ضرور پوری ہو گی۔ جب نیا چاند دیکھے تو اپنے فرزندوں پر نظر ڈالے۔ یہ اس کے لئے مبارک فعل ہوگا۔ اپنی آخری عمر میں اللہ تبارک تعالیٰ کے گھر بیت اللہ شریف کا طواف کرے گا اور فرضیہ حج سے اپنی زندگی کو روشن کرے گا۔ بیماریوں میں سردی خشکی سے بیماری ہو گی اور درد شقیقہ سے پریشان و اذیت میں مبتلا رہے گا۔ خوشبو اچھی چیز ہے لیکن اسے چاہے خوشبو سے پرہیز رکھے۔ اسے دیو، پری سے خطرہ ہوگا۔ اس کے طالع کے نحوست کے دو سال سے نو سال ہیں۔ اگر وہ اس سے نکل گیا تو طویل عمر پائے گا.... اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

برج دلو اور خواتین

اس ساعتوں میں پیدا ہونے والی صنف نازک نیک طبیعت اور نیک مزاج ہوگی۔ اس کی کشش انگیز شخصیت کچھ اس طرح ہوگی، دراز قد، دور اندیشی، تنگ دہن، باریک مو چہرہ، خوور نگ، بزرگ چشم ہوگی۔ یہ اس برج کی خصوصیات میں ہے کہ یہ تین خاوند کی جائیداد کی مالک بنے گی۔ اس کے لئے اتوار کا روز مبارک ہے۔ اس دن جو بھی کام کرے گی کامیاب رہے گی۔ فرزند اس کے دولت مند ہوں گے۔ یہ ہمیشہ گناہ سے پرہیز کرے گی۔ بیماریوں میں درد شکم سے اذیت میں رہے گی۔ چاند دیکھے تو اپنی ہم جنس پر نظر ڈالے یہ اس کے لئے مبارک فعال ہے۔ اسے ویسے تو سرخ کپڑا پہنا چاہئے لیکن دیگر ..... بھڑکیلے رنگ کے کپڑے اسے اچھے لگیں گے، دیو، پری سے اسے خطرہ رہے گا۔ اور نظر بد یعنی نظر لگنے سے پریشانی ہوسکتی ہے۔ اس طالع کی نحوست تقریباً چھ سال ہے۔ جب وہ اس سے باہر نکل آئے گی تو ستر اسی سال زندگی کی بہاروں سے رنگ سمیٹے گی، اللہ ہی قوت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کا دربار پابندی سے روزانہ لگتا تھا۔ اللہ تبارک تعالیٰ

Scanned with CamScanner

نے حکمرانی کے جو فرائض آپ کو سونپے تھے۔ وہ اللہ تبارک تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے مطابق انجام دے رہے تھے۔ فریادی فریاد لے کر آتے اور خوشیوں سے دامن بھر کے جاتے۔ یہی وجہ تھی کہ آپ کے دربار میں ہر شخص کو باریابی کی اجازت تھی۔ اور ملک خوش حال تھا۔ آج بھی ہمیشہ کی طرح دربار لگا تھا۔ اور برج دلوکا دیو حاضر خدمت تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تیری جگہ و مقام کہاں ہے؟

دیو نے نہایت ادب و احترام سے پہلے سلام کیا اور پھر بولا، یا نبی اللہ میرا نام برجان ہے میرا مقام اور جگہ چوراستہ اور ویران جگہیں ہیں۔ جو شخص میری جگہ سے گزرتا ہے اور اللہ کا نام نہیں لیتا اور تعویز بھی اس کے پاس نہیں ہوتا ہے تو میں اسے پریشان کرتا ہوں اور مختلف اذیتوں سے ہمکنار کر دیتا ہوں۔ جس کی علامت یہ ہیں۔ اسے اکثر ڈر لگتا رہے گا خوف اس کے رگ و پے میں لرزہ طاری کرتا رہے گا۔ دل کو کسی طور سکون میسر نہیں آئے گا۔ بے قرار، بے آرام، ویرانوں میں ہوا کے شور کی طرح اس کے وجود کی عمارت میں خوف پیدا کرتا رہے گا۔ اس کے ساتھ دل میں سوزش اور قے کی شکایت رہے گی۔ شب و روز سر درد میں مبتلا رہے گا.....

اس دیو کے خاموش ہوتے ہی حضرت سلیمان علیہ السلام نے سخت لہجے میں فرمایا۔ اے ملعون اس کا علاج کیا ہے، تفصیل سے بتا.....؟

دیو نے آپ کے حکم کی فوراً تعمیل کرتے ہوئے کہا۔ ایک رنگ کا گوسفند یا مرغ کو ذبح کر کے اس کے رنگ سے تعویز لکھے۔ لیکن اس سے پہلے صدقہ کسی غریب، مسکین کو دے۔ ایک من آٹا، پانچ سیر نمک اور ایک گز کپڑا کسی صاحب بزرگ کی قبر پر ایک چراغ روشن کرے اور علم رکھے۔ تعویز لکھتے وقت خوشبودار بخور روشن رکھے۔ اور اس تعویز کو موم جامہ کر کے گلے میں پہنے۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پہ قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks AHANZAIB

Scanned with CamScanner

تعویز یہ ہے۔

﴿بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم افحسبتم انما خلقنکم عبثاو انکم الینا لا ترجعون اھیا بحق توراۃ و انجیل و زبور و فرقان العظیم.﴾

۱	۱۳	۱۴	۱۱۹	۱۱۴	۱۱۱۹	۱۹	۱۱۱	۶ و	۷۰ ۹
۱۱۴۱	۱۰ھ	۱۱۱۹	۱۱۹	۴۲۵۷	۶ لعـ	۱۱ و ۱۱ھ	۱۱	۷۹	و ۱۱۹ ۱۱۹

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

برج حوت اور اس کی خصوصیات

یہ ستارہ آبی و بادی دونوں خصوصیات کا حامل ہے خانہ اس کا مشتری ہے اور یہ حضرت سلیمان علیہ السلام سے منسوب ہے۔ جو شخص اس برج کے وقت پیدا ہوا ہوگا۔ وہ شخص نیک رو اور نیک خو ہوگا۔ یہی نہیں بلکہ پاکیزہ خیالات کا مالک ہوگا۔ اہل علم کو ہمیشہ دوست رکھے گا۔ خود بھی ہنر مند ہوگا۔ صدقہ اور خیرات میں ہمیشہ کوشش کرے گا کہ زیادہ سے زیادہ دے۔ اس کے ساتھ اس میں برائی بھی ہوگی وہ دروغ گو اور بد دیانت ہوگا۔ بہت خیانت کرے گا۔ اگر وہ شادی کرنا چاہتا ہے تو پنج شنبہ کے دن کرے، خواہ نکاح ہی ہو۔ یہ اس کے لئے نیک ثابت ہوگی۔ تجارت میں فائدہ حاصل رہے گا۔ اگر چاند دیکھے تو اپنے فرزند کو دیکھے یہ اس کے لئے مبارک ہے۔ اگر بزرگوں کے پاس جائے تو ہمیشہ دائیں طرف کھڑا ہو۔ وہ جس کام کے لئے گیا ہوگا پورا ہوگا۔ یہ نہایت چالاک قسم کا ہوگا، جب وہ اپنی عمر کے انیس سال میں ہوگا تو عجب نہیں تو وہ اپنی قوم کا حکمران بن جائے، حکمرانی کرے، اس کے لئے سفید رنگ بہتر ہے۔ اسے چاہئے اس رنگ کے ہی کپڑے پہنے۔

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

خواب میں پیغمبر علیہ السلام کو دیکھے گا۔ بیماریوں میں دردمعدہ، دردشکم، دردپہلو اس کے لئے اذیت کا باعث رہیں گے۔ پانی و آگ دونوں اس کے لئے خطرناک ہیں۔ اس لئے ان سے ہمیشہ پرہیز رکھے۔ دیو پری کی نظر نہ لگے اور آفت سے محفوظ رہے۔ اسے بیماری بہت اذیت دے گی۔ اسے چاہئے کہ ہمیشہ تعویز اپنے پاس رکھے۔ بغیر تعویز کے کبھی نہ رہے۔ اس کے طالع کی نحوست دو سے چالیس سال تک ہوسکتی ہے۔ جب وہ اس خطرے سے نکل جائے گا تو تقریباً اسی سال زندگی سے خوب لطف اٹھائے گا۔ اللہ ہی قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

برج حوت اور خواتین..... جو مخالف جنس مرد کے اس برج کی ساعتوں میں پیدا ہوئی ہوگی۔ وہ کشادہ ابرو، خوش خلق، ہمیشہ دنیا کی رنگینوں میں کھوئی رہنے والی ہوگی۔ وہ کسی کو بھی دوست رکھنے میں دریغ نہیں کرے گی۔ اس کا دل ہمیشہ عشق و محبت کے رنگوں سے سجا رہے گا۔ عبادت کے معاملے میں لاپرواہ ہوگی چونکہ یہ بے باک بھی ہوگی اور خوبصورت بھی تو اس پر جادو ٹونہ بھی لوگ بہت کریں گے۔ اسے احتیاط رکھنی چاہئے۔ خاص طور پر اس آدمی سے جو اس کے قریب ہی ہوگا۔ چھوٹے قد، اور سبز رنگت مائل، اسے اس سے خوف کھانا چاہئے، یہ اس کی بربادی کی علامت ہوگا۔ اگر نیا چاند دیکھے تو قرآن کریم کی زیارت کرے۔ یہ اس کے لئے بہتر ہے۔ یہ کبھی خالی ہاتھ نہیں رہے گی۔ مگر خواب میں پریشانیاں نظر آئیں گی۔ بھولنے کی عادت ہوگی۔ اس پر دیو پری کا سایہ رہے گا۔ اس لئے اسے چاہئے بغیر تعویز کے ہرگز نہ رہے۔ اس کے طالع کی نحوست کی مدت چھ سال سے گیارہ سال ہے۔ جب وہ اس مرحلے سے گزر جائے گی تو اس کی عمر نوے پچانوے سال تک ہو سکتی ہے۔ اللہ قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

دیونامہ

حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے زرنگار تخت پر اپنی پوری شان وشوکت کے ساتھ رونق افروز تھے۔ آج عمائدین سلطنت و روساء شہر کے سوا پرندے بھی دربار میں موجود تھے۔ جن، پریاں تو اس دربار کی رونق تھے ہی، مگر آج تو جنگل کے باسی بھی اپنے بادشاہ کی قدم بوسی کے لئے حاضر ہوئے تھے۔ مگر حضرت سلیمان علیہ السلام نے آج جس دیو کو خصوصی طور پر دربار میں طلب فرمایا تھا۔ وہ اس وقت تمام اہل دربار کی نگاہوں کا مرکز تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے پورے دربار پر اک نظر ڈالی اور آپ کی آواز فضا میں تیرتی چلی گئی.... ''اے ملعون تیرا نام کیا ہے اور تیری جگہ اور مقام کہاں ہے؟''

حوت کے دیو نے نہایت مودب لہجے میں سر جھکا کر کہا۔ یا نبی اللہ... میرا نام کال مہما ہے اور میری جگہ اور مقام گھروں میں رہنا ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے اور اس کے پاس تعویز بھی نہ ہو تو میں اسے پریشان کرتا ہوں مختلف قسم کی اذیتیں دیتا ہوں، میرے ضرر کی علامتیں یہ ہیں۔ سر درد، ہڈیوں کا درد، ہوتا رہتا ہے اور کبھی کبھی اس کی اذیت سے بے ہوش بھی ہو جاتا ہے۔ یعنی اس کی زندگی عذاب بن جاتی ہے۔

''اے ملعون اس کا علاج کیا ہے، جلدی بتا.....''

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

حضرت سلیمان علیہ السلام کے فرمانے پر اس نے ایک بار پھر اپنی زبان کو گردش دی اس کی آواز دربار میں مترشح ہوئی۔ یا نبی اللہ ایک بکری سیاہ یا سیاہ مرغ لے کر اسے ذبح کرے اور اس کے رنگ سے تعویز لکھے۔ لیکن تعویز لکھتے وقت کوئی خوشبودار بخور مثلاً عود و عنبر ضرور جلائے۔ اس کے ساتھ صدقہ بھی دے چار من غذا، ایک سیر نمک کسی غریب و مسکین کو دے اور آب رواں پر ایک چراغ روشن کرے اور دو علم رکھے۔ اور تعویز کو موم جامہ کر کے گلے میں پہنے۔ اللہ تبارک تعالیٰ اس پر اپنا فضل و کرم فرمائے گا اور وہ تمام آفت سے محفوظ رکھے گا۔ اللہ قوت والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

تعویز یہ ہے۔

﴿بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. بسم اللّٰہ الملک الحق المبین لآ الٰہ الآ انت العلی العظیم ما شآء اللّٰہ کان و مالم یشآء یکن اعلم ان اللّٰہ علی کل شی ء قدیر اعلم ان محمد اعبدہٗ و رسولہٗ برحمتک یا ارحم الراحمین و بحق اھیاً و شراھیاً.﴾

۱۱ ۱۱ ۹۹۹ ۴۷ ۲۱ ۱۱ ۹ لو للّی ۱۱۰

WWW.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

ہمراز خبر رساں

اکثر حضرات عمل ہمراز کرتے ہیں، اسے تسخیر کرنے کے لئے چلّے بھی کرتے ہیں۔ لیکن پرچھائیوں کے مہمان ہوتے ہی خوف زدہ ہوجاتے ہیں۔ اور اس طرح عمل ادھورا رہ جاتا ہے۔ لیکن ہم یہاں جو عمل تحریر کر رہے ہیں اسے تھوڑی سی محنت سے ہر شخص جو عملیات سے تعلق رکھتا ہے آسانی بغیر خوف و دہشت کے کر سکتا ہے۔ چونکہ یہ صرف خواب میں نظر آتا ہے لیکن یہ آپ کا کوئی کام نہیں کرے گا، ماسوائے آپ جس کے متعلق دریافت کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے بارے میں آپ کو تمام اطلاع فراہم کرے گا۔ یہ ایک بہترین عمل ہے۔ لیکن آپ سے ایک بار پھر عرض کر دیں کہ یقین کامل اور رجوع اللہ تبارک تعالیٰ سے ہی یہ ممکن ہے۔

اس عمل کو شروع کرتے وقت کسی جنتری سے دیکھ لیں اگر آپ علم نجوم سے آگاہ ہیں اور کچھ آگاہی رکھتے ہیں تو خود معلوم کر لیں، اس وقت ساعت عطارد ہو اور روز عطارد مشتری قرآن کا ہو.... اسی قرآن کی ساعت میں مندرجہ ذیل عزیمت لکھے۔ لیکن اس عزیمت..... یعنی الگ الگ حروف کر کے ایک وسیع کاغذ پاکیزہ پر لکھے۔

اس عزیمت کو سات بار سات الگ الگ کاغذوں پر تحریر کریں۔ اب جو اول کاغذ اول عزیمت آپ نے لکھی ہے۔ اسے کسی کپڑے کی بڑی پٹی کے ساتھ باندھ لیں۔ اور اسے سینے کے بائیں طرف یعنی بائیں پستان سے دو انگل نیچے بائیں پہلو کی طرف.... عموماً جہاں بازو رہتا ہے..... جب کہ دوسری بسط کو ایک سیاہ رنگ کپڑے سے پٹی کاٹ لیں اور اس میں ان دونوں بسط کو ایک دوسرے سے اس قدر فاصلے پر رکھیں کہ آپ کی دونوں

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

آنکھوں پر چشمے کے گلاس کی طرح آجائیں۔ اگر آپ چاہیں تو کچھ کپڑے کی پٹی کاٹ کر سلائی بھی کرواسکتے ہیں۔ اس سے زیادہ محفوظ رہے گا۔ اور دیگر چاروں بسط کو بھی اچھی طرح کپڑے میں باندھ لیں۔ اور ان کو جب سب سو جائیں۔ اور آپ اپنے کمرے میں جو کہ آپ نے اپنے لئے مخصوص کر رکھا ہے۔ اس میں اپنی چارپائی کے چاروں پائیوں کے ساتھ باندھ دیں۔ اور خود وہ پٹی جو کہ سینے پر باندھنی ہے اسے دل پر. ندھ کر قبلہ رخ ہو کر آنکھوں پر پہلے سے تیار کردہ پٹی باندھ کر لیٹ جائیں۔ اب اپنے سوچنے اور تصور کی تمام قوت کو جمع کرنا شروع کریں۔ اور تصور کریں جہاں نقش بندھا ہوا ہے۔ وہاں دل میں کچھ داخل ہو رہا ہے۔ اس تصور کو قوت دیں۔ یہ آپ کی سوچ اور قوت یقین سے ہی ممکن ہو سکے گی۔ صرف اپنے یقین کو بھرپور قوت دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ اپنی تھوڑی سی کوشش سے کامیاب ہو جائیں گے۔ آپ صرف اپنے تصور کی قوت سے یہ محسوس کریں کہ کچھ آمد ہو رہی ہے، جہاں نقش بندھا ہوا ہے وہاں کچھ داخل ہو رہا ہے۔ اس لمحے نور کے تصور کو خیال کی قوت دیں۔ انشاء اللہ قدرتی تجلیات سے روشنی پھیلنے لگے گی۔ جب آپ یہ محسوس کریں کہ خیال نے روشنی کی آمد کو خوش آمدید کہنا شروع کر دیا ہے۔ اس میں پندرہ سے بیس منٹ صرف ہوں گے۔ اب آپ جو آنکھوں پر اپنے پٹی باندھ رکھی ہے اسے مزید کس کر مضبوطی سے باندھیں۔ اس قدر کہ آنکھیں درد سے سسکیاں لینے لگیں۔ لیکن اس قدر بھی نہیں کہ اذیت آپ کے عمل پر حاوی ہو جائے۔ جتنی مناسب برداشت و گرفت کر سکیں آپ ہمارا مقصد سمجھ گئے ہوں گے۔ اب کوشش کریں۔ ان بند آنکھوں سے روشنی کی کرنوں کو دیکھیں۔ اندھیرے میں اپنی تمام اندرونی قوت بصارت کو مرکوز کر دیں۔ جب روشنی اور اندھیرے کی آنکھ مچولیاں ختم ہو جائیں۔ اور ذہن پرسکون و یک سو ہو جائے تو اس تصور کو قوت کے ساتھ اندھیرے میں دیکھتے ہوئے سو جائیں..... اس عمل کو تواتر سے روزانہ کرنا ہوگا۔ ہم اس کی مکمل مدت عمل تو نہیں بتا سکتے ہیں۔ یہ عامل پر منحصر ہے اس کی قوت خیال جس قدر قوت بخش ہوگی وہ اتنی جلد کامیابی حاصل کرے گا۔ ویسے یہ عمل اکیس روز کا ہے۔ ممکن ہے آپ ایک ہفتے میں اپنے یقین اور قوت خیال سے کامیابی حاصل کر لیں، اب جو کچھ کرنا ہے آپ

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned with CamScanner

نے کرنا ہے۔ آپ اپنے خیال کو جس قدر طاقت ور بنائیں گے، عمل کی مدت اس قدر مختصر ہو جائے گی۔ جن حضرات کی قوت خیال اور یقین کی قوت بھرپور ہوتی ہے۔ ان کی ایک ہفتے بعد ہی ملاقاتیں ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ اب آپ کو جو کچھ معلوم کرنا ہے۔ رات کو اس ارادے کے ساتھ، سوالات کے ساتھ سو جائیں، وہ خواب میں حاضر ہو کر آپ کے ہر سوال کا جواب دے دیا کرے گا۔ اللہ ہی حکمت والا ہر چیز پر قادر ہے۔

﴿عزیمت﴾ ﴿عزمت علیکم یامعشر الجن والانس والارواح بحق حضرت سلیمان علیہ السلام بن دائود علیہ السلام احضرو احضرو احضرو یا قوم همزاد حاضر شو بحق یا حئی یا قیوم بسم برحمتک یا الرحم الرحمین﴾

عرض ہے عمل کو شروع کرنے سے پہلے اس کے طریقہ کار کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ اور ہم نے ابتدائی صفحات میں جو قوائد و قانون، حکمت باری تعالیٰ تحریر کی ہیں۔ اسے اچھی طرح مطالعہ کرنے کے بعد عمل کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اللہ ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

جنات و آسیب زدہ

جس شخص پر آسیب یا جنات کا سایہ ہو، اور آپ جنات یا آسیب کو حاضر کرنا چاہتے ہوں، اس کے لئے آپ کو تیاری کرنی ہوگی۔ خود کو اس عمل کے لئے تیار کرنا ہوگا۔ لیکن اس عمل کو وہ کرے جو پہلے عملیات کر چکا ہو خواہ وہ کسی بھی نوعیت کے ہوں۔ کسی آیت مبارک یا اسم پاک کا وہ عامل ہو۔ ورنہ ایسے آپ ہرگز نہ کریں۔ جب آپ نے ابتدائی ہی میں کچھ نہیں کیا تو آپ خود ہی سوچئے اس مخلوق کی دہشت کیسے برداشت کر پائیں گے خود تو نقصان اٹھائیں گے۔ مریض کو بھی پریشان کریں گے۔ پہلے کسی باعمل عامل سے عملیات کے اسرار و رموز سے آگاہی حاصل کیجئے، کسی بزرگ کی خدمت میں خود کو مصروف رکھیں۔ اور اللہ تبارک تعالیٰ کے فرائض کی ادائیگی پابندی سے ادا کیجئے۔ پھر اس طرف راغب ہوں۔ اس کا طریقہ یہ ہے.... کسی بھی ماہ میں ماسوائے محرم کے اول جمعرات یعنی نو چندی سے یہ عمل شروع کریں۔ جگہ اور پرہیز کے مطابق ہم پہلے تحریر کر چکے ہیں۔ یعنی پرہیز جلالی و جمالی دونوں اختیار کرنے ہوں گے۔ یہ سات سے اکیس دن کا عمل ہے۔ اگر آپ قوت خیال، اور یقین کامل کے ساتھ کریں اور عبادت الٰہی سے کسی بھی لمحہ غفلت نہ برتیں تو سات روز ہی میں کامیابی انشاء اللہ حاصل ہوگی۔ جس روز شروع کریں اس دن کسی صاحب کمالات، عاشق رسول کے مزار پر حاضری دیں۔ اپنا مدعا عاجزی سے بیان کریں۔ اور کامیابی کے لئے درخواست کریں۔ اور غریبوں میں کھانا تقسیم کریں۔ زیادہ حیثیت نہیں ہے تو صرف تین آدمیوں کو ہی کھانا کھلائیں۔ اور پھر حضرت سلیمان علیہ السلام کی فاتحہ دے کر بعد نماز عشاء اپنی جگہ پر باوضو مندرجہ ذیل عزیمت کو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے درمیان پڑھتے رہیں اس کی تعداد مقرر نہیں ہے۔ البتہ آپ اندازاً تین گھنٹے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

پڑھیں۔اور آخر میں مندرجہ ذیل نیاز دے کر عمل ختم کریں۔یہ فاتحہ آپ اول جمعرات اور پھر درمیان میں جو بھی جمعرات آئے گی اس روز دیں شرینی پر یہ فاتحہ آپ کے عمل میں فضل ورحمت کی باعث ہو گی۔وہ یہ ہے. فاتحہ، حاتم المرسلین حضرت محمد صلی اللہ والہ وسلم، بادشاہ جنات علامہ شیران اعظم، سلیمان اعظم علماہ فانوس، علامہ خیبر، علامہ شمن، علامہ ظہیری، علامہ نجندی....ان کے نام کے ساتھ فاتحہ دیں۔

ویسے تو آپ سات روز میں اس کے عامل ہو جائیں گے۔لیکن اکیس روز کر لیں تو آپ کو مضبوطی مل جائیں گے اور ممکن ہے شرف ملاقات بھی حاصل ہو جائے۔

اکیس روز کے بعد آپ اس عزیمت سے کام لے سکتے ہیں۔اس کا طریقہ یوں ہے کہ پہلے آپ مندرجہ ذیل فاتحہ دیں۔آسیب زدہ کے وجود پر خوشبویات لگائیں، اور عزیمت پڑھ کر اس پر دم کریں اور ساتھ ہی فلیتہ روشن کریں۔آپ کے اس عمل سے لمحے بعد ہی جن یا آسیب حاضر ہو گا۔ آپ کو گھبرانے کی قطعی ضرورت نہیں۔یہ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔چونکہ یہ عزیمت آپ کے قلب میں روشن ہے۔عزیمت کو تواتر سے پڑھیں اور دم کرتے رہیں۔فلیتہ سرسوں کے تیل میں روشن کریں۔آسیب یا جن کے حاضر ہونے پر آپ اس سے سوالات کر سکتے ہیں....ایک بار پھر آپ سے عرض کریں گھبرانے کی قطعی ضرورت نہیں۔اگر آپ پہلی بار کر رہے ہیں تو اپنے استاد سے اجازت لے کر کریں یا صاحب مزار سے سرپرستی کی درخواست کے بعد کریں..ہو سکے تو اپنے اطراف احصار کھینچ لیں۔

نمرود	فرعون	ھامان	شداد
شداد	نمرود	فرعون	نمرود
فرعون	شداد عاد	شداد عاد	ھامان

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

عزیمت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

عَزُمت علیکم و اقسمت علیکم یا عبدالرحمان یا عبد الصمد یا عبد الواحد بحق حضرت میر محی الدین ابو محمد عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اجب یا جبرائیل اجب یا دردائیل اجب یا اقسمائیل اجب یا تنکفیل بحق یابدوح حمنا حمنا و اشیا بحق لا الہ الااللہ محمد رسول اللہ و بحق سلیمان علیہ السلام حاضر شو حاضر شو

www.freeamliyaatbookspot.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB
Scanned with CamScanner

یہ بحر خار گلستان بھی ھے۔

شروع اللہ جل شانہٗ کے مبارک و بابرکت، قوت عظیم کے نام سے، جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ میری ہر سانس اس کے رحم و کرم کی محتاج، سجدہ سجدہ ہے، ہر علم کی تجلیات و قوت اس کی خوش نودی کے لئے عاجزی میں ہے۔ ہر کام کو شروع کرنے سے پہلے رب کو راضی کرنا ہی کامیابی ہے۔ جو سفر برسوں کا ہو۔ اگر ہوا آپ کے لئے سواری بن جائے تو یہ سفر لمحوں میں طے ہو سکتا ہے۔ یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ اگر آپ اپنے ذہن، اپنے قلب، اپنے دل سے آلودگی کو نکال دیں، اور اللہ جل شانہٗ کے عاجز بندے بن جائیں، عبادت الٰہی کو شوق و عشق کا درجہ دے دیں، در مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاک سے وضو کریں اور سرزمین کربلا پر بکھرے ہوئے اک اک نور اک اک قطرے کو اپنی محبت و اپنی عقیدت بنائیں۔ جس طرح ان عظیم بندوں نے اللہ تبارک تعالیٰ سے اظہار بندگی و وفا کیا تھا، ایک عرض کرتے چلیں۔ آپ کسی بھی فرقے، کسی بھی فقے سے تعلق رکھتے ہوں آپ سے التجا ہے، کسی بھی اللہ تبارک تعالیٰ کے برگزیدہ بندے کو آلودہ نظروں سے نہ دیکھیں اور نہ ہی قلب میں کوئی میل لائیں، جس سے اللہ تبارک تعالیٰ محبت رکھتا ہو۔ اور میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے ہوں، یہ ہماری بدبختی ہوگی کہ ہم ان کی عظمتوں سے منکر ہو کر اپنے ذہنوں کو آلودہ کریں، اور جہنم کے شعلوں کو اپنا مقدر بنالیں۔ عقلمندوں کے لئے اشارہ ہی کافی ہے۔ ہم اس سے زیادہ کچھ نہیں کہیں گے۔ اللہ تبارک تعالیٰ آپ کو اور تمام اہل

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

ایمان کو نفرت، تعصب کی گندگی سے محفوظ رکھے۔ ہمیں آپ سب کو اللہ تبارک تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اپنی رحمت سے اور اہل بیت اپنی محبت سے نوازیں۔ آمین۔

جیسا کہ ہم نے ابتداء میں عنوان رقم کیا ہے، یہ بحر خار گلستان بھی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ آپ اگر چاہیں تو اس پر خار کو گلستان بنا سکتے ہیں۔ خود بھی اپنی سانسوں کو خوشبو سے معطر کر سکتے ہیں، دور دور تک پھیلے اس دکھ درد کے صحرا کو خوشیاں دے سکتے ہیں جو عملیات ہم بیان و تحریر کر رہے ہیں ان سے آپ قوت حاصل کر کے امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو صراط مستقیم بھی دیکھا سکتے ہیں اور ان کے دکھ و پریشانی میں ان کی مدد بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اس جذبے کے ساتھ ان عملیات کو کریں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت سے ضرور کامیاب ہوں گے۔ اک بار پھر آپ سے عرض ہے، جس سے اللہ محبت رکھتا ہے، جس سے میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم محبت رکھتے ہیں آپ بھی ان سے اپنی محبت اور عقیدت کا بھرپور اظہار کریں۔

یہی آپ کی اور ہماری کامیابی ہے۔

JAHANZAIB

Scanned with CamScanner

علمی و مفید کتابیں















www.freeamliyaatbooks.blogspot.com

لبیک پبلیکیشنز کراچی

Scanned with CamScanner